★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 266 بروز بدھ 24 جون 2026ء 8 محرم الحرام 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

چمن میں نجی بینک کے ملازم نے خودکشی کر لی

کوئٹہ (آن لائن) چمن میں نجی بینک کے ملازم نے خودکشی کر لی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے سرحدی شہر چمن میں واقع نجی بینک کے ملازم نے اپنے آپ کو گولی مار کر خودکشی کر لی نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا۔

ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (آن لائن) ایرانی وزیر خارجہ سید عباس عراقچی اسلام آباد پہنچ گئے، وزیر خارجہ ایران عباس عراقچی کا نور خان ایئربیس پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے استقبال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور ایران کے درمیان تاریخی، مذہبی اور ثقافتی رشتوں پر مبنی برادرانہ تعلقات قائم ہیں، پاکستانی قیادت اور عوام کی جانب سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی وفد کا اسلام آباد آمد پر خیر مقدم کیا گیا۔

جامعات کی استعداد کار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات پر یقین رکھتی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

حکومت جوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

جامعات میں تعلیمی معیار کی بہتری اور خاص طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس جیسے اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعداد کار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات پر یقین رکھتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف مکران، تربت کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز کو درپیش مسائل کے حل اور تدریسی معیار کی بہتری سے متعلق منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے فوری اور مستقل حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن محمد صالح (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

اپوزیشن لیڈر کی جانب سے حکومت کو غیر قانونی قرار دینا حقائق کے منافی ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج ایران کے صدر پاکستان کے دورے پر آ رہے ہیں اور ان کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اہم گفتگو ہوگی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

خواتین سفارت کار پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، عالمی سطح پر ملک کا وقار بلند کیا، صدر زرداری

اسلام آباد (آن لائن) آصف علی زرداری نے خواتین سفارت کاروں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستانی خواتین سفارت کار ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں، جنہوں نے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے وقار، ساکھ اور سفارتی مؤثریت کو مضبوط بنانے میں نمایاں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اعلیٰ تعلیم کے فروغ، جامعات کی استعداد کار میں بہتری اور طلبہ کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان ملاقات کر رہے ہیں

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی اسلام آباد میں وزیر اعظم شہباز شریف، صدر زرداری اور فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقاتیں، امریکہ کے ساتھ مذاکرات سے متعلق امور پر غور

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایرانی صدر سے ملاقات، مسعود پزشکیان نے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، دونوں ممالک کا قریبی رابطہ اور مشاورت جاری رکھنے پر اتفاق

ایرانی صدر کی شہباز شریف، صدر زرداری اور فیلڈ مارشل سے ملاقاتیں

امن مذاکرات میں پاکستان کی کوششوں کی تعریف

صدر آصف علی زرداری اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی اہم ملاقات، ایوان صدر میں ہونے والی ملاقات میں اقتصادی، سیکیورٹی اور سفارتی تعلقات کے فروغ پر زور؛ ایران نے پاکستان کے کردار کو سراہا

اسلام آباد (آن لائن) آصف علی زرداری نے ایوان صدر میں ایرانی ہم منصب مسعود پزشکیان کا پرتپاک استقبال کیا، جہاں دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ تعلقات، علاقائی امن و سلامتی اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات کے دوران صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور ایران مشکل اور آسان دونوں حالات میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ انہوں نے ایرانی صدر کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے اراکین اسمبلی کی ملاقات

صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے گی

ماہ نور بلوچ جیسے ہونہار طلبہ و طالبات صوبے کا روشن مستقبل ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کے روز یہاں صوبائی وزراء، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی، حکومتی عہدیداران اور مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے علیحدہ علیحدہ ملاقات کی جس میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، عوامی مسائل کے حل اور گڈ گورننس کے فروغ سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کی جائے، مولانا محمد شفیق دولتزئی

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ ملک بھر میں پیٹرول اور ڈیزل کے نرخوں میں کمی امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ خصوصاً خلیجی ممالک میں امن و امان کے بحالی سمیت خوش آئند ہے، جس کا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

اسٹیٹ بینک نے مالی سال 27 کیلئے زری پالیسی اجلاسوں کا کیلنڈر جاری کر دیا

ایم پی سی اجلاس کے بعد اینالسٹ بریفنگ پریزنٹیشن بھی ویب سائٹ پر جاری ہوگی

کراچی (آن لائن) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مالی سال 2026-27 کے لیے زری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کے اجلاسوں کا پیشگی کیلنڈر جاری کرتے ہوئے زری پالیسی سے متعلق ابلاغ کو مزید شفاف، مؤثر اور قابل پیش گوئی بنانے کے لیے کئی نئے اقدامات کا اعلان کر دیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق یہ اقدام زری پالیسی کی تشکیل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

اوستہ محمد، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) اوستہ محمد کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے خاتون سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز اوستہ محمد سٹی پولیس کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک خاتو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

ایران سے مذاکرات مثبت سمت میں جا رہے ہیں، ٹرمپ

عالمی تیل تجارت معمول پر، ایران نے اعلیٰ سطح جوہری نگرانی پر اتفاق کیا ہے

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ گذشتہ روز آبنائے ہرمز سے ایک کروڑ 90 لاکھ بیرل تیل گزرا، اور قیمتوں میں کمی کا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ ٹرمپ نے اپنی سوشل میڈیا ویب سائٹ "ٹروتھ سوشل" پر بیان میں کہا کہ تیل کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں اور اس پیش رفت کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی دستیاب نسبتاً زیادہ محفو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے ایرانی صدر مسعود پزشکیان ملاقات کر رہے ہیں

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ملاقات

پاکستان اور چین کا مذاکرات و سفارت کاری کے ذریعے مسائل کے پرامن حل پر اتفاق

پاکستان چین آل ویدر اسٹریٹجک پارٹنرشپ مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ، خطے میں امن و استحکام کیلئے پاکستان کے کردار کی چین کی تعریف

نائب وزیراعظم کا پاکستان اور چین کے درمیان آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ملاقات کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور امن و استحکام سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نائب وزیراعظم نے چینی سفیر کو بیجنگ اسٹاک میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد سے متعلق اعلیٰ سطحی مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ قاہرہ میں منعقدہ آرفو علاقائی وزرائے خارجہ اجلاس میں مذاکرات اور مسائل کے پرامن حل کے لیے کی جانے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی، اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا طیارہ پاکستان حدود میں داخل ہونے کا منظر

کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے فنڈ اور ٹینڈرنگ پروسس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہم پاکستان اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے حوالے سے زیادہ پرامید ہیں، جعفر خان مندوخیل کا خطاب

گوادر پورٹ کی ترقی اور فعالیت ایک خاموش معاشی انقلاب بن کر ابھرے گا، گورنر بلوچستان

گوادر پورٹ ایک ایسا گیٹ وے ہے جو پاکستان کو عالمی اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں کے عالمی مرکز میں بدل دیگا

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم پاکستان اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے حوالے سے زیادہ پرامید ہیں۔ گوادر پورٹ کی حقیقی ترقی اور فعالیت ایک خاموش معاشی انقلاب بن کر ابھرے گا۔ گوادر پورٹ ایک ایسا گیٹ وے ہے جو پا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

شرپسند بی وائی سی کا مسنگ پرسنز بیانیہ بے نقاب، لاپتہ شخص فتنہ الہندوستان کا دہشت گرد نکلا

کوئٹہ (آن لائن) فتنہ الہندوستان کی حمایت یافتہ بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کا ریاست مخالف مسنگ پرسنز بیانیہ ایک بار پھر بری طرح فلاپ ہو گیا۔ بی وائی سی کا 17 (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

میانمار کی فوج نے 6 ماہ میں 700 سے زائد شہری مار ڈالے، اقوام متحدہ

اگست 2025 سے جنوری 2026 تک کم از کم 702 شہریوں کی ہلاکت کی تصدیق

جنیوا (آن لائن) اقوام متحدہ نے اپنی تازہ رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ میانمار کی فوج گزشتہ سال انتخابات کے دوران چھ ماہ کے عرصے میں 700 سے زائد شہریوں کی ہلاکت کی ذمہ دار ہے۔ رپورٹ کے مطابق فوجی کارروائیوں میں خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

قومی مفادات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ عالمی برادری میں پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کیلئے مؤثر سفارتی اقدامات کیے ہیں

مسلح افواج قومی سلامتی، استحکام اور ملکی خودمختاری کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں، سیدال خان

پاکستان نے ہمیشہ ذمہ دار ریاست کے طور پر امن کے قیام، علاقائی ہم آہنگی اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے تعمیری کردار ادا کیا ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ ذمہ دار ریاست کے طور پر امن کے قیام، علاقائی ہم آہنگی اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے تعمیری کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت اور حکومت کی متوازن خارجہ پالیسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت نے قومی مفادات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ عالمی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

عاشورہ کی تعطیلات: اسٹیٹ بینک 25 اور 26 جون کو بند رہے گا، اعلامیہ

9 اور 10 محرم 1448 ہجری پر عام تعطیل کے اعلان کے باعث مرکزی بینک بند رہے گا

کراچی (آن لائن) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ حکومت پاکستان کی جانب سے عاشورہ کے موقع پر عام تعطیل کے اعلان کے باعث بینک 25 اور 2 (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

والبدین میں پاکستانی فیول نایاب ہو چکا، ایرانی فیول پاکستانی پیٹرول سے بھی مہنگا فروخت

چاغی (آن لائن) دالبندین میں پاکستانی فیول نایاب ہو چکا ہے جبکہ ایرانی فیول پاکستانی پیٹرول سے بھی مہنگا فرو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

اسرائیل کو امریکی اسلحے پر انحصار ختم کرنا ہوگا، نیتن یاہو

اپنے امریکی دوستوں کی حمایت کو بہت سراہتا ہوں، خطاب

تل ابیب (آن لائن) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل کو اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بناتے ہوئے امریکی فوجی اسلحے پر انحصار کم کرنا ہوگا اور اپنے ہتھیاروں کا انتظام خود اختیار کرنا ہوگا۔ اسرائیلی وزیر اعظم کے دفتر کی جانب سے جاری کی گئی ایک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

کسی آئینی خلاف ورزی کا ارتکاب ہوا ہے تو اس کی واضح نشاندہی کی جائے، سردار ایاز صادق

سینیٹ پارلیمان کا ایک اہم اور مؤثر حصہ ہے، معزز سینیٹرز ہمارے قابل احترام ساتھی ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس 2026-27 کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے آئین کی بالادستی، پارلیمانی روایات اور ایوان کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

توانائی خود کفالت کی جانب پیش رفت: جامشورو پاور پلانٹ کی درآمدی کوئلے سے تھر کول پر منتقلی کا فیصلہ

26 سال میں 3.23 ارب ڈالر بچت متوقع، منصوبہ پاور سیکٹر اصلاحات اور مقامی وسائل کے فروغ کی جانب قدم قرار

اسلام آباد (آن لائن) توانائی کے شعبے میں خود کفالت کی جانب اہم پیش رفت کے طور پر جامشورو پاور پلانٹ کو درآمدی کوئلے سے تھر کول پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس سے طویل مدت میں نمایاں معاشی بچت اور توانائی کے استحکام کی توقع ظاہر کی گئی ہے۔ پاور ڈویژن کے مطابق ڈورنیئر گروپ اور ای وائی پارتھینون نے منصوبے کی بینک ایبل فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کر لی ہے، جسے وفاقی وزیر پاور اویس لغاری کو باضابطہ طور پر پیش کیا گیا۔ فزیبلٹی اسٹڈی کے مطابق جامشورو یونٹ-1 کو 100 فیصد تھر لگنائٹ کوئلے پر منتقل کرنا تکنیکی طور پر قابل (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

ڈیجیٹل پاکستان: 8 لاکھ سے زائد نوجوان وزیر اعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب سے منسلک ہو چکے ہیں، رانا مشہود

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم ڈیجیٹل یوتھ پروگرام کے تحت قائم ڈیجیٹل یوتھ ہب سے 8 لاکھ سے زائد نوجوان منسلک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار گل حسن محمد حسنی بلامقابلہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب منتخب

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار گل حسن محمد حسنی بلامقابلہ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب منتخب، ریٹرننگ آفیسر کا باضابطہ اعلان کے بعد پی پی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

بارڈر کی بندش سے بے روزگار ہونے والے نوجوان اب بیرون ملک روزگار حاصل کر سکیں گے

چمن بارڈر پر ون ڈاکومنٹ پالیسی کا نفاذ، 500 نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کی فراہمی کا فیصلہ

بلوچستان حکومت کے اقدام سے بیرون ملک ملازمتوں کے ذریعے معاشی مشکلات میں کمی آئے گی

چمن (آن لائن) چمن بارڈر پر بے روزگار خاندانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع اور معاشی بحالی کی راہ ہموار ہونے لگی ہے۔ حکومت بلوچستان نے ون ڈاکومنٹ پالیسی کے نفاذ کے بعد 500 بے روزگار نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار فراہم کرنے کا فیصلہ کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

سیکیورٹی فورسز کی پنجگور میں بروقت کارروائی، دہشت گردی کی بڑی سازش ناکام

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں سیکیورٹی فورسز نے برو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر کی متاثرہ خواتین اور بچوں سے ملاقات

خضدار (آن لائن) ڈی آئی جی قلات رینج خضدار وزیر خان ناصر نے کہا ہے کہ حالیہ دنوں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ میں متاثر ہونے والی خواتین اور بچوں سے ملاقات کر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

بلوچستان کے تمام ڈسٹرکٹ میں فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، عبدالباسط

بڑھتی ہوئی آبادی کو روکنے کیلئے علما کرام سمیت تمام مکاتب فکر اور اسٹیک ہولڈرز کو ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی سیکرٹری پی ڈبلیو ڈی عبدالباسط، ڈی جی پی ڈبلیو ڈی غلام مصطفیٰ، یو این ایف پی اے کے پروانشل کوارڈی نیٹر سعدیہ عطائے ہوگا، بلوچستان کے تمام ڈسٹرکٹ میں فیملی پلاننگ سے متعلق سامان کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور آئندہ مالی سال کے بجٹ میں اس کیلئے کافی رقم مختص کی گئی ہے جس سے محکمے کی کارکردگی مزید بہتر ہوگی اور آبادی کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ بات انہوں نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، وزیراعظم شہباز شریف ایرانی صدر کی پاکستان آمد کے موقع پر استقبال کر رہے ہیں، وفاقی وزرا بھی ہمراہ ہیں

پاک فضائیہ کے جنگی طیاروں کی جانب سے اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر کا فضائی استقبال

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان اور ایران کے درمیان پائیدار برادرانہ تعلقات اور باہمی احترام کے شاندار اظہار کے طور پر پاک فضائیہ کے جے ایف-17 تھنڈر اور ایف-16 فالکن طیاروں پر مشتمل چھ جنگی طیاروں کی فارمیشن نے اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر، ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے طیارے کے پاکستانی فضائی حدود میں داخل ہوتے ہی اسے خصوصی فضائی اعزازی اسکورٹ فراہم کی۔ اس موقع پر فارمیشن لیڈر نے وزیر اعظم پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے معزز مہمان کو دلی خیر مقدم اور نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا، جو دونوں برادر ہمسایہ ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی، خیر سگالی اور باہمی اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ باوقار فضائی استقبال پاکستان اور ایران کے درمیان تاریخی روابط، مضبوط برادرانہ تعلقات اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا مظہر ہے۔ اس فضائی استقبال نے پاکستان کی مسلح افواج کے غیر متزلزل عزم کو بھی اجاگر کیا کہ وہ علاقائی روابط، باہمی احترام اور پائیدار امن کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہیں گی۔ جے ایف-17 تھنڈر اور ایف-16 فالکن پاک فضائیہ کے جدید ترین کثیر المقاصد جنگی طیارے ہیں جو پاک فضائیہ کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جدید ٹیکنالوجی اور ہر وقت عملی تیاری کی عکاسی کرتے ہیں۔ اعزازی فضائی اسکورٹ پاک فضائیہ کی اس قابل فخر روایت کا تسلسل ہے جس کے تحت معزز سربراہان مملکت اور اہم غیر ملکی شخصیات کا والہانہ استقبال کیا جاتا ہے۔ یہ روایت پاکستان کی مہمان نوازی، مضبوط علاقائی شراکت داری کے فروغ اور پائیدار امن و استحکام کے لیے اس کے عزم کی عکاسی ہے۔

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا وزیراعظم ہاؤس کا دورہ

دونوں رہنماؤں کا دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

دونوں فریقین نے مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ اور خطے میں امن و استحکام کے لیے قریبی اشتراک عمل جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد (آن لائن) مسعود پزشکیان کے اعزاز میں وزیراعظم ہاؤس میں استقبالیہ تقریب منعقد کی گئی، جہاں وزیراعظم شہباز شریف نے معزز مہمان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم ہاؤس آمد پر مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے نے ایرانی صدر کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا، جبکہ اس موقع پر پا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

مالی سال 2026-27 کا فنانس بل منظور کر لیا، حکومتی اصلاحات کے نفاذ کے مرحلے میں داخل

بجٹ منظوری کے بعد توجہ معاشی اصلاحات، برآمدات، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع بڑھانے پر مرکوز ہوگی، وزارت خزانہ

حکومت نے برآمدات میں اضافے، سرمایہ کاری کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کو اپنی معاشی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزارت خزانہ پاکستان نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ نے مالی سال 2026-27 کا فنانس بل منظور کر لیا ہے، جس کے بعد اب بجٹ کے نفاذ اور معاشی اصلاحات کے عملی مرحلے کا آغاز ہوگا۔ وزارت خزانہ کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق بجٹ 2026-27 کی منظوری پارلیمانی بحث، قائمہ کمیٹیوں کی سفارشات اور مختلف اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کے بعد عمل میں آئی۔ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

بقیہ 01

بلوچ شریک ہوئے، جبکہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سعادت بلوچ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز میں فوری طور پر پی ایچ ڈی سطح کے چیئرمین اور دو متعلقہ لیکچررز کی تعیناتی کے لیے سمری بلا تاخیر ارسال کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ شعبے میں مستقل اور باقاعدہ تدریسی اسٹاف کی تعیناتی کو بھی جلد از جلد یقینی بنایا جائے گا تاکہ تدریسی عمل کو مؤثر اور معیاری بنایا جاسکے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ جامعات میں تعلیمی معیار کی بہتری اور خاص طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس جیسے اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اور دیرپا اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 02

ل خیال کیا گیا ملاقات کرنے والوں میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار کوہیار خان ڈومکی، صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم خان کھوسہ، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالمجید بادینی، اراکین صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی، ڈاکٹر محمد نواز کبزئی، مولوی نور اللہ، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ، وزیر اعظم یوتھ پروگرام بلوچستان کے فوکل پرسن نعیم کریم، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ، سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری، چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی [illegible]

بقیہ 03

کریڈٹ وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور ان کی ٹیم کی اہم شخصیات کو حاصل ہے اس تاریخی معاہدے سے دنیا بھر میں حکومت پاکستان کے وقار عزت سفارتی کامیابی حاصل ہو چکی ہے۔ مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ حالیہ پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں کمی کی منظوری کے فیصلہ کا پاکستانی عوام خیر مقدم کرتے ہیں۔ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے سبب مزید کمی کی جائے تاکہ لوگوں کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ لبنان پر اسرائیل کے مزید حملوں سے اسرائیلی حکومت تاریخی معاہدہ کو ناکام کرنے اور عالم اسلام کے مسلمانوں خصوصاً فلسطین غزہ کے مجاہدین کیساتھ ازلی دشمنی کر رہا ہے۔

بقیہ 04

میں وسیع تر شفافیت لانے، پالیسی فیصلوں کے ابلاغ کو بہتر بنانے اور اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد میں اضافے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ بینک نے فیصلہ کیا ہے کہ زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کے بعد گورنر اسٹیٹ بینک کی پریس کانفرنسوں کی تعداد سال میں دو سے بڑھا کر چار کر دی جائے گی۔ اعلامیے کے مطابق گورنر اسٹیٹ بینک جولائی، اکتوبر، جنوری اور اپریل میں ہونے والے زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کے بعد پریس کانفرنس کریں گے، تاکہ پالیسی فیصلوں، معاشی صورتحال اور آئندہ لائحہ عمل سے متعلق بروقت اور واضح معلومات فراہم کی جا سکیں۔ اس کے علاوہ اسٹیٹ بینک نے ایم پی سی اجلاس کے بعد اینالسٹ بریفنگ کے لیے تیار کی جانے والی اسٹاف پریزینٹیشن بھی عوامی سطح پر جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پریزینٹیشن زری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے ایک روز بعد اسٹیٹ بینک کی سرکاری ویب سائٹ پر دستیاب ہوگی۔ اس اقدام کا مقصد زری پالیسی کمیٹی کے ردعمل کے طریقہ کار کو زیادہ واضح بنانا اور ڈیٹا پر مبنی پالیسی سازی کے عمل پر اعتماد کو مضبوط کرنا ہے۔ اسٹیٹ بینک نے زری پالیسی کمیٹی کے اجلاسوں کی روداد کی اشاعت کے طریقہ کار میں بھی بہتری لانے کا اعلان کیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق متعلقہ ایم پی سی اجلاس کے بعد چوتھے ہفتے کے اختتام پر اجلاس کی روداد اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر جاری کی جائے گی۔ مرکزی بینک کا کہنا ہے کہ زری پالیسی سے متعلق ابلاغ میں یہ مسلسل بہتری ایس بی پی اسٹریٹجک پلان: وژن 2028، کے تحت لائی جا رہی ہے، جس کا مقصد مہنگائی کی توقعات کو قابو میں رکھنے کے لیے زری پالیسی کی اثر انگیزی بڑھانا اور ملک میں مہنگائی کو ہدف بنانے کے نظام کو باضابطہ طور پر اختیار کرنے میں سہولت فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 05

تے ہوئے کہا کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان برادرانہ اور تاریخی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان ایران کے ساتھ امن، استحکام، یکجہتی اور خودمختاری کے اصولی مؤقف کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ یکطرفہ اقدامات کی مخالفت اور مذاکرات و سفارت کاری کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے ایرانی صدر کو اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت پر پیش رفت پر مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ تکنیکی سطح کے مذاکرات خطے میں دیرپا امن کے قیام میں مددگار ثابت ہوں گے۔ صدر مملکت نے مسلم امہ کے اتحاد اور خلیجی ممالک کے ساتھ تعلقات کے فروغ کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ملاقات کے دوران صدر آصف علی زرداری نے آیت اللہ علی حسینی خامنہ ای کے انتقال پر ایک بار پھر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایرانی قیادت کے دکھ میں برابر کا شریک ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ پاکستان ان کی نماز جنازہ میں شرکت کرے گا۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اس موقع پر پاکستان کی جانب سے امن اور مذاکرات کے لیے کی گئی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ مشکل حالات میں پاکستان کا کردار قابل قدر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور سیاسی، اقتصادی اور سیکیورٹی شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینا چاہتا ہے۔ ملاقات میں ایرانی وفد کی قیادت وزیر خارجہ سید عباس عراقچی اور وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے کی، جبکہ پاکستانی وفد میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر مملکت طلال چوہدری اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی شریک تھے۔ دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اور ایران خطے میں امن، اقتصادی ترقی اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے قریبی روابط اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ دریں اثنا پاکستان کے دورے پر موجود اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملاقات کی، جس کے دوران علاقائی استحکام اور امن کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا، آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی صدر نے مذاکرات کو آگے بڑھانے سمیت کشیدگی میں کمی اور علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کے تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار کو سراہا، انہوں نے تنازعات کے پرامن حل کی حوصلہ افزائی اور علاقائی فریقین کے درمیان افہام و تفہیم کو فروغ دینے کے لئے پاکستان کی مسلسل کوششوں کا بھی اعتراف کیا، جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن و استحکام کے لئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا، دونوں اطراف سے خطے میں امن، خوشحالی اور استحکام کو فروغ دینے کے مشترکہ مقصد کے ساتھ پاکستان ایران تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی مشاورت کو برقرار رکھنے کے اپنے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔

بقیہ 06

ن سمیت 2 افراد کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا نعشیں ضروری [illegible]

بقیہ 07

[illegible] اپنے بیان کے اختتام پر کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات "اچھی سمت" میں جاری ہیں، تاہم ان دعووں کی آزاد ذرائع سے تصدیق ابھی تک نہیں ہوسکی۔

بقیہ 08

کستان کو عالمی اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں کے عالمی مرکز میں بدل دیگا۔ سینٹرل ایشیا سے لیکر جنوبی ایشیا تک اور پورے مشرق وسطیٰ میں پاکستان ایک پل کا کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو پورے خطے کی معاشی منڈیوں، ثقافتوں اور صنعتوں کو آپس میں مربوط کریگا۔ ہماری یہ سیاسی و معاشی بصیرت محض انفراسٹرکچر نہیں ہے بلکہ یہ اقتصادی انضمام اور پائیدار ترقی کیلئے ایک دانشمندانہ پیشرفت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں صوبہ سندھ کے دارالحکومت کراچی میں چائنا کے قائمقام قونصل جنرل (Mr. Feng Deheng) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پولیٹیکل ڈائریکٹر (Mr. Zhang Song) اور (Mr. Wang Zhaoxiang) بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان اور چین کے سیاسی اور سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ منا چکے ہیں۔ شراکت داری کی یہ طویل تاریخ دونوں ممالک پاکستان اور چائنا کی پائیدار دوستی اور طاقت کا منہ بولتا ثبوت ہے جو کئی دہائیوں کی ترقی، مختلف چیلنجز اور باہمی اعتماد میں کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اب ہماری بھرپور توجہ صوبہ کے روشن مستقبل پر بھی مرکوز ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ چائنا آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور جدید ٹیکنالوجی میں بہت وسیع علم و تجربہ رکھتا ہے۔ چین کے یہی ایکسیلینس اور مہارت بلوچستان میں ایک نسل کی تشکیل میں مدد اور فکری رہنمائی کر سکتی ہے۔ چین ہماری پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کے ذریعے، ہم طلبا کیلئے عالمی معیار کی تعلیم کو محفوظ بنا سکتا ہے اور انہیں جدید دنیا کے تقاضوں کے مطابق جدید مہارتوں سے آراستہ کر سکتا ہے۔ اسطرح اسکالرشپ اور نئے تعلیمی مواقع کے حوالے سے چائنا ہمارے نوجوانوں کو کامیابی و کامرانی کی نئی بلندیوں تک پہنچا سکتا ہے۔ ملاقات کے دوران چائنا کے قائمقام قونصل جنرل (Mr. Feng Deheng) نے کہا کہ پاکستان نے عالمی سطح پر اپنی سفارتی صلاحیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تقریباً نصف صدی کے بعد امریکہ اور ایران دونوں کو مذاکرات کی میز پر لانے میں کامیاب حاصل کی۔ اس سفارتی کارنامے نے نہ صرف عالمی سطح پر پاکستان کا قد بلند ہوا بلکہ سفارتکاری کی تاریخ میں ایک نیا باب بھی رقم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہاں ہیں۔ چائنا اس بات میں دلچسپی لیتا ہے کہ پورا بلوچستان گوادر سے لیکر ژوب تک کا انفراسٹرکچر مضبوط ہو، معاشی سرگرمیوں میں اضافے کے قابل ہو اور بلوچستان کے لوگوں کے معیار زندگی میں پائیدار ترقی ہو۔ جس پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے چینی حکومت اور چینی عوام دونوں شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور چائنا کے درمیان عوامی سطح پر روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 09

اگست 2025 کو لاپتا قرار دیا گیا یوسف نامی شخص، بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کا خطرناک دہشت گرد نکلا بی وائی سی کے دھرنے میں یوسف کو جبری گمشدہ قرار دیا گیا تھا اور الزام ریاست پر لگایا گیا۔ بی وائی سی کا نام نہاد مسنگ پرسن یوسف 2025 میں فتنہ الہندوستان میں شامل ہوا، جس کا اعتراف خود تنظیم نے کیا۔ بی وائی سی کا مسنگ پرسن یوسف 5 مارچ 2026 کو پنجگور میں سیکیورٹی فورسز پر دہشت گردانہ حملے کے دوران ہلاک ہوا۔ مبصرین کے مطابق یہ واقعہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ نام نہاد انسانی حقوق کی مہم جوئی اور مسلح دہشت گردی کے درمیان ایک گہرا گٹھ جوڑ موجود ہے، اب یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو چکی ہے کہ بی وائی سی دہشتگردوں کی پروردہ جماعت ہے جس کا مقصد معصوم بلوچ نوجوانوں کو ورغلانا اور دہشتگردوں کو چھپانا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ بی وائی سی جیسی تنظیمیں سرگرم دہشت گردوں کو "مظلوم شہری" بنا کر پیش کرتی ہیں تاکہ عالمی سطح پر ریاست پاکستان کو بدنام کیا جاسکے۔ #/s#

بقیہ 10

متاثر ہوئی۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر کی جانب سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگست 2025 سے جنوری 2026 تک کے عرصے میں کم از کم 702 شہریوں کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی۔ ہلاک ہونے والوں میں 224 خواتین اور 153 بچے شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق فضائی حملے شہری ہلاکتوں کی سب سے بڑی وجہ بنے۔ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ کم از کم 505 افراد جنگی طیاروں، ڈرونز، پیرا موٹرز اور دیگر فضائی حملوں میں مارے گئے۔ ان ہلاک شدگان میں 175 خواتین اور 112 بچے بھی شامل تھے۔ اقوام متحدہ کی ترجمان روینا شمداسانی نے صحافیوں کو بتایا کہ رپورٹ میں درج 702 ہلاکتیں براہ راست میانمار کی فوج سے منسوب کی گئی ہیں۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ دیگر مسلح گروہوں کے ہاتھوں ہونے والی تمام ہلاکتیں اس رپورٹ میں شامل نہیں ہیں اور اصل تعداد اس سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ میانمار میں 2021 میں فوجی بغاوت کے بعد خانہ جنگی شروع ہوئی تھی، جب فوج نے منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر اقتدار سنبھال لیا تھا۔ بعد ازاں فوجی حکومت نے محدود انتخابات کا انعقاد کیا، جنہیں عالمی سطح پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ انتخابی عمل سے قبل انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں، عدم استحکام اور سیکیورٹی بحران پورے ملک میں نمایاں رہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق کئی ایسے واقعات کی تصدیق ہوئی ہے جنہوں نے آزاد اور شفاف انتخابات کے لیے ضروری بنیادی حقوق اور آزادیوں کو شدید نقصان پہنچایا۔ رپورٹ کے مطابق شہری ہلاکتوں میں دو ادوار کے دوران نمایاں اضافہ دیکھا گیا، ایک اگست اور ستمبر میں جب انتخابات کا اعلان کیا گیا، اور دوسرا دسمبر میں جب فوج مختلف علاقوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اقوام متحدہ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ میانمار کی صورتحال کو عالمی عدالت کے سامنے پیش کیا جائے اور میانمار کو ہتھیاروں، جیٹ فیول اور ایسے سامان کی فراہمی روکی جائے جو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں میں استعمال ہو سکتے ہیں۔ انسانی حقوق کے کارکنوں کا کہنا ہے کہ میانمار میں جاری بحران جنوبی ایشیا کے سب سے سنگین انسانی المیوں میں تبدیل ہو چکا ہے اور عالمی برادری کو فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 11

ویڈیو کے مطابق نیتن یاہو نے گزشتہ ہفتے فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنے امریکی دوستوں کی جانب سے ملنے والی حمایت کو بہت سراہتا ہوں، لیکن ہمیں دوسروں پر انحصار سے آزاد ہونا ہوگا اور اپنا خود مختار اسلحہ سازی کا نظام قائم کرنا ہوگا۔ نیتن یاہو کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب اسرائیل کو جنوبی لبنان میں اپنی فوجی کارروائیوں کے حوالے سے امریکا کی جانب سے بڑھتے ہوئے دباؤ کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق واشنگٹن اسرائیل سے مطالبہ کر رہا ہے کہ وہ جنوبی لبنان میں حملوں کو محدود کرے اور کشیدگی میں مزید اضافے سے گریز کرے۔ اسرائیل اور لبنان کے درمیان سرحدی علاقوں میں کشیدگی مسلسل برقرار ہے، جبکہ اسرائیلی فوج جنوبی لبنان کے بعض علاقوں میں موجود ہے۔ نیتن یاہو نے اس حوالے سے اپنے مؤقف کو دہراتے ہوئے کہا کہ اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں اپنی موجودگی برقرار رکھے گی اور حزب اللہ کے انفراسٹرکچر کو تباہ کرنے کا عمل جاری رکھے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم جنوبی لبنان میں اپنی پوزیشن برقرار رکھیں گے اور حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کریں گے۔

بقیہ 12

خت ہو رہا ہے۔ دالبندین سمیت ضلع چاغی کے مختلف علاقوں میں ایرانی فیول اس وقت 305 روپے سے لے کر 315 روپے فی لیٹر تک فروخت کیا جا رہا ہے۔ ایرانی فیول کی قیمتوں میں اضافے کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ تاجر برادری اور عام شہری بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ پاک ایران سرحدی ضلع چاغی میں عموماً ایرانی فیول ہی استعمال کیا جاتا ہے، تاہم پاکستانی فیول کی عدم دستیابی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایرانی فیول فروخت کرنے والے منی پمپس مالکان اپنی من مانی کر رہے ہیں۔ فیول کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں انتظامیہ بے بس نظر آتی ہے جبکہ فیول مافیا اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے عوام کو لوٹ رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ فیول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ ہو چکا ہے، جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ بھی مہنگی فروخت ہو رہی ہیں۔ شہریوں نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ خدارا ضلع چاغی کے عوام کو پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اس وقت شہر بھر میں قائم اوپن منی پمپس اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے فیول فروخت کر رہے ہیں جو پاکستانی پیٹرول سے بھی زیادہ ہیں۔ عموماً ایرانی فیول پاکستانی فیول کے مقابلے میں 100 سے 150 روپے فی لیٹر سستا فروخت ہوتا رہا ہے، مگر ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی اور جنگی صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ناجائز منافع خور عوام کو اب تک لوٹ رہے ہیں۔

بقیہ 13

ں کے لیے ریلیف کے طور پر حکومت بلوچستان پہلے ہی 5 ہزار مفت پاسپورٹس جاری کر چکی ہے۔ چمن بارڈر کی بندش سے بے روزگار ہونے والے نوجوان اب بیرون ملک روزگار حاصل کر سکیں گے۔ مزدور پیشہ افراد نے حکومتی اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت کے اقدام سے بیرون ملک ملازمتوں کے ذریعے معاشی مشکلات میں کمی آئے گی۔ چمن کے نوجوان ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت میں کردار ادا کریں گے، متاثرین نے حکومتی فیصلے پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 14

کیشن کمشنر الیکشنز بلوچستان نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کے انتخابات کے پرامن، صاف و شفاف اور غیر جانبدارانہ انعقاد کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، انتخابات کا انعقاد ہم سب کی آئینی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاف اور شفاف انتخابات کے انعقاد کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ یاد رہے پولنگ 09 اگست 2026 کو ہوگی۔

بقیہ 15

کہ صوبے میں مینڈیٹ کی بدترین پامالی، عوامی رائے کی توہین، اور حقیقی نمائندوں کو ایوانوں سے باہر رکھنے کے باعث ان حلقوں کے بیانیے کو تقویت ملی جو برسوں سے یہ کہتے آ رہے تھے کہ بلوچستان کے مسائل کا حل جمہوری اداروں اور پارلیمان میں موجود نہیں۔ جب عوام کے اصل نمائندوں کو دیوار سے لگایا جائے، سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے مصنوعی قیادت کو مسلط کیا جائے، اور اقتدار کو چند مخصوص طبقات کے درمیان بندر بانٹ کا ذریعہ بنایا جائے تو اس کے نتائج ہمیشہ خطرناک، تباہ کن اور ریاست کیلئے نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ بلوچستان میں آئین، جمہوریت، پارلیمان اور سیاسی عمل کی بالادستی کیلئے تاریخی کردار ادا کیا۔ ہم نے ان طبقات کو جو مایوسی، غصے اور بے اعتمادی کا شکار تھے، سیاسی اور جمہوری راستہ دکھانے کیلئے بے مثال قربانیاں دیں۔ ہمارے کارکنوں نے شہادتیں دیں، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں، دھمکیوں اور اذیتوں کا سامنا کیا، مگر افسوس کہ آج اسی جماعت کو اس کی جمہوری جدوجہد کی سزا دی جا رہی ہے۔ اقتدار کے سوداگر مفاہمت اور سیاسی استحکام کے نام پر ذاتی مفادات کی ایسی منڈی سجا چکے ہیں جس نے بلوچستان کو ایک بار پھر نوے کی دہائی کے خوفناک حالات، بدامنی، ٹارگٹ کلنگ اور سیاسی انتشار کی طرف دھکیل دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ آج بلوچستان کا ہر شہر، ہر شاہراہ، ہر بازار اور ہر گھر خوف اور بے یقینی کی تصویر بنا ہوا ہے۔ لوگ سفر سے خوفزدہ، کاروبار تباہ، زراعت برباد، سرمایہ کاری ختم، اور نوجوان مایوسی کے اندھیروں میں دھکیلے جا چکے ہیں۔ بارڈر بندش نے لاکھوں خاندانوں کے چولہے ٹھنڈے کر دیے، چھوٹے کاروبار ختم ہو گئے، اور ہزاروں نوجوان روزگار سے محروم ہو کر ذہنی اذیت کا شکار ہیں، مگر حکمران طبقہ زمینی حقائق سے لاتعلق محض نمائشی اعلانات اور تشہیری منصوبوں میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین برسوں میں حکومت کی مجموعی کارکردگی عوامی مسائل کے حل کے بجائے متنازع اور غیر عوامی فیصلوں تک محدود رہی۔ مائنز اینڈ منرل بل کے ذریعے صوبے کے وسائل پر نئے تنازعات کو جنم دیا گیا، بارڈر بندش کے باعث معیشت کا پہیہ جام ہو گیا، کم عمری شادی سے متعلق متنازع قانون سازی کے ذریعے مذہبی اور سماجی حساسیت کو نظر انداز کیا گیا، جبکہ لیویز فورس کو پولیس میں ضم کرنے کے فیصلے نے صوبے کے روایتی اور قبائلی سیکیورٹی ڈھانچے میں مزید بے چینی پیدا کر دی۔ دوسری جانب عوام کو ریلیف دینے کے نام پر محض فائنانسنگ کے ذریعے بلیو اور پنک بائیک جیسے مضحکہ خیز منصوبے پیش کیے گئے، گویا لاکھوں بے روزگار نوجوانوں، تباہ حال معیشت، بدامنی اور غربت کا حل چند نمائشی اسکیمیں ہوں۔ یہ اقدامات عوام کے زخموں پر مرہم رکھنے کے بجائے ان کے دکھوں کا مذاق اڑانے کے مترادف ہیں۔ جمعیت علما اسلام نے اپنی طویل سیاسی جدوجہد کے ذریعے بلوچستان کے حقوق کا مقدمہ قومی سطح پر منوایا۔ این ایف سی اور مالیاتی تقسیم کے مؤثر فارمولے میں بلوچستان کی پسماندگی، غربت، کم آبادی، جغرافیائی وسعت اور ریونیو کلیکشن جیسے اہم عوامل کو تسلیم کروایا، مگر افسوس کہ آج انہی حقوق کو سیاسی مفادات، وقتی سمجھوتوں اور اقتدار کی سودے بازی کی نذر کیا جا رہا ہے۔ کبھی مری معاہدہ، کبھی سرینا ہوٹل منصوبہ، اور کبھی اسلام آباد کے سیاسی معاہدوں میں بلوچستان کو اقتدار کی میز پر بطور سیاسی تحفہ پیش کیا جاتا رہا، جس کے نتیجے میں عوام کے اندر بے یقینی، مایوسی اور محرومی کے احساس میں خطرناک اضافہ ہوا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا بلوچستان کے حقیقی اسٹیک ہولڈرز، سیاسی قوتوں اور عوامی نمائندوں کو مسلسل نظر انداز کر کے، مصنوعی قیادت کو مسلط کر کے، اور زمینی حقائق سے آنکھیں چرا کر کبھی پائیدار امن قائم کیا جا سکتا ہے؟ اگر یہ پالیسی کامیاب ہوتی تو آج بلوچستان بدامنی، بے چینی، بے روزگاری اور سیاسی انتشار کی دلدل میں کیوں پھنسا ہوا ہے؟ جمعیت علما اسلام بلوچستان کی قیادت نے واضح کیا کہ بلوچستان کے مسائل کا حل نمائشی اقدامات، وقتی بندوبست، سیاسی انجینئرنگ اور عوامی مینڈیٹ کی توہین میں نہیں بلکہ مسئلے کی حقیقی تشخیص، عوامی اعتماد کی بحالی، حقیقی نمائندوں کو فیصلہ سازی میں شامل کرنے، سنجیدہ اور بامقصد مذاکرات، اور انصاف پر مبنی سیاسی و معاشی پالیسیوں میں مضمر ہے۔ اگر اب بھی بلوچستان کے عوامی جذبات، سیاسی حقائق اور زمینی حالات کو نظر انداز کیا گیا تو اس کے نتائج نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کیلئے مزید سنگین اور ناقابل تلافی ثابت ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 16

ی عوام کی تاریخ قربانیوں سے بھری ہوئی ہے، جن میں 1947 میں ہجرت کرنے والے افراد کی قربانیاں بھی شامل ہیں جو تاریخ کا حصہ ہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی قبضے کے خلاف کشمیریوں کی جدوجہد گزشتہ 78 برسوں سے قربانیوں، شہادتوں اور قید و بند کی صعوبتوں کی طویل داستان ہے۔ ان کے مطابق پاکستان کا کشمیر کے مقصد سے تعلق شہداء کے خون سے ثابت ہے جو مختلف جنگوں میں دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مؤقف اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کے حق خودارادیت اور ریفرنڈم کے اصول پر مبنی ہے، اور اس مؤقف میں کسی قسم کا ابہام نہیں۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر سے پاکستان کے خلاف بیرونی اور منفی ایجنڈے سے متاثر آوازوں کا سختی سے جواب دیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بعض کشمیریوں نے ہجرت کی قربانیاں دیں جبکہ بعض اب بھی مقبوضہ کشمیر میں جبر کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان کے مطابق پاکستان کے سیکیورٹی اداروں کی حفاظت میں رہنے والے آزاد کشمیر کے عوام کو مقبوضہ کشمیر کے عوام اور مہاجرین کی قربانیوں کو تسلیم کرنا چاہیے، اور ان قربانیوں کو کم تر سمجھنا کشمیر کے مقصد کی نفی کے مترادف ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ "کشمیریت" کی تعریف پیدائشی سرٹیفکیٹ سے نہیں بلکہ اس جدوجہد اور قربانیوں سے ہوتی ہے جو تقریباً آٹھ دہائیوں سے اس خطے کے عوام نے دی ہیں۔

بقیہ 17

کستان اور ایران کے قومی ترانے بھی بجائے گئے۔ تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے ارکان کا تعارف ایرانی صدر سے کرایا، جبکہ ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے اپنے وفد کے اراکین کو وزیراعظم پاکستان سے متعارف کرایا۔ بعد ازاں ایرانی صدر اور وزیراعظم پاکستان نے وزیراعظم ہاؤس کے سبزہ زار میں شجرکاری کی، جس کے دوران دونوں رہنماؤں نے دعا بھی کی۔ ملاقات اور پروٹوکول سرگرمیاں پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور اعلیٰ سطحی روابط کے تسلسل کو ظاہر کرتی ہیں۔ دونوں فریقین نے مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ اور خطے میں استحکام کے لیے قریبی اشتراک عمل جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 18

وزارت کا کہنا ہے کہ حکومت کی توجہ اب بجٹ میں شامل معاشی اقدامات اور اصلاحات کو مؤثر انداز میں نافذ کرنے پر مرکوز ہے تاکہ معیشت کو پائیدار ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے برآمدات میں اضافے، سرمایہ کاری کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کو اپنی معاشی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کرنا، معیشت میں مسابقت بڑھانا اور نجی شعبے کی سرگرمیوں کو فروغ دینا حکومت کے وسیع تر معاشی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔ وزارت خزانہ نے بجٹ سازی کے عمل میں کاروباری برادری، چیمبرز آف کامرس، صنعتکاروں اور برآمد کنندگان کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی تجاویز کو بجٹ کی تیاری میں اہمیت دی گئی۔ اعلامیے میں اس امر پر زور دیا گیا کہ معاشی پالیسی سازی میں نجی شعبے کی شمولیت معیشت کے استحکام اور ترقی کے لیے کلیدی اہمیت رکھتی ہے۔ حکومت نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کے سفر کے نئے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، اور فنانس بل کی منظوری کے بعد اصلاحات کے عمل میں مزید تیزی لائی جائے گی تاکہ اقتصادی بہتری کے ثمرات کو وسیع سطح پر منتقل کیا جاسکے۔ وزارت خزانہ کے مطابق حکومت کا عزم ہے کہ مالی سال 2026-27 کے دوران ایسی معاشی پالیسیاں اختیار کی جائیں گی جو نہ صرف کاروباری ماحول کو بہتر بنائیں بلکہ برآمدی شعبے، سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع میں اضافے کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کریں۔

بقیہ 19

منگل کو مقامی ہوٹل میں محکمہ پاپولیشن، یو این ایف پی اے اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے ایف پی 2023 ورکنگ گروپ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ پی ڈبلیو ڈی ناصر خان، ڈاکٹر امیرین مینگل، ایم این سی ایچ کی ڈاکٹر ثمینہ بگٹی، اصغر علی عمرانی، ڈاکٹر مختار علی زہری، پی ڈبلیو ڈی کے ڈپٹی ڈائریکٹر نور اللہ، سینئر ڈسٹرکٹ آفیسر پی ڈبلیو ڈی جمعہ خان، سینئر آفیسر پاپولیشن محمد ایوب کاکڑ، عبداللطیف محمد حسنی، بلال بلوچ، ڈاکٹر ساجدہ پروین، ڈپٹی ڈائریکٹر پی ڈبلیو ڈی صہیب جمعہ اور دیگر اسٹیک ہولڈر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی ڈبلیو ڈی کے ناصر خان نے رپورٹ پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی سیکرٹری پی ڈبلیو ڈی عبدالباسط نے کہا کہ حکومت بلوچستان، یو این ایف پی اے، محکمہ پاپولیشن اور دیگر اسٹیک ہولڈر ملکر صوبے میں بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے اور لوگوں میں فیملی پلاننگ سے متعلق شعور و آگاہی کے لئے کام کر رہے ہیں اور یو این ایف پی اے کے تعاون سے فیملی پلاننگ سے متعلق تمام سامان ڈسٹرکٹ میں پہنچا دیا گیا ہے، جس سے ہمیں آگے کام کرنے میں آسانی ہوگی اور فیملی پلاننگ پروگرام کو مزید بہتر طریقے سے چلا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمے میں افسران اور سٹاف کی بھرتی ہو چکی ہے جس سے محکمے کی کارکردگی بہتر ہوگی۔ ڈی جی پی ڈبلیو ڈی غلام مصطفیٰ نے کہا کہ محکمہ پاپولیشن نے یو این ایف پی اے کے تعاون سے میل اور فی میل اسٹاف کو موبائل ایپ میں ای سی آر الیکٹرانک کلائنٹ ریکارڈ کی ٹریننگ دی ہے اور اسکے ساتھ ہی 9 ماسٹر ٹرینرز کو بھی تیار کیا گیا ہے جو آنے والے دنوں میں اسٹاف کو مزید ٹریننگ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم علما کرام، کمیونٹی میں فیملی پلاننگ سوشل موبلائزر، ایل ایم او ایس مینجمنٹ آفیسر کو اپنے ڈسٹرکٹ میں فیملی پلاننگ سے متعلق لوگوں میں آگاہی اور ضروری اشیا فراہم کرنے کے حوالے سے تیار کیا ہے اور آنے والے بجٹ میں اس کام کیلئے کثیر فنڈ مختص کیے گئے ہیں جس سے محکمے کی کارکردگی بہتر ہو سکے گی اور لوگوں کو فیملی پلاننگ سے متعلق آگاہی اور ضروری اشیا کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی جس سے بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ یو این ایف پی اے کی پروانشل کوارڈی نیٹر ڈاکٹر سعدیہ عطا نے کہا کہ یو این ایف پی اے صوبے میں بڑھتی ہوئی آبادی کو کنٹرول کرنے کیلئے محکمہ پاپولیشن، محکمہ صحت اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملکر کام کر رہا ہے اور جہاں یو این ایف پی اے کی ضرورت ہوگی ہم تعاون کرنے کیلئے تیار ہیں۔

بقیہ 20

عمل اور معاشی طور پر انتہائی فائدہ مند ہے۔ اس منصوبے سے مجموعی طور پر 26 برس کے دوران 3.239 ارب ڈالر کی بچت متوقع ہے، جبکہ زرمبادلہ میں 2.113 ارب ڈالر کی کمی کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ پاور ڈویژن کے مطابق منصوبے سے مجموعی طور پر 1.720 ارب ڈالر کے فوائد حاصل ہوں گے، جن میں بجلی کی پیداوار کی لاگت میں 1.051 ارب ڈالر کی بچت اور تھر کول مائنز کی توسیع سے 669 ملین ڈالر کے اضافی فوائد شامل ہیں۔ اس کے علاوہ غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی میں کمی سے 1.519 ارب ڈالر کی بچت متوقع ہے۔ حکام کے مطابق منصوبے کی سرمایہ جاتی لاگت 86.2 ملین ڈالر ہوگی۔ پاور ڈویژن نے کہا ہے کہ یہ منصوبہ وزیراعظم کے پاور سیکٹر ریفارم پلان کا اہم حصہ ہے اور اس سے توانائی کے شعبے میں مقامی وسائل پر انحصار بڑھانے میں مدد ملے گی۔ پاور ڈویژن کے مطابق تھر کول کے استعمال سے تھر پارکر میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو فروغ ملے گا، جبکہ عالمی کوئلہ قیمتوں اور ڈالر کے اتار چڑھاؤ کے اثرات بھی کم ہوں گے۔ حکومت نے کہا ہے کہ منصوبہ اب نفاذ کے مرحلے میں داخل ہو چکا ہے، اور اس کی تکمیل کے لیے ریگولیٹری منظوریوں کا عمل شروع کیا جائے گا۔ پاور ڈویژن کے مطابق حکومت مقامی توانائی وسائل کے فروغ اور توانائی سلامتی کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 21

برادری میں پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کے لیے مؤثر سفارتی اقدامات کیے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز سینیٹر محمد طلحہ محمود، سینیٹر رانا محمود الحسن، صوبہ سندھ سے رکن صوبائی اسمبلی راجا خان جاکھرانی اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ملاقاتوں میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، خطے میں امن و استحکام، ایران اور امریکہ کے درمیان سوئٹزرلینڈ میں جاری سفارتی رابطوں اور مذاکرات سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ خطے میں امن، استحکام، مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی اور علاقائی حالات میں کشیدگی کے بجائے مکالمہ ہی مسائل کے پائیدار حل کی ضمانت فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے ایران اور امریکہ کے درمیان جاری سفارتی کوششوں کو مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مذاکرات خطے میں امن اور استحکام کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گے۔ سیدال خان نے فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، قومی سلامتی کے لیے خدمات اور ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے میں کردار کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افواج قومی سلامتی، استحکام اور ملکی خودمختاری کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں اور پوری قوم ان کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ ملاقات میں شریک رہنماؤں اور معززین نے بھی خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ عالمی برادری کو تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کو ترجیح دینی چاہیے۔ شرکاء نے قومی یکجہتی، سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کے لیے تمام قومی اداروں کے درمیان تعاون اور ہم آہنگی کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان قومی مفادات، جمہوری اقدار اور عوامی فلاح و بہبود کے فروغ کے لیے اپنا کردار پوری ذمہ داری سے ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان خطے اور دنیا میں امن، رواداری اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے اپنی مثبت کاوشیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 22

کے ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں۔ اس موقع پر انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اور واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی ذرائع کے مطابق ڈی آئی جی وزیر خان ناصر نے جمعرات کی شب پیش آنے والے واقعے کی مکمل تفصیلات معلوم کیں اور متاثرہ خاندان کو ہر ممکن پولیس تعاون کی یقین دہانی کرائی بعد ازاں انہوں نے ڈی ایس پی سٹی محمد عالم اور ایس ایچ او منیر عالم کو اپنے دفتر طلب کر کے واقعے سے متعلق تفصیلی بریفنگ لی اور خواتین اور بچوں کے معاملے کو خصوصی اہمیت دیتے ہوئے فوری قانونی کارروائی کے احکامات جاری کیے ڈی آئی جی قلات رینج نے واقعے میں زخمی ہونے والے بچے کے چہرے پر آئے زخموں کے فوری اور بہتر طبی علاج کی بھی ہدایت جاری کی، جبکہ متعلقہ پولیس افسران کو متاثرہ خاندان کے ساتھ مکمل تعاون کرنے اور تمام قانونی تقاضے جلد از جلد مکمل کرنے کا حکم دیا ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر نے اس موقع پر کہا کہ خواتین اور بچوں پر تشدد یا ان کے ساتھ کسی بھی قسم کی زیادتی ناقابل برداشت ہے اور ایسے واقعات میں ملوث عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی بالادستی کو یقینی بناتے ہوئے متاثرین کو انصاف فراہم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی متاثرہ خاندان نے ڈی آئی جی قلات رینج کی جانب سے فوری نوٹس لینے، ملاقات کرنے اور انصاف کی یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ذمہ دار افراد کے خلاف جلد مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 23

قت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کی بڑی سازش ناکام بناتے ہوئے بھاری مقدار میں اسلحہ اور مواصلاتی مواد برآمد کر لیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے پنجگور کے علاقے چیرک میں خفیہ اطلاعات پر آپریشن کرتے ہوئے بھاری مقدار میں اسلحہ اور مواصلاتی مواد برآمد کرلیا۔ آپریشن کے دوران گاڑی سے 4 راکٹ فیوز اور متعدد آئی ای ڈیز قبضے میں لے لی گئیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق یہ دھماکا خیز مواد کسی ممکنہ بڑے دہشت گرد حملے میں استعمال کیا جانا تھا۔ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی نے اس مذموم منصوبے کو ناکام بنا کر علاقے کو ممکنہ بڑی تباہی سے بچا لیا۔ دہشت گردی کے خلاف یہ کامیاب کارروائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں امن دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار ہیں۔

بقیہ 24

ہو چکے ہیں، جو تعلیم، روزگار، ہنرمندی اور دیگر ترقیاتی مواقع سے استفادہ کر رہے ہیں۔ چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کے مطابق ڈیجیٹل یوتھ حب نوجوانوں کو قومی اور عالمی مواقع سے جوڑنے والا ایک مرکزی پلیٹ فارم بن چکا ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور انہیں جدید معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آٹھ لاکھ سے زائد رجسٹریشنز ایک اہم سنگ میل ہے اور یہ وزیراعظم کے "نوجوان پاکستان وژن" کے عملی نفاذ کی عکاسی کرتا ہے۔ ان کے مطابق یہ پلیٹ فارم صرف ایک ڈیجیٹل نظام نہیں بلکہ نوجوانوں کی بااختیاری کی ایک قومی تحریک ہے۔ رانا مشہود کے مطابق اس وقت ایک لاکھ 14 ہزار 783 سے زائد مواقع نوجوانوں کے لیے دستیاب ہیں، جو روزگار، انٹرن شپس، ترقیاتی پروگراموں اور دیگر شعبوں میں نئے امکانات فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 3 ہزار 163 سے زائد ادارے اس پلیٹ فارم کے ساتھ منسلک ہیں، جس سے مواقع کے دائرہ کار میں مزید وسعت آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل یوتھ حب نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ہنرمندی کے مواقع تک آسان رسائی فراہم کر رہا ہے، اور یہ اقدام ملک میں ڈیجیٹل تبدیلی کی سمت ایک اہم پیش رفت ہے۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور ان کی کامیابی ہی قومی کامیابی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہر نوجوان کو ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے پرعزم ہے، تاکہ پاکستان ایک باصلاحیت، خوداعتماد اور ڈیجیٹل طور پر بااختیار نوجوان قوم کے طور پر ابھر سکے۔

بقیہ 25

پی کارکنان میں جشن کا سماں۔ تفصیلات کے مطابق میونسپل کارپوریشن حب کے چیئرمین کے انتخاب میں پاکستان پیپلز پارٹی کے حمایت یافتہ امیدوار گل حسن محمد حسنی بلامقابلہ چیئرمین حب منتخب ہو گئے مقررہ وقت کے اختتام تک کسی دوسرے امیدوار کی جانب سے کاغذات نامزدگی جمع نہ کرائے جانے پر ریٹرننگ آفیسر نے گل حسن محمد حسنی کی بلامقابلہ کامیابی کا باضابطہ اعلان کر دیا گل حسن محمد حسنی کے بلامقابلہ منتخب ہونے کی خبر سامنے آتے ہی پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان، کونسلران اور حامیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی کارکنان نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی نعرے بازی کی اور اس کامیابی کو حب میں سیاسی ہم آہنگی اور عوامی اعتماد کا مظہر قرار دیا سیاسی حلقوں کے مطابق مختلف سیاسی جماعتوں اور آزاد کونسلران کی جانب سے پہلے ہی گل حسن محمد حسنی کی حمایت کے اعلانات کے بعد ان کی کامیابی کے امکانات روشن ہو گئے تھے تاہم مقررہ وقت تک کسی دوسرے امیدوار کی جانب سے کاغذات جمع نہ کرائے جانے کے باعث ان کی کامیابی بلامقابلہ یقینی ہو گئی ذرائع کے مطابق جمعیت علماء اسلام اور نیشنل پارٹی اور جام گروپ مسلم لیگ ن نے پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار گل حسن محمد کے حق میں ووٹ دے کر انہیں کامیاب کروایا گل حسن محمد حسنی نے میونسپل کارپوریشن حب چیئرمین شپ کیلئے 46 ووٹ لیکر میدان مار لیا ہے۔

بقیہ 26

وقار کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا۔ قائد حزب اختلاف کے ریمارکس کا جواب دیتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ اگر ان سے کسی آئینی خلاف ورزی کا ارتکاب ہوا ہے تو اس کی واضح نشاندہی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بیانات دینا جن میں ہر گھر سے ایک فرد لے کر جنگی فورس بنانے، پاکستان کے خلاف کسی دوسرے ملک کا ساتھ دینے یا پاکستان کی مسلح افواج، عدلیہ اور ریاستی اداروں کے خلاف گفتگو شامل ہو، ایسی باتوں کو ایوان کے اندر ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے زور دیا کہ اظہار رائے کی پارلیمانی آزادی کو آئین، قواعد و ضوابط اور پارلیمانی روایات کے دائرے میں رہتے ہوئے استعمال کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست مخالف، اداروں کے خلاف یا اشتعال انگیز بیانات کو ایوان میں پیش کرنے سے روکنا کسی طور آئین کی خلاف ورزی نہیں بلکہ ایوان کے تقدس اور وقار کے تحفظ کی ذمہ داری ہے، جس کی پاسداری وہ ہر صورت یقینی بنائیں گے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ بعض اراکین ایک جانب پارلیمان کو غیر مؤثر یا غیر نمائندہ قرار دیتے ہیں، جبکہ دوسری جانب وہی اراکین ایوان میں اپنے مقررہ وقت سے کہیں زیادہ وقت تک اظہار خیال کرتے ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ جمہوری اداروں کے احترام اور استحکام کے لیے تعمیری اور ذمہ دارانہ طرز عمل ناگزیر ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے مزید کہا کہ پارلیمانی کمیٹیاں قانون سازی، نگرانی اور عوامی مسائل کے حل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے اراکین پر زور دیا کہ وہ کمیٹیوں کے اجلاسوں میں بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں تاکہ پارلیمانی نگرانی اور قانون سازی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ اجلاس کے دوران اسپیکر قومی اسمبلی نے اس امر پر بھی زور دیا کہ جب بھی پاکستان کے مفادات، خودمختاری اور سلامتی کا معاملہ درپیش ہو تو تمام سیاسی جماعتوں اور اراکین پارلیمان کو سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر متحد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ قومی مفاد، استحکام اور خودمختاری ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بجٹ اجلاس کے دوران اپنے ایک اور ریمارکس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ سینیٹ پارلیمان کا ایک اہم اور مؤثر حصہ ہے اور معزز سینیٹرز ہمارے قابل احترام ساتھی ہیں۔ انہوں نے اراکین کو تلقین کی کہ وہ ایسی گفتگو سے گریز کریں جس سے ایوان بالا یا اس کے معزز اراکین پر تنقید کا پہلو نکلتا ہو۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے دونوں ایوانوں کے درمیان باہمی احترام، ہم آہنگی اور پارلیمانی تعاون کے فروغ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مضبوط جمہوری نظام کے لیے قومی اسمبلی اور سینیٹ کے مابین قریبی روابط اور باہمی اعتماد ناگزیر ہیں۔

بقیہ 27

6 جون 2026ء بروز جمعرات اور جمعہ بند رہے گا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق 25 اور 26 جون کو 9 اور 10 محرم الحرام 1448 ہجری کے سلسلے میں ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی، جس کے پیش نظر مرکزی بینک ان دونوں روز معمول کی سرگرمیوں کے لیے بند رہے گا۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ تعطیلات کا اطلاق حکومت پاکستان کی جانب سے عاشورہ کے موقع پر جاری کردہ سرکاری چھٹیوں کے فیصلے کے مطابق ہوگا۔

بقیہ 28

۔ انہوں نے کہا کہ آج کا دن اخلاقی معاملات اٹھانے کا نہیں تھا اور اپوزیشن لیڈر کی جانب سے حکومت کو غیر قانونی قرار دینا حقائق کے منافی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اگر 2018 کے انتخابات کی تحقیقات کرلی جائیں تو "دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی" ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر 2018 میں بننے والی حکومت جائز تھی تو موجودہ حکومت بھی آئینی اور قانونی حیثیت رکھتی ہے۔ اس سے قبل اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی تقریر کے بعد ایوان میں گرما گرمی دیکھنے میں آئی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ انہیں بتایا جائے کہ انہوں نے کون سا آئین توڑا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وہ کسی رکن کو پاکستان یا عدلیہ کے خلاف بات کرنے کی اجازت نہیں دیں گے اور اپوزیشن لیڈر کو ان کے مقررہ وقت سے دوگنا وقت دیا گیا۔ اجلاس کے دوران جمعیت علمائے اسلام (ف) کے علاوہ دیگر اپوزیشن جماعتوں کے ارکان نے احتجاجاً ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ بعد ازاں قومی اسمبلی میں فنانس بل 2026 کی منظوری کا عمل شروع ہوا، جہاں عالیہ کامران، نعیمہ کشور اور شاہدہ اختر علی کی جانب سے پیش کی گئی ترامیم مسترد کر دی گئیں، جبکہ علی قاسم گیلانی نے اپنی ترمیم واپس لے لی۔

بقیہ 29

کردار ادا کیا ہے۔ صدر مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ خواتین سفارت کاروں کے عالمی دن پر ان خواتین کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے جنہوں نے اقوام کے درمیان مکالمے، باہمی فہم و ادراک اور تعاون کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سفارت کاروں کی کاوشوں نے بین الاقوامی روابط کو مستحکم کیا اور مشکل و غیر یقینی حالات میں تنازعات کے پرامن حل کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان میں خواتین کی سفارت کاری اور قومی زندگی میں خدمات کی ایک درخشاں روایت موجود ہے۔ انہوں نے بیگم رعنا لیاقت علی خان کو قیام پاکستان کے ابتدائی برسوں میں بیرون ملک پاکستان کی باوقار اور مؤثر نمائندگی کا کریڈٹ دیا، جبکہ بیگم شائستہ اکرام اللہ کو اقوام متحدہ میں پاکستان کے اولین نمائندوں میں شامل قرار دیتے ہوئے انسانی حقوق اور نئی آزاد ہونے والی اقوام کی آواز عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں ان کے کردار کو سراہا۔ صدر مملکت نے بینظیر بھٹو کی خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عالم اسلام کی پہلی خاتون وزیر اعظم کے طور پر پاکستان کے بین الاقوامی روابط کو وسعت دی اور عالمی فورمز پر ملک کے مقام کو مزید مستحکم کیا۔ انہوں نے کہا کہ وقت گزرنے کے ساتھ پاکستانی خواتین نے دفتر خارجہ اور سفارتی خدمات کے مختلف اعلیٰ مناصب، بشمول سفیر، مستقل مندوب، سیکرٹری خارجہ اور مشن سربراہ، پر فرائض انجام دیے اور دوطرفہ تعلقات، اقوام متحدہ اور دیگر کثیر الجہتی اداروں میں پاکستان کی مؤثر نمائندگی کی۔ صدر آصف علی زرداری کے مطابق موجودہ عالمی حالات، جن میں مسلح تنازعات، جغرافیائی سیاسی کشیدگی، موسمیاتی چیلنجز، تیز رفتار تکنیکی تبدیلیاں اور نئے سلامتی خطرات شامل ہیں، خواتین سفارت کاروں کے کردار کو مزید اہم بنا دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سفارت کار پاکستان کے قومی مفادات کے فروغ کے ساتھ ساتھ ریاستوں کے درمیان کشیدگی کے دوران رابطے اور مکالمے کے دروازے کھلے رکھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ سفارت کاری کا بنیادی مقصد امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے سازگار حالات پیدا کرنا ہے، جس کے لیے جامع تیاری، منظم مذاکرات، جزئیات پر گہری نظر اور مختلف نقطہ ہائے نظر کو سمجھنے کی صلاحیت درکار ہوتی ہے۔ ان کے بقول خواتین سفارت کاروں نے ان تمام شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے کر سفارتی اداروں کو مضبوط بنانے میں مسلسل کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان عوامی خدمات کے تمام شعبوں میں مساوی مواقع کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے، جبکہ آئین تمام شہریوں کو مساوی حقوق اور قانون کے تحت یکساں سلوک کی ضمانت دیتا ہے۔ صدر نے کہا کہ دفتر خارجہ سمیت قومی اداروں میں خواتین کی بھرپور شمولیت کی حمایت جاری رکھی جائے گی، اور آج پاکستانی خواتین کی بڑھتی ہوئی تعداد سفارتی مشنز اور بین الاقوامی تنظیموں میں اہم ذمہ داریاں نبھا رہی ہے۔ صدر نے اپنے پیغام میں حالیہ سفارتی پیش رفت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ مستقل رابطے اور خاموش سفارت کاری کی اہمیت ایک بار پھر اجاگر ہوئی ہے، اور ریاستہائے متحدہ امریکہ واسلامی جمہوریہ ایران کے درمیان مفاہمتی یادداشت کی تشکیل میں پاکستان کی معاونت اسی طرز عمل کی عکاس ہے، جس کی بنیاد مکالمے اور کشیدگی میں کمی پر ہے۔ اپنے پیغام کے اختتام پر صدر مملکت نے پاکستان کی ماضی و حال کی تمام خواتین سفارت کاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات نے بیرون ملک پاکستان کے وقار اور ساکھ کو مضبوط بنایا ہے اور سفارتی کاوشوں کو مزید مؤثر اور بامعنی بنایا ہے۔

بقیہ 30

پر یقین رکھتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز کو درپیش مسائل کے حل اور تدریسی معیار کی بہتری سے متعلق منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے فوری اور مستقل حل کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات زاہد سلیم، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن محمد صالح بلوچ شریک ہوئے، جبکہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سعادت بلوچ نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یونیورسٹی آف مکران پنجگور کے شعبہ کمپیوٹر سائنسز میں فوری طور پر پی ایچ ڈی سطح کے چیئرمین اور دو متعلقہ لیکچررز کی تعیناتی کے لیے سمری بلا تاخیر ارسال کی جائے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ شعبے میں مستقل اور باقاعدہ تدریسی اسٹاف کی تعیناتی کو بھی جلد از جلد یقینی بنایا جائے گا تاکہ تدریسی عمل کو مؤثر اور معیاری بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ جامعات میں تعلیمی معیار کی بہتری اور خاص طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سائنس جیسے اہم شعبوں کو مضبوط بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید علوم سے آراستہ کرنا صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے حصول میں کسی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے مستقل حل کے لیے عملی اور دیرپا اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 31

والی کوششوں پر بھی گفتگو کی گئی۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کی امن کوششوں کے لیے چین کی مسلسل اور مستقل حمایت کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں استحکام اور مکالمے کے فروغ کا خواہاں ہے۔ انہوں نے چین کے صدر "شی جن پنگ" کی چار نکاتی امن تجویز اور چین-پاکستان پانچ نکاتی اقدام کو بھی اہم قرار دیا۔ ترجمان کے مطابق چینی سفیر نے خطے میں کشیدگی میں کمی کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے پاکستان کی تمام کوششوں کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے اس بات پر زور دیا کہ تمام زیر التوا مسائل کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری ہی بہترین راستہ ہے۔ نائب وزیراعظم نے پاکستان اور چین کے درمیان آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ ترقی، امن اور استحکام کے اہداف کے لیے قریبی تعاون جاری رکھیں گے۔

بقیہ 32

کریڈٹ وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور ان کی ٹیم کی اہم شخصیات کو حاصل ہے اس تاریخی معاہدے سے دنیا بھر میں حکومت پاکستان کے وقار عزت سفارتی کامیابی حاصل ہو چکی ہے۔ مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ حالیہ پیٹرولیم مصنوعات کے نرخوں میں کمی کی منظوری کے فیصلہ کا پاکستانی عوام خیر مقدم کرتے ہیں۔ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے سبب مزید کمی کی جائے تاکہ لوگوں کو ریلیف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ لبنان پر اسرائیل کے مزید حملوں سے اسرائیلی حکومت تاریخی معاہدہ کو ناکام کرنے اور عالم اسلام کے مسلمانوں خصوصاً فلسطین غزہ کے مجاہدین کیساتھ ازلی دشمنی کر رہا ہے۔

بقیہ 33

خت ہو رہا ہے۔ دالبندین سمیت ضلع چاغی کے مختلف علاقوں میں ایرانی فیول اس وقت 305 روپے سے لے کر 315 روپے فی لیٹر تک فروخت کیا جا رہا ہے۔ ایرانی فیول کی قیمتوں میں اضافے کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ تاجر برادری اور عام شہری بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ پاک ایران سرحدی ضلع چاغی میں عموماً ایرانی فیول ہی استعمال کیا جاتا ہے، تاہم پاکستانی فیول کی عدم دستیابی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایرانی فیول فروخت کرنے والے منی پمپس مالکان اپنی من مانی کر رہے ہیں۔ فیول کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں انتظامیہ بے بس نظر آتی ہے جبکہ فیول مافیا اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے عوام کو لوٹ رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ فیول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافہ ہو چکا ہے، جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ بھی مہنگی فروخت ہو رہی ہیں۔ شہریوں نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ خدارا ضلع چاغی کے عوام کو پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے نجات دلانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ اس وقت شہر بھر میں قائم اوپن منی پمپس اپنی مرضی کے نرخ مقرر کر کے فیول فروخت کر رہے ہیں جو پاکستانی پیٹرول سے بھی زیادہ ہیں۔ عموماً ایرانی فیول پاکستانی فیول کے مقابلے میں 100 سے 150 روپے فی لیٹر سستا فروخت ہوتا رہا ہے، مگر ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی اور جنگی صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ناجائز منافع خور عوام کو اب تک لوٹ رہے ہیں۔

تعمیر وطن انٹرنیشنل
International

افغانستان میں داڑھی چھوٹی ہونے پر 20 امدادی کارکن گرفتار، امدادی تنظیموں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

کابل (آئی این پی) افغانستان میں طالبان حکومت کے مبینہ طور پر مقررہ معیار کے مطابق داڑھی نہ رکھنے پر 20 امدادی کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ طالبان حکومت نے امدادی کارکنوں کو حراست میں لیا، جس پر امدادی تنظیموں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ طالبان حکومت کی جانب سے ایسے اقدامات پر عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق گرفتار کیے گئے افراد مختلف امدادی اداروں سے وابستہ تھے اور افغانستان کے دور دراز علاقوں میں خدمات انجام دے رہے تھے۔ ذرائع کے مطابق افغان صوبوں میں کام کرنے والے مختلف امدادی اداروں کے کارکنان کو سرحدی استقبالی مراکز میں حراست میں لیا گیا جبکہ 20 افغان اہلکاروں کو کام کرنے سے روک دیا گیا ہے۔

امریکی صدر کے دھمکی آمیز بیانات کے بعد ایرانی وفد نے مذاکرات چھوڑ دیئے ہیں، باقر قالیباف

تہران (آئی این پی) ایران کی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکی صدر کے دھمکی آمیز بیانات کے بعد ایرانی وفد نے مذاکرات چھوڑ دیئے ہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ایران اپنے قومی مفادات کا تحفظ کرے گا اور کسی دباؤ کو قبول نہیں کرے گا۔

امریکی ڈیموکریٹس نے ٹرمپ کی ایران بارے پالیسی کو متضاد قرار دے دیا

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ایوان نمائندگان کی خارجہ امور کمیٹی کے ڈیموکریٹ ارکان نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ایران پالیسی کو متضاد قرار دے دیا۔ ڈیموکریٹس کا کہنا ہے کہ ایک طرف امریکہ ایران کے ساتھ جنگ کے خاتمے کی بات کر رہا ہے اور دوسری جانب پابندیوں اور دھمکیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈیموکریٹک ارکان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ بار بار اپنا موقف تبدیل کر رہی ہے اور اس کے باعث خطے میں غیر یقینی صورتحال پیدا ہو رہی ہے۔ ایک طرف ایران کو مذاکرات کی دعوت دی جاتی ہے جبکہ دوسری جانب ایران کی معیشت پر دباؤ بڑھایا جاتا ہے، جس سے ایران کے ساتھ اعتماد سازی کا عمل متاثر ہو رہا ہے۔ پیش رفت حاصل کرنے کے بجائے تہران کو بڑی سہولتیں فراہم کر دی گئیں، ان کا کہنا تھا کہ ایران کے حوالے سے واضح حکمت عملی اپنانے کی ضرورت ہے اور اس حوالے سے ایوان میں مزید بحث کی جائے گی۔

چین میں 2025 میں ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری 67.3 ٹریلین یوان سے تجاوز کر گئی

بیجنگ (یو این پی) چین کی وزارت ٹرانسپورٹ نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ 2025 میں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں چین کی مستقل اثاثہ جاتی سرمایہ کاری 67.3 ٹریلین یوان سے تجاوز کر گئی۔ رپورٹ کے مطابق ملک بھر میں شاہراہوں کی مجموعی لمبائی 55 لاکھ کلومیٹر سے زائد ہو گئی جبکہ دیہی سڑکوں کا جال 47 لاکھ 11 ہزار 200 کلومیٹر تک پھیل گیا۔

غیر قانونی سرگرمیوں اور بدامنی میں ملوث افغانیوں کے گرد گھیرا مزید تنگ

کابل (آئی این پی) دنیا بھر میں مختلف جرائم میں ملوث غیر قانونی مقیم افغان مہاجرین کے گرد گھیرا مزید تنگ کیا جا رہا ہے۔ افغان مہاجرین کو ملک بدر کرنے کیلئے مختلف ممالک میں کارروائیاں جاری ہیں۔ افغان انٹرنیشنل کے مطابق رواں سال کے پہلے 5 ماہ میں ترکیہ سے 16 ہزار 436 افغان مہاجرین کو گرفتار کر لیا گیا۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق منشیات، انسانی اسمگلنگ اور دیگر جرائم میں ملوث افغان شہری کئی ممالک کیلئے سیکیورٹی خطرہ بن چکے ہیں۔ جرائم کے مرتکب افغان شہریوں کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ وسیع کیا جا رہا ہے اور ملک بدری کا عمل تیز کر دیا گیا ہے۔ افغان مہاجرین 5 سال سے انسانی اسمگلنگ اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث رہے جبکہ 11 افغان مہاجرین کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ 32 افغان شہریوں کو افغانستان واپس بھیجا گیا۔

عالمی تنازعات کا ذمہ دار امریکہ، ایٹمی طاقت ہونا اب ضرورت ہے، کم جونگ ان

پیانگ یانگ (آئی این پی) شمالی کوریا کے لیڈر کم جونگ ان نے کہا ہے کہ عالمی تنازعات کا ذمہ دار امریکہ ہے اور ایٹمی طاقت ہونا اب ضرورت ہے۔ ناقابل تصور واقعات اور بحرانوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی حفاظت کیلئے جوہری صلاحیت میں اضافہ ناگزیر ہے اور امریکہ اور اس کے اتحادیوں کی جارحانہ پالیسیاں دنیا کو خطرے میں ڈال رہی ہیں۔ حکمران ورکرز پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب میں کم جونگ ان نے کہا کہ جنوبی کوریا کے ساتھ کشیدگی برقرار ہے اور جوہری ریاست کی حیثیت ناقابل واپسی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمالی کوریا اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنائے گا۔

امریکی صدر کی صحت پر سوال

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی صحت کے حوالے سے ایک بار پھر قیاس آرائیاں شروع ہو گئی ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق میری ٹرمپ نے اپنے ہفتہ وار نیوز لیٹر میں ڈونلڈ ٹرمپ کی صحت سے متعلق کی جانے والی قیاس آرائیوں کے حوالے سے لکھا کہ امریکی صدر کی صحت ذہنی اور جسمانی طور پر خراب ہو رہی ہے۔

چین اور قازقستان کو قریبی تعاون کو مضبوط بنانا چاہیے، چینی وزیر اعظم

بیجنگ (یو این پی) چین کے وزیر اعظم لی چھیانگ نے قازقستان کے ساتھ دو طرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا ہے۔ قازقستان کے وزیر اعظم سے ملاقات میں انہوں نے کہا کہ چین اور قازقستان جامع اسٹریٹجک شراکت دار ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے تحت منصوبوں کو آگے بڑھایا جائے گا اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان روابط کو مضبوط بنانا چاہیے۔

عمان، ایران کا آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ آمدورفت برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ

مسقط (آئی این پی) عمان نے آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ آمدورفت برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ عمانی وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے کہا ہے کہ انہوں نے ایرانی حکام کے ساتھ ملاقاتوں میں آبنائے ہرمز سے بلا معاوضہ اور محفوظ بحری آمدورفت کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ چین کرے گا، امریکی میڈیا

کرنسی 1973 میں عرب ممالک کی جانب سے تیل کی پابندی کے دوران عالمی سپلائی میں صرف 7 فیصد کی آئی تھی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ چین کرے گا۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کی رپورٹ کے مطابق عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار ہیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کے باعث تیل کی ترسیل متاثر ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران میں جنگ کے باعث روزانہ 1 کروڑ 10 لاکھ بیرل سے زائد تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، تاہم اس کے باوجود عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں توقع سے کم بڑھیں۔ سوسائٹی جنرل کے تجزیہ کاروں کے مطابق 1973 میں عرب ممالک کی جانب سے تیل کی پابندی کے دوران عالمی سپلائی میں صرف 7 فیصد کمی آئی تھی، تاہم اس وقت قیمتوں میں 300 فیصد اضافہ ہوا۔ حالیہ بحران میں بھی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، تاہم خام تیل کی قیمت 78 ڈالر فی بیرل سے اوپر نہیں گئی، کیونکہ سرمایہ کاروں کو امید ہے کہ آبنائے ہرمز جلد کھل جائے گی۔ ماہرین کے مطابق چین کی جانب سے تیل کی خریداری کم کرنے یا ذخائر استعمال کرنے سے قیمتوں پر نمایاں اثر پڑ سکتا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق چین دنیا میں تیل کا سب سے بڑا درآمد کنندہ ہے اور اس کے فیصلے عالمی منڈی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ چین کے پاس تیل کے بڑے ذخائر موجود ہیں۔

چین میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے بدستور کشش برقرار، غیر ملکی کمپنیوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ

بیجنگ (یو این پی) چین کی ریاستی کونسل کے انفارمیشن آفس کے زیر اہتمام منعقدہ پریس کانفرنس میں وزارت تجارت کے نائب وزیر اور بین الاقوامی تجارتی مذاکرات کے نائب نمائندے لنگ جی نے غیر ملکی سرمایہ کاری سے متعلق تازہ ترین اعداد و شمار اور پالیسی اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ چین میں غیر ملکی سرمایہ کاری والی کمپنیوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے۔ 2025 کے اختتام تک ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے حامل اداروں کی تعداد 5 لاکھ 33 ہزار تک پہنچ گئی، جبکہ غیر ملکی سرمایہ کاری کا مجموعی حجم تقریباً 4 ٹریلین امریکی ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ گزشتہ پانچ برسوں کے دوران اس میں اوسطاً 6.3 فیصد سالانہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 2025 کے دوران 8 ہزار سے زائد غیر ملکی کمپنیوں نے چین میں اپنی سرمایہ کاری میں مزید اضافہ کیا، جو سالانہ بنیاد پر 10 فیصد سے زیادہ نمو ظاہر کرتا ہے۔ رواں سال کے پہلے پانچ ماہ میں تقریباً 4 ہزار غیر ملکی کمپنیوں نے چین میں اضافی سرمایہ کاری کی۔ اعداد و شمار کے مطابق "چودھویں پانچ سالہ منصوبے" کے دوران غیر ملکی سرمایہ کاری والے اداروں کی مجموعی کاروباری آمدنی 7.262 ٹریلین یوان اور منافع 4.21 ٹریلین یوان رہا۔

بھارت میں چار سکھوں کی گرفتاری کے لئے فوج طلب

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی ریاست اترا کھنڈ کے ضلع رودر پریاگ میں پولیس کی جانب سے مطالبہ پر نہنگ سکھوں کو گرفتار کرنے کیلئے فوج طلب کر لی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق علاقے میں چار سکھوں کی گرفتاری کے لیے پولیس اور مسلح سکھوں کے درمیان کشیدگی پیدا ہو گئی۔ معاملہ اس وقت شروع ہوا جب نہنگ سکھوں کا ایک گروپ گرودوارے جا رہا تھا اور پولیس نے انہیں پارکنگ کے تنازع پر روکا، بات بڑھنے پر جھگڑا ہو گیا۔ تاہم سکھوں نے گرفتاری دینے سے انکار کر دیا جس کے بعد فوج کو طلب کر لیا گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فوج کی مدد سے سکھوں کو گرفتار کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔

مارچ کے بعد پہلی بار لبنان میں اسرائیلی فضائی حملے رک گئے، اقوام متحدہ

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ مارچ کے بعد پہلی بار ایسا دن گزرا ہے کہ لبنان میں کسی اسرائیلی فضائی حملے کا مشاہدہ نہیں کیا گیا۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے نیویارک میں صحافیوں کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ جنوبی لبنان میں اقوام متحدہ کے امن دستوں نے پیر کے روز کوئی فضائی حملہ نہیں دیکھا۔ تاہم جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوج کی زمینی کارروائیاں اور ڈرون پروازیں جاری رہیں۔ ترجمان نے کہا کہ صورتحال بدستور نازک ہے اور اقوام متحدہ تمام فریقین پر تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیتا ہے۔

ٹیکساس، ٹرک الٹنے سے 20 لاکھ شہد کی مکھیاں آزاد ہو گئیں

حکام کی قریبی آبادی کے رہائشیوں کو گھروں میں رہنے کی ہدایت

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست ٹیکساس میں ایک ٹرک الٹنے سے 20 لاکھ شہد کی مکھیاں آزاد ہو گئیں۔ حکام نے قریبی آبادی کے رہائشیوں کو گھروں میں رہنے کی ہدایت جاری کر دی۔ حادثہ اس وقت پیش آیا جب شہد کی مکھیوں کے چھتے لے جانے والا ٹرک ایک موڑ کاٹتے ہوئے الٹ گیا۔ ٹرک میں تقریباً 50 ہزار شہد فارم منتقل کرنے کی کوششیں شروع کر دیں۔

میانمار کی فوج نے 6 ماہ میں 700 سے زائد شہری مار ڈالے، اقوام متحدہ رپورٹ

505 افراد جنگی طیاروں، ڈرونز، توپخانے اور دیگر فضائی حملوں میں مارے گئے، خواتین اور بچے بھی متاثر ہوئے

جنیوا (آئی این پی) اقوام متحدہ نے تازہ رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ میانمار کی فوج نے گزشتہ سال کے انتخابات کے بعد چھ ماہ کے عرصے میں 700 سے زائد شہریوں کو ہلاک کر دیا۔ فوجی کارروائیوں میں خواتین اور بچے بھی بڑی تعداد میں متاثر ہوئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر کی جانب سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگست 2025 سے جنوری 2026 تک کے عرصے میں کم از کم 702 شہریوں کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی۔ ہلاک ہونے والوں میں 224 خواتین اور 153 بچے شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق فضائی حملے شہری ہلاکتوں کی سب سے بڑی وجہ بنے۔ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ کم از کم 505 افراد جنگی طیاروں، ڈرونز، ... منسوب کی گئی ہیں۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ دیگر مسلح گروہوں کے ہاتھوں ہونے والی تمام ہلاکتیں اس رپورٹ میں شامل نہیں ہیں اور اصل تعداد اس سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ میانمار میں 2021 میں فوجی بغاوت کے بعد خانہ جنگی شروع ہوئی تھی، جب فوج نے منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر اقتدار سنبھال لیا تھا۔ بعد ازاں فوجی حکومت نے محدود انتخابات کا انعقاد کیا، جنہیں عالمی سطح پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید گر گئیں

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی واقع ہوگئی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق سرمایہ کاروں کے خدشات کم ہونے اور تیل کی سپلائی معمول پر آنے کی توقعات کے باعث برینٹ خام تیل اور ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ برینٹ خام تیل کی کمی کے بعد 78.80 ڈالر فی بیرل جبکہ ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت 74.30 ڈالر فی بیرل پر آگئی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات میں پیش رفت سے آبنائے ہرمز میں ممکنہ رکاوٹوں کے خدشات کم ہوئے ہیں، جس کے باعث عالمی توانائی منڈی میں استحکام کے آثار پیدا ہوئے ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اگر دونوں ممالک کے درمیان معاہدے پر عمل درآمد جاری رہا تو تیل کی سپلائی بہتر ہونے کے ساتھ قیمتوں میں مزید کمی ہو سکتی ہے۔

کتاب "شی جن پھنگ کی پارٹی بلڈنگ سے متعلق منتخب تحریریں" کی جلد اول اور جلد دوم کی اشاعت

بیجنگ (یو این پی) کتاب شی جن پھنگ کی پارٹی بلڈنگ سے متعلق منتخب تحریریں" کی جلد اول اور جلد دوم حال ہی میں مرکزی ترجمہ و اشاعت پریس نے شائع کی، اور اب یہ ملکی قارئین کے لئے دستیاب ہے۔ کیمونسٹ پارٹی آف چائنا کی مرکزی کمیٹی کی پارٹی ہسٹری اینڈ لٹریچر ریسرچ اکیڈمی نے ان کتابوں کی تدوین کی۔ اس کتاب کی جلد اول اور جلد دوم میں نومبر 2012 سے فروری 2026 کے درمیان پارٹی بلڈنگ کے حوالے سے شی جن پھنگ کے اہم ترین اور بنیادی تحریریں شامل ہیں۔

سوئٹزرلینڈ میں ایران امریکہ تکنیکی مذاکرات اختتام پذیر، مذاکرات

جوہری معاملات، معاشی پابندیوں اور تعمیر نو پر ورکنگ گروپس قائم کرنے پر اتفاق

تہران (آئی این پی) سوئٹزرلینڈ میں امریکہ اور ایران کے مابین جاری تکنیکی مذاکرات کے دوران فریقین نے جوہری مسائل اور پابندیوں سے متعلق معاملات کیلئے چار ورکنگ گروپس بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق ایران اور امریکہ کے درمیان سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے تکنیکی مذاکرات اختتام پذیر ہو گئے جس میں جوہری امور اور پابندیوں سے متعلق آئندہ مرحلے کے لیے 4 ورکنگ گروپس تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق 4 ورکنگ گروپس قائم کیے جائیں گے جن میں پابندیوں کے خاتمے، جوہری امور، تعمیر نو اور اقتصادی ترقی، اور نگرانی و عملدرآمد کے شعبے شامل ہوں گے۔ ارنا نے ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی کے حوالے سے بتایا کہ ورکنگ گروپس معاہدے کی تکنیکی تفصیلات پر عملدرآمد اور مختلف شعبوں میں جاری مذاکرات کے ذمہ دار ہوں گے۔ ایران کے نیم سرکاری میڈیا اداروں تسنیم کے مطابق نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے بتایا ہے کہ ان ورکنگ گروپس کے علاوہ دو سیل بھی بنائے جائیں گے۔ ان میں سے ایک سیل مفاہمتی یادداشت کے رکن ممالک کے درمیان آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی بحفاظت نقل و حمل کے حوالے سے کام کرے گا۔

امریکہ، ٹیسلا گاڑی آٹو پائلٹ موڈ میں بے قابو ہو کر گھر میں جا گھسی، ایک خاتون ہلاک

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست ٹیکساس میں ٹیسلا کی ایک گاڑی آٹو پائلٹ نظام پر بے قابو ہو کر گھر توڑ کر اندر داخل ہو گئی جس کے نتیجے میں 76 سالہ خاتون ہلاک ہو گئیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کیٹی شہر میں ایک ٹیسلا ماڈل 3 سڑک سے بے قابو ہو کر ایک رہائشی مکان کی دیوار توڑتے ہوئے اندر داخل ہو گئی۔ گھر کے اندر موجود 76 سالہ مارتھا ویلا گاڑی کی زد میں آ گئیں اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئیں۔ ڈرائیور مائیکل بٹلر نے دعویٰ کیا کہ حادثے کے وقت گاڑی کا آٹو پائلٹ نظام فعال تھا۔ تاہم ٹیسلا کے آٹو پائلٹ پروگرام کے سربراہ اشوک ایلسوامی نے کہا کہ ڈرائیور نے حادثے سے قبل ایکسلیریٹر مکمل طور پر دبا کر نظام کو اوور رائیڈ کیا۔

12 ارب ڈالر اثاثوں کے اجرا کے لیے دستخط کو حتمی شکل دیدی، باقر قالیباف

سوئٹزرلینڈ مذاکرات کی بنیاد پر لبنان کی علاقائی سالمیت و خودمختاری کی ضمانت دینے پر اتفاق کیا ہے، بیان

تہران (یو این پی) ایران کے چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ سوئٹزرلینڈ مذاکرات میں 12 ارب ڈالر کے منجمد اثاثوں کے اجرا کے لیے دستخط کو حتمی شکل دے دی گئی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمدورفت پر رابطے کا نظام قائم کرنے پر اتفاق کیا ہے، اقدام کا مقصد کسی بھی قسم کے تصادم یا کشیدگی سے بچنا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سوئٹزرلینڈ مذاکرات کی بنیاد پر لبنان کی علاقائی سالمیت و خودمختاری کی ضمانت دینے پر اتفاق کیا ہے، آبنائے ہرمز پر مشاورت کے لیے ایرانی وفد عمان پہنچ گیا ہے۔ باقر قالیباف نے مزید کہا کہ وفد میں وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی شامل ہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ ایران اپنے طریقہ کار کے مطابق بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی آئی اے ای اے سے تعاون جاری رکھے گا، فیصلے مشاورتی اسمبلی اور سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے مطابق ہوں گے۔

چینی عوام کے لئے غذائی تحفظ قومی ترقی کے لیے اولین ترجیح ہے، چینی میڈیا

چین کی خود انحصاری کی رفتار مزید تیز ہو گئی ہے، رپورٹ

بیجنگ (یو این پی) چین کے سرکاری زرعی اخبار نے خبر شائع کی کہ ملک بھر میں موسم گرما کی فصلوں کی وسیع پیمانے پر مشینی کٹائی کا عمل مکمل ہو چکا ہے، بھرپور فصل یقینی ہے اور چودھویں پانچ سالہ منصوبے کے آغاز کے سال کی پہلی فصل محفوظ طریقے سے گوداموں میں پہنچ چکی ہے۔ اس کے ساتھ ہی چین کے مرکزی میڈیا کی جانب سے تقریباً ایک ماہ تک جاری رہنے والی وسیع اور ہمہ جہت کوریج بھی اختتام کو پہنچی، جو بظاہر "ہر سال کی طرح" "معمول کا حصہ" دکھائی دیتی ہے۔ مغربی میڈیا کے مبصرین اکثر اس پر حیرت کا اظہار کرتے ہیں۔ مغربی ذرائع ابلاغ عموماً توجہ حاصل کرنے کے لیے، تنازعات اور سنسنی خیز موضوعات کو اہمیت دیتے ہیں، جبکہ اناج کی کٹائی جیسی معمول کی خبریں، جس میں کوئی سنسنی نہیں ہوتی، مغربی مرکزی میڈیا کی خبروں کا حصہ نہیں بن پاتیں۔ اس کے برعکس چینی میڈیا گزشتہ کئی دہائیوں سے موسم گرما اور خزاں کے دوران فصلوں کی بوائی اور کٹائی کے اہم مواقعوں پر صفحہ اول، خصوصی کالموں اور پرائم ٹائم نشریات کے ذریعے پیداوار اور کٹائی کے عمل کے ہر مرحلے کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ بظاہر غیر معمولی، مستقل کوریج محض تشہیر نہیں بلکہ قومی بقاء اور ترقی کی بنیادوں کو غیر معمولی اہمیت دینے کا مظہر ہے۔ یہ چین کے اس "بنیادی تحفظاتی طرز فکر" کا واضح اظہار ہے جو چین کی اس گہری روایت کو ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑا ہے اور صورتحال پر مکمل طور پر اس کے قابو میں ہے۔ چینی عوام کے نزدیک غذائی تحفظ ریاستی استحکام اور قومی ترقی کے لیے اولین ترجیح ہے اور یہی پائیدار ترقی کو برقرار رکھنے کا بنیادی ذریعہ ہے۔ چین جانتا ہے کہ کسی بڑی طاقت کی پائیدار ترقی مضبوط سلامتی کے بغیر ممکن نہیں۔ مغربی دنیا کا یہ تصور رہا ہے کہ "عظیم طاقتوں کا عروج اتحاد، بلاک کی سیاست اور مقابلہ آرائی کے ذریعے ممکن ہوتا ہے"، لیکن چین نے ایک منفرد راستہ اختیار کیا ہے۔ مغربی طاقتیں اتحادی بلاک، مفادات کے باہمی جال اور مقابلہ بازی پر انحصار کرتی ہیں اور اپنی سلامتی کو اتحادی نظام اور علاقائی بالادستی سے وابستہ رکھتی ہیں جبکہ چین "اتحاد نہیں، بلکہ شراکت داری" کے اصول پر عمل کرتے ہوئے کسی بھی قسم کی گروہ بندی اور محاذ آرائی سے گریز کرتا ہے۔

برطانوی وزیر اعظم بننے کی دوڑ میں سر فہرست اینڈی برنہم نے رکن پارلیمنٹ کا حلف اٹھا لیا

لندن (آئی این پی) کیئر اسٹارمر کے استعفے کے بعد برطانوی وزیر اعظم بننے کی دوڑ میں سر فہرست اینڈی برنہم نے رکن پارلیمنٹ کا حلف اٹھا لیا۔ وزارت عظمیٰ کی دوڑ میں شامل ہونے کے لیے انہوں نے گریٹر مانچسٹر کے میئر کا عہدہ چھوڑ کر مارکرز فیلڈ کا ضمنی انتخاب جیتا ہے۔ اینڈی برنہم خود کو سوشلسٹ کہتے ہیں اور لیبر پارٹی کے نرم بائیں بازو سے تعلق رکھتے ہیں۔

ایران نے جوہری معائنہ کاروں کو آنے کی اجازت دی، وینس

ہم نے ایسا طریقہ کار قائم کرلیا ہے جس سے آبنائے ہرمز کھلی رہے گی، بیان

واشنگٹن (یو این پی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس سوئٹزرلینڈ سے واپس امریکا روانہ ہو گئے، انہوں نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں گزارے 36 گھنٹے بہت نتیجہ خیز رہے، ہم نے تبدیل شدہ اور مختلف مشرق وسطیٰ کی بنیاد رکھی ہے، اب اس پر کام جاری رکھنا ہوگا۔ ایک بیان میں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا کہ ایران نے بہت عرصے بعد ہتھیاروں، جوہری پروگرام کے معائنہ کاروں کو آنے کی اجازت دی ہے۔ جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ معائنہ کاروں کو داخلے کی اجازت بڑی بات ہے لیکن ہمیں دیکھنا ہے کہ معائنہ کرایا جاتا ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم یقینی بنائیں گے کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کر سکے، ایران کے ساتھ تکنیکی مذاکرات میں مسلسل پیش رفت ہو رہی ہے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ ہم نے ایسا طریقہ کار قائم کر لیا ہے جس سے آبنائے ہرمز کھلی رہے گی۔ اب ایندھن کی قیمتیں مزید کم ہوتی رہیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقائی جنگ بندی یقینی بنانے کے لیے بھی مناسب نظام قائم کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگ بندی برقرار رکھنے کیلئے ہم اتحادیوں، اسرائیلیوں، خلیجی ممالک سب کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔

چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین کا انعقاد سپلائی چین کی تازہ ترین کامیابیوں کو دکھانے کا ایک اہم موقع ہے، چینی میڈیا

مجموعی طور پر شرکت کرنے والے اداروں کی تعداد 1200 سے تجاوز کرنے کی توقع ہے

بیجنگ (یو این پی) دنیا کو جوڑیں، مستقبل کی تخلیق کریں" کے موضوع پر چوتھی چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین ایکسپو کا افتتاح بیجنگ کے چائنا انٹرنیشنل ایگزی بیشن سینٹر میں ہوا۔ یہ دنیا کی پہلی قومی سطح کی نمائش ہے جو سپلائی چین تعاون کے موضوع پر منعقد کی جاتی ہے، اور گزشتہ تین کامیاب ایکسپوز کے بعد یہ ایک موثر بین الاقوامی عوامی پلیٹ فارم کی صورت اختیار کر چکی ہے۔ آج جب دنیا میں غیر معمولی تبدیلیاں تیز ہو رہی ہیں، جغرافیائی تنازعات جاری ہیں، اور "ڈی کپلنگ" کی آوازیں بلند ہیں، تو ایسے پیچیدہ پس منظر میں چوتھی چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین ایکسپو کا بروقت انعقاد نہ صرف عالمی صنعتی اور سپلائی چین کی تازہ ترین کامیابیوں کو دکھانے کا ایک اہم موقع ہے، بلکہ چین کی جانب سے اپنے عملی اقدامات کے ذریعے ایک غیر مستحکم دنیا کے لئے یقین دہانی کا اظہار، اور چین کے ساتھ "ڈی کپلنگ" کے بیانیے کا واضح جواب بھی ہے۔ اس ایکسپو کی بنیادی اہمیت "چین" میں مضمر ہے۔ یہ روایتی نمائشوں کی طرح محض مصنوعات کی نمائش تک محدود نہیں، بلکہ صنعتی ماحولیاتی نظام کا ایک مکمل منظر نامہ پیش کرتی ہے۔ اس سال کی ایکسپو میں "چھ بڑے صنعتی چین اور ایک سپلائی چین سروس ایریا" قائم کیا گیا ہے، جو ڈیجیٹل انٹیلی جنس ٹیکنالوجی، جدید مینوفیکچرنگ، صاف توانائی اور سبز زراعت جیسے کلیدی شعبوں کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ ایکسپو سپلائی چین کے بالائی اور زیریں حصوں میں شامل اداروں اور چین سے منسلک کمپنیوں کو "ہاتھ ملا کر" "مشترکہ طور پر" نمائش میں حصہ لینے کا موقع دیتی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق، نمائش میں 85 ممالک، خطوں اور بین الاقوامی تنظیموں سے تعلق رکھنے والے 676 چینی اور غیر ملکی ادارے شریک ہیں۔ شرکاء میں دنیا کی فارچون 500 اور مختلف شعبوں کی نمایاں کمپنیوں کا تناسب 65 فیصد سے زیادہ ہے۔ نمائش کنندگان کے ساتھ ان کی صنعتی اور سپلائی چین سے وابستہ شراکت دار کمپنیوں کو شامل کیا جائے تو مجموعی طور پر شرکت کرنے والے اداروں کی تعداد 1200 سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔

چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین ایکسپو میں شریک آسٹریلوی وفد کی توانائی شعبے میں گہری دلچسپی

بیجنگ (یو این پی) چوتھی چائنا انٹرنیشنل سپلائی چین ایکسپو کے افتتاحی روز مہمان خصوصی صوبے آنہوئی نے ایک خصوصی تشہیری سرگرمی کا انعقاد کیا، جس میں عالمی برادری کے سامنے صوبے کی صنعتی صلاحیتوں اور عالمی صنعتی و سپلائی چین میں اس کے کردار کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے دوران اسپین کے ناوارا خود اختیار علاقے کی حکومت کے نمائندے نے خصوصی طور پر خطاب کی درخواست کی اور آنہوئی کے ساتھ مستقبل میں تعاون کی خواہش کا اظہار کیا۔ اس سال کی ایکسپو میں مہمان خصوصی ملک آسٹریلیا نے نئی توانائی کے شعبے سے تعلق رکھنے والے ایک اعلیٰ سطحی وفد کے ساتھ شرکت کی۔ افتتاحی روز منعقد ہونے والی چین آسٹریلیا قابل تجدید توانائی صنعتی تعاون کانفرنس نے دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے لیے عملی اور موثر تعاون کا ایک نیا پلیٹ فارم فراہم کیا۔ آسٹریلوی وفد میں شمسی توانائی، توانائی ذخیرہ کرنے کی ٹیکنالوجی، برقی ٹرانسپورٹ، سبز معدنیات اور قابل تجدید توانائی کے دیگر شعبوں سے وابستہ نمایاں کمپنیاں شامل ہیں۔

فرانس میں شدید گرمی سے ہلاکتوں کی تعداد 18 ہو گئی

پیرس (یو این پی) فرانس میں جاری شدید گرمی کی لہر سے ہلاکتوں کی تعداد 18 ہو گئی۔ حکام کے مطابق فرانس کے جنوبی قصبے میں کھڑی گاڑی میں دو بچے مردہ پائے گئے، بچوں کی عمریں 2 اور 4 سال ہیں، قوی امکان ہے کہ شدید گرمی بچوں کی موت کا سبب بنی۔ اس سے پہلے تین معمر افراد گرمی کی شدت سے ہلاک ہوئے جبکہ گذشتہ روز سوئمنگ پول اور دیگر پانی والی جگہوں پر نہاتے ہوئے 13 افراد ڈوب کر ہلاک ہوئے۔

عمان کا آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ آمدورفت برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ

ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ مفاہمتی یادداشت خصوصاً آبنائے ہرمز سے متعلق شق پر تعمیری گفتگو ہوئی، وزیر خارجہ

مسقط (یو این پی) عمان نے آبنائے ہرمز میں بلا معاوضہ آمدورفت برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ عمانی وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے کہا کہ انہوں نے ایرانی حکام کے ساتھ ملاقاتوں میں آبنائے ہرمز سے بلا معاوضہ اور محفوظ بحری آمدورفت کو یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں بدر البوسعیدی نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان حالیہ مفاہمتی یادداشت خصوصاً آبنائے ہرمز سے متعلق شق پر تعمیری گفتگو ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے بین الاقوامی قانون کی پاسداری اور آبنائے ہرمز سے بلا معاوضہ، محفوظ آمدورفت کے عزم کی توثیق کی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے عمان کا دورہ کیا تھا، جہاں دونوں ممالک کے درمیان تعاون اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ان اطلاعات پر سخت ردعمل ظاہر کیا تھا کہ عمان اور ایران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں پر فیس عائد کرنے پر غور کر سکتے ہیں، ٹرمپ نے اس تجویز کی صورت میں عمان کے خلاف سخت کارروائی کی دھمکی دی تھی۔

چین زی تحریک مودی سرکار کیلئے بڑا امتحان، کاکروچ جنتا پارٹی ڈٹ گئی

کاکروچ جنتا پارٹی کی تحریک بھارتی نوجوانوں کے مسائل اجاگر کر کے بی جے پی حکومت کی نااہلی کو سامنے لے آئی

نئی دہلی (آئی این پی) مودی کی ناکام پالیسیوں کیخلاف سوشل میڈیا سے شروع ہونے والی کاکروچ جنتا پارٹی کی مقبولیت اور طاقت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ عالمی جریدہ الجزیرہ کے مطابق کاکروچ جنتا پارٹی نے نئی دہلی میں جاری دھرنا وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے تک جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ نئی دہلی کی جون کی شدید گرمی میں درجنوں مظاہرین نے رات سڑکوں اور فٹ پاتھ پر سو کر گزاری، جبکہ سی جے پی کے بانی ابھیجیت دیپکے نے نوجوانوں کے مسائل سے متعلق آن لائن شروع ہونے والے احتجاج کو سڑکوں پر منتقل کر دیا۔ الجزیرہ کے مطابق امتحانی پرچوں کے بار بار لیک ہونے اور بڑھتی بے روزگاری نے بھارتی نوجوانوں میں شدید غصہ پیدا کر رکھا ہے۔ بھارتی جریدہ انڈیا ٹوڈے کے مطابق ابھیجیت دیپکے نے امتحانی بے ضابطگیوں کیخلاف احتجاج میں کسانوں سے بھی حمایت کی اپیل کر دی، جب کسان اپنے حقوق کی جدوجہد کر رہے تھے تو طلبہ نے ان کا ساتھ دیا، اب وقت آ گیا کہ کسان بھی ساتھ دیں۔ بین الاقوامی جریدے ساؤتھ چائنا مارننگ پوسٹ کے تجزیے کے مطابق یہ چین زی احتجاج سری لنکا، بنگلہ دیش اور نیپال کی طرز پر بھارتی نوجوانوں میں موجود وسیع بے چینی کیخلاف ایک تحریک کا آغاز ہے، کاکروچ جنتا پارٹی کی تحریک بھارتی نوجوانوں کے مسائل اجاگر کر کے بی جے پی حکومت کی نااہلی کو سامنے لے آئی۔

جاپان کی "نئی قسم کی عسکریت پسندی" علاقائی امن و استحکام کے لیے خطرہ ہے، چینی وزارت خارجہ

بیجنگ (یو این پی) چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان گو جیاکھون نے یومیہ پریس کانفرنس میں جاپان کی جانب سے یوکرین کے لئے امداد پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ برسوں میں، جاپان بھرپور طریقے سے "دوبارہ عسکریت پسندی"، درمیانے اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے طاقتور جارحانہ ہتھیاروں کی ترقی اور مہلک ہتھیاروں کی برآمدات پر پابندیوں کے خاتمے کو فروغ دے رہا ہے، اپنی سیلف ڈیفنس فورسز کی سرگرمیوں کے دائرے کو وسعت دے رہا ہے اور حقیقی لڑائی کے قابل جنگی نظام تشکیل دینے میں مصروف ہے۔ یہ جاپانی آئین، بین الاقوامی قوانین و ضوابط نیز "صرف دفاع" کے اصول کی خلاف ورزی کرتا ہے، دوسری جنگ عظیم کے بعد کے بین الاقوامی نظم و نسق کو چیلنج ...

ایران اور امریکا میں جو صلح کروائی اس سے پاکستان کی عزت میں اضافہ ہوا، پاکستانی شہری

بیروت (یو این پی) جنوبی لبنان کے علاقے قطلین میں اسرائیلی حملوں نے مسلم اور مسیحی آبادی کو متحد کر دیا، پاکستانیوں کی بھی بڑی تعداد ایک چرچ میں دیگر مسلمانوں اور مسیحی افراد کے ساتھ قیام پذیر ہو گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انتظامیہ نے چرچ میں جنگ کی وجہ سے بے گھر ہونے والے مسلمان خاندانوں کو پناہ دی ہوئی ہے اور مسلم خاندان سکون سے وہاں رہ رہے ہیں۔

کسی معاہدے تک پہنچ بھی جائیں تب بھی دشمن پر اعتماد نہیں، نائب ایرانی صدر محمد رضا عارف

تہران (آئی این پی) ایران کے نائب صدر محمد رضا عارف نے کہا کہ ایران کو دشمن پر کوئی اعتماد نہیں، امریکا کے ساتھ کسی معاہدے تک پہنچ بھی جائیں، تب بھی اس بات کی کوئی ضمانت نہیں کہ دشمنانہ اقدامات بند ہو جائیں گے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں محمد رضا عارف کا کہنا ہے ایران اپنی دفاعی تیاری برقرار رکھے گا، سائنس و ٹیکنالوجی کے ذریعے دفاعی صلاحیت مضبوط بنانا ضروری ہے۔ محمد رضا عارف نے کہا کہ قومی دفاع کو مضبوط بنانا ایران کی مستقل پالیسی ہے، امریکا کے ساتھ ممکنہ معاہدے پر بھی محتاط رہنا ہوگا۔

بھارت، تین منزلہ کوچنگ سینٹر کی عمارت میں خوفناک آتشزدگی، 15 طلبا ہلاک

جہاں سے اسٹریچرز کے ذریعے زخمیوں اور ہلاک افراد کو نکال کر ساتھ والی عمارت میں منتقل کیا گیا

لکھنؤ (آئی این پی) بھارتی شہر لکھنؤ کے علاقے علی گنج میں ایک تین منزلہ کوچنگ سینٹر کی عمارت میں لگنے والی آگ نے تباہی مچا دی، جہاں تنگ راستے اور محدود باہر نکلنے کے دروازے 15 افراد کی موت کا سبب بن گئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق تمام اموات دم گھٹنے سے ہوئیں۔ بھارتی ویب سائٹ انڈیا ٹوڈے کی رپورٹ کے مطابق آگ کی زد میں آنے والے کوچنگ سینٹر میں صرف ایک ہی داخلی اور خارجی راستہ موجود تھا، جو خود بھی انتہائی تنگ تھا۔ اسی واحد راستے کے ساتھ ایئر کنڈیشنر کے پینل، بجلی کی تاریں اور مختلف آلات بے ترتیبی سے نصب تھے، جس نے آگ لگنے کے بعد اس راستے کو مکمل طور پر ایک خطرناک چوک پوائنٹ میں بدل دیا۔ عمارت میں ایک ہی سیڑھی موجود تھی جو نچلی منزل، پہلی منزل اور اوپر کی منزلوں کو آپس میں جوڑتی تھی۔ جیسے ہی آگ پھیلی، یہی سیڑھی اور داخلی راستہ دھوئیں سے بھر گئے، جس کے باعث لوگوں کے لیے باہر نکلنا تقریباً ناممکن ہو گیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق آگ مبینہ طور پر گراؤنڈ فلور پر موجود پالتو جانوروں کی دکان سے شروع ہوئی، جہاں تہہ خانے میں سامان بھی رکھا جاتا تھا۔ اس کے بعد آگ نے تیزی سے اوپر کی منزلوں کو اپنی لپیٹ میں لیا، جہاں ایک اسٹوڈیو اور کوچنگ سینٹر قائم تھے۔ ریسکیو ٹیموں کے مطابق جب وہ موقع پر پہنچیں تو عمارت کے اندر دھواں بھر چکا تھا اور کوئی متبادل ایمرجنسی ایگزٹ پوائنٹ موجود نہیں تھا۔ فائر بریگیڈ اہلکاروں نے بتایا کہ انہیں براہ راست راستوں سے اندر جانا ممکن نہیں تھا، اس لیے انہوں نے متبادل حکمت عملی اپنائی۔ ریسکیو اہلکاروں نے ہائیڈرولک کٹرز، ہتھوڑوں اور ڈرل مشینوں کی مدد سے ساتھ والی عمارت کی دیوار توڑ کر راستہ بنایا۔ جب پہلی بار دیوار میں سوراخ کیا گیا تو اندر سے سیاہ دھواں باہر نکلا، جس نے لمحہ بھر کے لیے ریسکیو اہلکاروں کو بھی متاثر کر دیا۔ بعد میں دھواں کم کرنے کے لیے ایگزاسٹ فینز استعمال کیے گئے تاکہ اندر داخلہ ممکن بنایا جا سکے۔ اسی دیوار کو بعد میں ریسکیو کے مرکزی راستے کے طور پر استعمال کیا گیا، جہاں سے اسٹریچرز کے ذریعے زخمیوں اور ہلاک افراد کو نکال کر ساتھ والی عمارت میں منتقل کیا گیا۔

ایران امریکہ سے زرعی سامان خریدنے کا پابند نہیں، گورنر ایرانی مرکزی بینک

امریکی مصنوعات کی قیمتیں موزوں ہوں تو خرید سکتے ہیں

تہران (آئی این پی) ایران کے مرکزی بینک کے گورنر نے کہا ہے کہ ایران امریکہ سے زرعی سامان خریدنے کا پابند نہیں تاہم اگر امریکی قیمتیں اور معیار دیگر ممالک کے مقابلے میں زیادہ موزوں ہیں تو ہمیں امریکہ سے تجارت میں کوئی رکاوٹ نہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی مرکزی بینک کے گورنر عبدالناصر ہمتی نے کہا کہ ایران کی حالیہ زرعی خریداری میں امریکی اور یورپی یونین کی بڑی فرمیں معمول کے مطابق شامل ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا تھا کہ ایران کے جو منجمد اثاثے بحال کیے جا رہے ہیں، وہ انہیں امریکہ سے خوراک خریدنے کے لیے استعمال کرے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کے پہلے دور کے نتائج پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ایران کے کچھ منجمد اثاثے جاری کرنے کا اعلان کیا اور کہا کہ یہ رقم خوراک کی خریداری کے لیے استعمال کی جانی ہے اور یہ خصوصی طور پر امریکہ اور امریکی کسانوں سے خریدی جائے گی۔ امریکی صدر نے کہا کہ ایران کے ساتھ تازہ ترین پیشرفت کے حصے کے طور پر امریکی کسانوں سے مکئی، سویابین اور دیگر زرعی مصنوعات خریدی جائیں گی۔

اسرائیل نے جنگ بندی توڑی تو خاموش نہیں رہیں گے، حزب اللہ کی تازہ وارننگ

بیروت (آئی این پی) لبنان کی مزاحمتی تنظیم حزب اللہ نے اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ اگر جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کی گئی تو اس کا جواب اسی انداز میں دیا جائے گا۔ ایرانی نشریاتی ادارے پریس ٹی وی کے مطابق حزب اللہ کی سیاسی کونسل کے نائب سربراہ محمود قماطی نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے کسی بھی جارحانہ اقدام یا جنگ بندی کی خلاف ورزی پر حزب اللہ بھرپور ردعمل دے گی۔ محمود قماطی نے کہا کہ حزب اللہ اب ماضی کی صورتحال میں واپس نہیں جائے گی جب اسرائیلی فوج تقریباً روزانہ لبنان میں حملے کرتی تھی جبکہ حزب اللہ جنگ بندی کے احترام میں تحمل کا مظاہرہ کر رہی تھی۔

عالمی معائنہ کاروں کو جوہری مقامات کا دورہ کرانے کا ارادہ نہیں، اسماعیل بقائی

جنگ کے خلاف ایران کا ردعمل استقامت، دفاع، وقار اور فخر کی داستان ہے، منجمد اثاثوں کے استعمال پر کوئی پابندی نہیں

تہران (آئی این پی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ہم جوہری توانائی ایجنسی کے معائنہ کاروں کو جوہری مقامات کا دورہ کروانے کا ارادہ نہیں رکھتے، امریکا اسرائیل جنگ کے خلاف ایران کا ردعمل استقامت، دفاع، وقار اور فخر کی داستان ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران نے ہر مرحلے پر اپنی خودمختاری اور قومی عزت کے دفاع کو اولین ترجیح دی۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ منجمد اثاثوں کے استعمال پر کوئی پابندی نہیں، فنڈز مکمل آزادی سے استعمال ہوں گے، فنڈز کے استعمال کے طریقہ کار پر کسی بیرونی شرط کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تنازع ایران کی تہذیب کے خاتمے کی کوششوں سے جڑا ہوا ہے، منجمد رقوم کا استعمال ایران اپنی قومی پالیسی کے مطابق کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ جنگ میں طاقت ثابت نہ ہو تو معاہدے کے بعد مبالغہ آرائی سے بھی ثابت نہیں ہوتی، معاہدہ حقیقت اور باہمی احترام کی بنیاد پر قائم ہوتا ہے، خود ساختہ دعوؤں پر معاہدے قائم نہیں رہتے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے بنائی گئی کہانیاں مذاکراتی عمل کو نقصان پہنچاتی ہیں، معاہدے کی کامیابی حقیقت پسندی اور ذمہ داری کے ساتھ وابستہ ہے۔

بھارت کا پاکستان کا نام لئے بغیر امریکہ، ایران مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم

ہم پر امید ہونے کے ساتھ محتاط بھی ہیں، توقع ہے یہ کامیاب ہوگی

نئی دہلی (آئی این پی) بھارت نے امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمت کی یادداشت کا پاکستان کا نام لئے بغیر خیر مقدم کرتے ہوئے اس پر محتاط امید کا اظہار کیا ہے۔ بھارتی خبر رساں ادارے اے این آئی کے مطابق برکس کے قومی سلامتی کے مشیروں کے 16 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے مشیر برائے قومی سلامتی اجیت ڈوول نے کہا کہ بھارت امریکہ اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم کرتا ہے۔ ہم پر امید ہونے کے ساتھ ساتھ محتاط بھی ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ یہ کامیاب ہوگی۔ اس سے توانائی کے تحفظ میں مدد ملے گی۔ آبنائے ہرمز کا کھلنا ایک نہایت خوش آئند پیش رفت ہے۔ برکس اتحاد میں شامل ممالک کے قومی سلامتی کے مشیروں کا دو روزہ اجلاس نئی دہلی میں شروع ہوا۔ بھارتی حکومت کے مطابق اجلاس کا موضوع دنیا کو درپیش غیر روایتی سیکیورٹی چیلنجز ہے اور اس میں سیکیورٹی خدشات میں نئی ٹیکنالوجیز کے کردار پر بحث کی جائے گی۔ سرکاری بیان کے مطابق اجلاس میں شامل مندوبین سائبر سیکیورٹی اور مصنوعی ذہانت سے جنم لینے والے خطرات کا بھی جائزہ لیں گے۔ منگل کے روز اجلاس سے خطاب کے دوران مشیر قومی سلامتی اجیت ڈوول نے عالمی توانائی کی منڈیوں کے لیے اس معاہدے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان یہ مفاہمت توانائی کی فراہمی میں زیادہ استحکام کا باعث بن سکتی ہے۔

ABC CERTIFIED
روزنامہ تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پاکستان کے قومی مفادات

خواتین سفارت کاروں کے عالمی دن پر صدر مملکت آصف علی زرداری کا پیغام (24 جون 2026) خواتین سفارت کاروں کے عالمی دن کے موقع پر ہم اُن خواتین کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اقوام کے درمیان مکالمے، باہمی فہم وادراک اور تعاون کے فروغ میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ اُن کی کاوشوں نے بین الاقوامی روابط کو مضبوط بنایا اور مشکل اور غیر یقینی حالات میں تنازعات کے پُرامن حل کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ پاکستان میں خواتین کی سفارت کاری اور قومی زندگی میں خدمات کی ایک درخشاں روایت موجود ہے۔ بیگم رعنا لیاقت علی خان نے قیام پاکستان کے ابتدائی برسوں میں بیرونِ ملک پاکستان کی باوقار اور موثر نمائندگی کی۔ بیگم شائستہ اکرام اللہ، جو ایک ممتاز سفارت کار اور پارلیمنٹیرین تھیں، اقوام متحدہ میں پاکستان کے اولین نمائندوں میں شامل رہیں۔ انہوں نے انسانی حقوق کے فروغ اور نئی آزاد ہونے والی اقوام کی آواز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو، جو عالمِ اسلام کی پہلی خاتون وزیرِ اعظم تھیں، نے پاکستان کے بین الاقوامی روابط کو وسعت دی اور عالمی فورمز پر ملک کے مقام کو مزید مستحکم کیا۔ وقت گزرنے کے ساتھ پاکستانی خواتین نے دفترِ خارجہ اور سفارتی خدمات کے مختلف اعلیٰ مناصب پر فرائض انجام دیے ہیں، جن میں سفیر، مستقل مندوب، سیکریٹری خارجہ اور مشن سربراہ جیسے اہم عہدے شامل ہیں۔

کرائمیا سے سائبیریا تک

عبداللہ طارق سہیل

سب کی تو نہیں لیکن خاص طور سے ہمارے خطے والوں کی نظریں امریکہ ایران معاملے پر گڑی رہیں اور کسی نے نہیں دیکھا کہ ان تین چار دنوں میں روس کے ساتھ کیا ہو گیا۔ ایسی تباہی جس کا تصور خود روس نے کیا ہوگا نہ یورپ نے۔ یوکرائن کی حیرت انگیز فضائی قوت نے ماسکو شہر کے ہر حصے میں ا؟گ کے "میگا" الاجلا دیئے، روس کے تین ہزار کلومیٹر اندر جا کر سائبیریا کی سب سے بڑی ا؟ئل ریفائنری اڑا دی۔ مقبوضہ کرائمیا کا روس سے رابطہ کاٹ دیا اور اس جزیرہ نما میں تمام ا؟ئل ریفائنریوں، تیل کے تمام ڈپو؟ں کو نذر ا؟تش کر کے زندگی کا پہیہ مکمل جام کر کے رکھ دیا۔ اس وقت کرائمیا میں کہیں تیل کی بوند تک دستیاب نہیں ہے، جو جہاں ہے، وہیں جم کر رہ گیا ہے۔ مقبوضہ کرائمیا روس سے جسمانی تعلق کرچ KERCH کے پل کے ذریعے سے ہے اور یہ واحد رابطہ یوکرائن نے کاٹ دیا ہے۔ روس نے یہاں ایس یو 400 کے چار سسٹم لگا رکھے تھے جبکہ دو پانسر PANSTIR اینٹی میزائل سسٹم الگ تھے، یہ چھ کے چھ نظام یوکرائن نے برباد کردیے، پھر جزیرہ نما کی تمام تیل تنصیبات کو پھونک ڈالا۔ روس کچھ بھی نہ کر سکا۔ ماسکو میں جو کچھ ہوا وہ سائنس فکشن فلم سے بھی ا؟گے کی چیز تھا۔ خلا سے دیکھو تو سارا ماسکو، ڈیڑھ کروڑ ا؟بادی کا شہر ہر جگہ سے جل رہا تھا۔ مشرق، مغرب، شمال، جنوب، وسط کوئی مقام نہیں تھا جہاں سے ا؟گ کے دیو ہیکل شعلے اور دھوئیں کے ہیبت ناک بادل نہ اٹھ رہے ہوں۔ یوکرائن کی مہیب فضائی طاقت اپنی جگہ ناقابل یقین اور اس کی حیرت انگیز جاسوسی طاقت اپنی جگہ ویسی ہی ناقابل یقین۔ پہلے حملے میں ایک ہزار ڈرون ٹھیک ٹھیک اہداف پر گرے، عوامی مقامات پر کوئی ڈرون نہیں گرا۔ اگلے روز پھر ایک ہزار ڈرونز سے ویسا ہی دوسرا حملہ۔ ماسکو شہر کی کوئی ریفائنری، تیل کا کوئی سٹور ایسا نہیں بچ سکا۔ اور تین ہزار کلومیٹر اندر جا کر سائبیریا میں تیومن TYUMEN کی ریفائنری اڑانا تو اور بھی حیرت ناک ہے۔ ایسے نظام جوان ڈرونز کو اتنے لمبے دورانیے کے باوجود روک نہ سکے، دونوں باتیں ہی حیرت ناک ہیں۔ اسلحی اور دفاعی لحاظ سے یوکرائن کسی کھاتے ہی میں نہ تھا جب اس نے روس پر حملہ کیا۔ اس سے پہلے اس نے کرائمیا کے جزیرہ نما پر قبضہ کر لیا تھا اور یوکرائن خوشی سے زخم سہنے کے سوا کچھ نہ کر سکا لیکن جب روس نے یوکرائن کی "مین لینڈ" سرحدوں پر حملہ کیا تو اس نے مزاحمت کا فیصلہ کیا۔ یورپ امریکہ سے مدد مانگی جو مطلوبہ حد تک نہ مل سکی۔ اس پر اس نے خود ڈرون بنانے کا فیصلہ کیا اور اب ایسے ڈرون بنا لیے کہ ویسے امریکہ اور اسرائیل کے پاس بھی نہیں ہیں۔ تین ہزار کلومیٹر تک مار، خود امریکہ بھی حیران ہوگا۔ روس کے صدر ولادی میر پیوٹن داخلی طور پر ایک کامیاب ڈکٹیٹر ہیں۔ مخالفت میں اٹھنے والی ہر ا؟واز دبا دی اور زار شاہی روس کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ لیکن روس کی معیشت انہوں نے تباہ کر دی، یوکرائن کی جنگ ان کا غلط فیصلہ تھی۔ اخلاقی اعتبار سے اس لئے کہ کوئی ملک یہ حق نہیں رکھتا کہ دوسرے ملک کا کوئی علاقہ محض اس وجہ سے چھین لے کہ وہاں اس کی قومیت کے لوگ ا؟باد ہیں اس طرح تو پھر سپین کو بھی حق ہو گا کہ وہ حملہ کر کے امریکہ کی ان ریاستوں پر قبضہ کر لے جہاں ہسپانوی قوم کی اکثریت ہے۔ اور عملی اعتبار سے اس لئے کہ تھکے منے یوکرائن نے چوتھے سال میں داخل ہونے والی اس جنگ میں بری طرح زخمی ہو کر بھی روس کو بچھاڑ کر اور اجاڑ کر رکھ دیا۔ یہ خبر تو دو ہفتے پہلے ا؟ چکی تھی کہ اس جنگ میں روس کے تین لاکھ فوجی مارے جا چکے ہیں اور چھ لاکھ زخمی ہیں۔ گویا 9 لاکھ فوجی ناکارہ۔ پیوٹن خارجہ پالیسی کے اعتبار سے روس کا ناکام ترین صدر ثابت ہوا ہے۔ اس کا واحد بڑا اتحادی بھارت بھی اس سے دور ہو چکا ہے۔ عرب خطے سے روس کو فارغ خطی مل چکی ہے۔ اس کی انٹیلی جنس اس حد تک ناکام ہے کہ مزاحمت کار ایک بڑی یلغار کرنے والے ہیں۔ مزاحمت کاروں نے اچانک ہلہ بولا اور شام کے سب سے بڑے شہر حلب پر قبضہ کر لیا۔ روس معاملے کی سنگینی کو ذرا بھی نہ سمجھ سکا اور اس کی فضائیہ نے بڑے پیمانے پر مزاحمت کاروں کے خلاف ا؟پریشن شروع کر دیا۔ یعنی روس کی "اطلاع" یہ تھی کہ معمولی شورش ہے۔ چوتھے دن اس کی انٹیلی جنس نے حکومت کو بتایا کہ ا؟نے والا طوفان اندازوں سے بڑا ہے۔ تب افراتفری کے عالم میں روسی شام سے بھاگ نکلے اور بھاگ نکلنے کی یہ کارروائی ایسی بوکھلاہٹ میں کی گئی کہ اپنے ہم قبضہ ایران کو بھی کچھ نہیں بتایا گیا۔ روس کی مدد کر سکا نہ وینزویلا کی۔ جنگ ابھی جاری ہے۔ یوکرائن تو بعد ازاں تعمیر تو کر لے گا، روس کا خانہ کچھ ایسے خراب ہوا کہ بعد از جنگ بھی خراب ہی رہے گا۔ کرائمیا کیا ہے یاد ہو گا۔ یہ مسلمانوں کی اکثریت کا ملک تھا۔ سٹالن نے روس کی حکومت سنبھالی تو کرائمیا نے سارے مسلمان قتل کر ڈالے۔ ا؟ لہ قتل بہت خوفناک اور کرب انگیز تھا۔ تمام کریمیائی مسلمانوں کو ہزاروں میل دور سائبیریا روانہ کر دیا گیا۔ سب کے سب راستے میں مارے گئے۔ برفباری سے بچنے کیلئے ان کے پاس کمبل تھے نہ خیمے، جلانے کو تیل تھا نہ چولہے، کھانے کو روٹی نہیں تھی، پینے کو پانی نہیں تھا، علاج کو دوا نہ تھی۔ 1944ء کے اس قتل عام کو خود کرائمیا کی پارلیمنٹ نے بعد ازاں نسل کشی قرار دیا۔ صحیح گنتی روس میں کہاں ریکارڈ ہو سکتی ہے لیکن اندازوں کے مطابق سردی اور بھوک سے مارے جانے والے مسلمانوں کی تعداد کئی لاکھ میں تھی۔ سب کی تو نہیں لیکن خاص طور سے ہمارے خطے والوں کی نظریں امریکہ ایران معاملے پر گڑی رہیں اور کسی نے نہیں دیکھا کہ ان تین چار دنوں میں روس کے ساتھ کیا ہو گیا۔ ایسی تباہی جس کا تصور خود روس نے کیا ہو گا نہ یورپ نے۔ یوکرائن کی حیرت انگیز فضائی قوت نے ماسکو شہر کے ہر حصے میں ا؟گ کے "میگا" الاجلا دیئے، روس کے تین ہزار کلومیٹر اندر جا کر سائبیریا کی سب سے بڑی ا؟ئل ریفائنری اڑا دی۔

عافیہ صدیقی، آمنہ جنجوعہ اور انتظار کی اذیت

انجینئر افتخار احمد چودھری

بعض داستانیں وقت گزرنے کے باوجود ختم نہیں ہوتیں۔ کچھ سوال ایسے ہوتے ہیں جو برسوں بعد بھی جواب طلب رہتے ہیں اور کچھ زخم ایسے ہوتے ہیں جو وقت کے ساتھ بھرنے کے بجائے مزید گہرے ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا معاملہ بھی پاکستان کی اجتماعی یادداشت کا ایسا ہی ایک باب ہے جو دو دہائیوں سے عوامی بحث، انسانی حقوق کی جدوجہد اور قومی احساسات کا حصہ بنا ہوا ہے۔ جب بھی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا ذکر ہوتا ہے تو میرے ذہن میں صرف ایک نام نہیں آتا بلکہ پورا ایک دور زندہ ہو جاتا ہے۔ وہ دور جب اسلام آباد کے پرانے پریس کلب کے سامنے انسانی حقوق، لاپتا افراد اور انصاف کے مطالبات کے لیے چھوٹے چھوٹے کیمپ لگتے تھے۔ وہاں آنے والے لوگ سیاست دان نہیں تھے، ان میں سے اکثر عام پاکستانی تھے جن کے دلوں میں اپنے پیاروں کی جدائی کا دکھ تھا۔ 2007ء اور 2008ء کے دن آج بھی میری یادوں میں محفوظ ہیں۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی اپنی بہن ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے لیے آواز بلند کر رہی تھیں۔ دوسری طرف محترمہ آمنہ مسعود جنجوعہ اپنے لاپتہ شوہر مسعود جنجوعہ کی بازیابی کے لیے جدوجہد کر رہی تھیں۔ ہم بھی ان لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوتے تھے، ان کی بات سنتے تھے اور ان کی بے بسی کو محسوس کرتے تھے۔ اس وقت شاید بہت سے لوگوں کے لیے یہ صرف ایک احتجاج تھا، لیکن میرے لیے یہ انسانی دکھوں کا ایک کھلا ہوا دفتر تھا۔ وہاں آنے والے خاندانوں کے چہروں پر امید بھی ہوتی تھی اور مایوسی بھی۔ ہر شخص کے پاس ایک کہانی تھی، ہر آنکھ میں ایک سوال تھا اور ہر دل میں ایک امید تھی کہ شاید آج کسی کو ان کی فریاد سنائی دے جائے۔ آمنہ مسعود جنجوعہ کی جدوجہد کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ایک خاتون جس نے اپنے شوہر کی گمشدگی کے بعد ہمت نہیں ہاری بلکہ ہزاروں لاپتا افراد کے خاندانوں کی آواز بن گئی۔ میں نے انہیں قریب سے دیکھا ہے۔ ان کے لہجے میں دکھ بھی تھا، عزم بھی تھا اور امید بھی۔ یہی وہ لوگ ہیں جو معاشروں کو یاد دلاتے ہیں کہ انصاف صرف عدالتوں میں نہیں بلکہ عوامی شعور میں بھی زندہ رہتا ہے۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا معاملہ بھی اسی تناظر میں دیکھا جاتا ہے۔ اس مقدمے کے قانونی اور سیاسی پہلو اپنی جگہ موجود ہیں لیکن عام پاکستانی کے دل میں اس کا تعلق ایک پاکستانی بیٹی کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ برسوں گزرنے کے باوجود یہ موضوع عوامی دلچسپی کا مرکز بنا ہوا ہے۔ دنیا بھر میں انسانی حقوق کے بڑے بڑے دعوے کیے جاتے ہیں۔ عالمی طاقتیں انصاف، آزادی اور قانون کی حکمرانی کی بات کرتی ہیں۔ لیکن جب عام انسان ان اصولوں کی روشنی میں اپنے سوالوں کے جواب تلاش کرتا ہے تو اکثر اسے مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسانی حقوق کے موضوعات محض قانونی مباحث نہیں رہتے بلکہ ضمیر کی آواز بن جاتے ہیں۔ اگر کسی شخص پر الزام ہو تو اسے عدالت میں پیش کیا جانا چاہیے۔ اگر جرم ثابت ہو تو قانون کے مطابق سزا ملنی چاہیے۔ لیکن انصاف کا بنیادی اصول یہ ہے کہ ہر شخص کو اپنا موقف پیش کرنے اور قانونی حقوق حاصل کرنے کا حق ہو۔ یہی وہ اصول ہیں جن پر مہذب معاشروں کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔ پاکستانی عوام کی ایک بڑی تعداد سمجھتی ہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے معاملے میں ابھی بھی بہت سے سوالات موجود ہیں۔ ان سوالات کے جوابات مختلف لوگوں کے پاس مختلف ہو سکتے ہیں، لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ اس مقدمے نے انسانی حقوق کے حوالے سے ایک بڑی بحث کو جنم دیا ہے۔ یہ بحث صرف ڈاکٹر عافیہ صدیقی تک محدود نہیں۔ یہ ان تمام پاکستانیوں کے بارے میں بھی ہے جو دنیا کے مختلف حصوں میں مشکلات کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ ریاست کی ذمہ داری، سفارتی کردار اور انسانی وقار کے تحفظ کا سوال بھی ہے۔ آج جب میں ماضی پر نظر ڈالتا ہوں تو محسوس ہوتا ہے کہ ان احتجاجی کیمپوں میں بیٹھنے والے لوگ دراصل اپنے لیے نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے جدوجہد کر رہے تھے۔ وہ چاہتے تھے کہ قانون کی حکمرانی مضبوط ہو، انصاف کا نظام بہتر ہو اور کسی خاندان کو وہ اذیت نہ سہنی پڑے جو انھوں نے برداشت کی۔ میری صحافتی اور سماجی زندگی میں بہت سے موضوعات آئے، بہت سے واقعات دیکھے، لیکن لاپتا افراد کے خاندانوں کا درد ان موضوعات میں ہمیشہ نمایاں رہا۔ ایک ماں کا انتظار، ایک بیوی کی امید اور بچوں کی آنکھوں میں سوالات کسی بھی حساس انسان کو خاموش نہیں رہنے دیتے۔ میری صحافتی اور سماجی زندگی میں بہت سے موضوعات آئے، بہت سے واقعات دیکھے، لیکن لاپتا افراد کے خاندانوں کا درد ان موضوعات میں ہمیشہ نمایاں رہا۔ ایک ماں کا انتظار، ایک بیوی کی امید اور بچوں کی آنکھوں میں سوالات کسی بھی حساس انسان کو خاموش نہیں رہنے دیتے اسی لیے میرا قلم جب بھی انسانی حقوق کے موضوع پر چلتا ہے تو اس کے پیچھے سیاسی وابستگی نہیں بلکہ انسانی ہمدردی کا جذبہ ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی معاشرے کی اصل طاقت اس کے انصاف کے نظام اور انسانی وقار کے احترام میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ کراچی میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے حوالے سے ایک اہم مذاکرہ منعقد ہو رہا ہے۔ ایسے پروگرام صرف ایک فرد کے مقدمے پر گفتگو کے لیے نہیں ہوتے بلکہ یہ معاشرے میں شعور بیدار کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ مکالمہ ہی وہ راستہ ہے جو اختلافات کے باوجود معاشروں کو آگے بڑھنے میں مدد دیتا ہے۔ بدقسمتی سے میں اس وقت راولپنڈی میں موجود ہوں اور صحت کی بعض مجبوریوں کے باعث اس تقریب میں شریک نہیں ہو سکتا۔ دل چاہتا تھا کہ میں خود وہاں موجود ہوتا، دوستوں سے ملتا اور اپنے خیالات براہ راست پیش کرتا، لیکن حالات اجازت نہیں دیتے۔

سنبھل جاؤ، ابھی وقت باقی ہے!

محمد اکرم چوہدری

ملک عجیب دوراہے پر کھڑا ہے ایک طرف بجٹ کی تقریریں ہیں، دوسری طرف عوام کی جیبیں ہیں ایک طرف اسمبلی اور سینیٹ کے اجلاس ہیں، دوسری طرف چولہے ہیں جو روز پوچھتے ہیں کہ اج کیا پکے گا ایک طرف انتخابی وعدوں کے رنگین پوسٹر ہیں، دوسری طرف بجلی کے بل ہیں جو ہر مہینے عوام کو یاد دلاتے ہیں کہ خواب دیکھنا مفت ہے، لیکن یونٹ نہیں۔ ان دنوں ملک میں سیاست کا موسم بھی عجب ہے۔ کہیں گلگت بلتستان کے انتخابات کی بازگشت ہے، کہیں کشمیر کے حالات پر بحث ہے، کہیں قومی اسمبلی میں تقریروں کی گھن گرج ہے اور کہیں سینیٹ میں سنجیدگی کے پہاڑ کھود کر سیاسی چوہے نکالے جا رہے ہیں۔ ادھر بجٹ پر بحث جاری ہے، ادھر عوام کا حساب کتاب جاری ہے کہ تنخواہ پہلے ختم ہوگی یا مہینہ۔ عوام حیران ہیں کہ ملک چل رہا ہے یا صرف بیانات چل رہے ہیں۔ ہمارے ہاں سیاست اب خدمت کم اور سٹیج ڈرامہ زیادہ لگتی ہے ہر جماعت خود کو مظلوم ثابت کرنے میں مصروف ہے اور ہر حکومت خود کو کامیاب ثابت کرنے میں، عوام بیچ میں ایسے کھڑے ہیں جیسے دو پہلوانوں کی کشتی میں رسی بن گئے ہوں گلگت بلتستان کے انتخابات کی بات کریں تو وہاں بھی وعدوں کی بہار آئی ہوئی ہے۔ سڑکیں بھی بن رہی ہیں، خواب بھی بن رہے ہیں اور دعوے بھی۔ عوام سوچ رہے ہیں کہ کاش انتخابات ہر سال ہو جائیں، کم از کم تبھی صحیح سڑکیں اور صفائی تو نظر اتی ہے۔ ہمارے سیاست دانوں کو عوام صرف الیکشن کے موسم میں یاد اتے ہیں، جیسے کچھ لوگوں کو رشتہ دار صرف عید پر یاد اتے ہیں۔ کشمیر کی صورتحال پر ہر فورم پر گفتگو ہوتی ہے۔ قراردادیں اتی ہیں، بیانات اتے ہیں، مذمتی کلمات اتے ہیں۔ عوام پوچھتے ہیں کہ یہ سب اپنی جگہ، لیکن عملی طور پر کیا ہو رہا ہے؟ قومیں صرف تقریروں سے نہیں، حکمت عملی سے مضبوط ہوتی ہیں اور اداروں کی کارکردگی پر بھی سوال اٹھتے رہتے ہیں۔ عوام کی خواہش بہت سادہ ہے۔ انہیں نہ فلسفہ چاہیے، نہ سیاسی شاعری۔ انہیں صرف انصاف، امن، روزگار اور سہولت چاہیے۔ لیکن افسوس کہ اکثر ادارے ایک دوسرے کی فائلوں میں زیادہ مصروف نظر اتے ہیں اور عوامی مسائل اپنی باری کے انتظار میں بوڑھے ہو جاتے ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاسوں کا منظر بھی دلچسپ ہوتا ہے۔ کبھی شور، کبھی نعرے، کبھی واک اوٹ، کبھی احتجاج۔ اگر کوئی غیر ملکی پہلی بار یہ مناظر دیکھ لے تو شاید سمجھے کہ یہ پارلیمان نہیں بلکہ کسی ریئلٹی شو کا فائنل چل رہا ہے

دیوالیہ

سفینہ سلیم

یہ عہد عجیب تضادات کا عہد ہے۔ عمارتیں بلند ہو رہی ہیں مگر انسان پست ہوتا جا رہا ہے ترقی کے دعوے بڑھ رہے ہیں مگر بھوک ناانصافی اور بے حسی بھی ساتھ ساتھ پروان چڑھ رہی ہے۔ دنیا جدیدیت کے شور میں اتنی آگے نکل آئی ہے کہ اب انسان کی قیمت اس کے کردار سے نہیں بلکہ اس کی طاقت، دولت اور تعلقات سے لگائی جاتی ہے۔ سیاست جو کبھی قوموں کی خدمت اور فلاح کا استعارہ سمجھی جاتی تھی آج مفادات منافقت اور اقتدار کی بھوکی منڈی میں تبدیل ہو چکی ہے۔ پاکستان بھی اسی عالمی زوال کا ایک زخمی عکس دکھائی دیتا ہے جہاں معیشت کے بحران سے کہیں زیادہ خطرناک بحران اخلاقیات، سچائی اور اجتماعی شعور کا ہے جو اسی سیاسی انتشار، اخلاقی بدحالی اور فکری دیوالیہ پن کی ایک تلخ مگر ضروری تصویر پیش کرتا ہے۔ قومیں صرف خزانے خالی ہونے سے دیوالیہ نہیں ہوتیں وہ اس دن دیوالیہ ہو جاتی ہیں جب ان کے ایوانوں میں سچ بولنے والا آخری آدمی خاموش ہو جائے جب عدالتوں میں انصاف سے زیادہ طاقت کی گونج سنائی دے جب صحافت خبر کے بجائے اشتہار بن جائے جب یونیورسٹیاں شعور کے بجائے نوکریوں کے کارخانے بن جائیں اور جب عوام اپنے زخموں کے ساتھ جینا سیکھ لیں۔ مالی دیوالیہ پن تو محض کاغذ پر لکھی ہوئی ایک معاشی بیماری ہے اصل دیوالیہ پن وہ ہوتا ہے جو روح، کردار، سیاست اور اجتماعی ضمیر کو کھا جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاست اس وقت ایک ایسے تھیٹر میں بدل چکی ہے جہاں ہر کردار خود کو مظلوم کہتا ہے مگر اقتدار ملتے ہی وہی کردار جلاد بن جاتا ہے۔ یہاں نظریات کی قبریں بہت پہلے کھودی جا چکی ہیں اب صرف نعروں کی لاشیں اٹھائی جاتی ہیں۔ سیاسی جماعتیں عوامی خدمت کے ادارے نہیں رہیں بلکہ خاندانی جاگیریں بن چکی ہیں جہاں قیادت وراثت میں ملتی ہے اور کارکن صرف تالیاں بجانے کے لیے ہوتے ہیں۔ اقتدار یہاں عبادت نہیں، تجارت ہے اصول یہاں نظریاتی چراغ نہیں بلکہ موسم کے مطابق بدلے جانے والے کپڑے ہیں۔ پاکستان کی بدقسمتی یہ نہیں کہ یہاں کرپشن ہے بدقسمتی یہ ہے کہ یہاں کرپشن کو ذہانت سمجھا جانے لگا ہے۔ جو شخص قانون توڑ کر دولت بنا لے وہ سیانا اور ایلیٹ کلاس کہلاتا ہے اور جو دیانت داری سے جینا چاہے اسے ناکام تصور کیا جاتا ہے۔ معاشرہ اس حد تک اخلاقی زوال کا شکار ہو چکا ہے کہ لوگ اب چوروں سے نفرت نہیں کرتے صرف اس بات پر جلتے ہیں کہ انہیں موقع کیوں نہیں ملا اسی وجہ سے قومیں اندر سے گلنا شروع ہو جاتی ہیں۔ عالمی سیاست بھی کسی مقدس کتاب کا باب نہیں رہی یہ مفادات کے اندھے کنویں میں گر چکی ہے۔ طاقتور ممالک انسانی حقوق کا درس صرف ان قوموں کو دیتے ہیں جو کمزور ہوں۔ جہاں تیل، اسلحہ یا سرمایہ موجود ہو وہاں اخلاقیات خاموش ہو جاتی ہیں۔ دنیا کے بڑے ایوانوں میں امن کی تقریریں کرنے والے ہاتھ ہی جنگوں کے سوداگر ہیں۔ ایک طرف بچوں کی لاشوں پر افسوس کے بیانات جاری کیے جاتے ہیں دوسری طرف انہی خطوں کو اسلحہ فروخت کیا جاتا ہے۔ انسانیت اب ایک لفظ ہے اصول نہیں۔ مغرب نے ترقی تو حاصل کر لی مگر انسان کھو دیا۔ مشرق نے روحانیت کے دعوے تو بہت کیے مگر روحوں کو پامال کرتے ہوئے انصاف کھو دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ پوری دنیا ایک ایسی منڈی میں بدل گئی جہاں ہر چیز بک سکتی ہے ضمیر، ایمان، محبت، قلم، ووٹ، حتیٰ کہ انسان کی لاش بھی۔ سوشل میڈیا نے شعور پیدا کرنے کے بجائے منافقت کو خوبصورت بنا دیا لوگ سچ بولنے سے زیادہ ٹرینڈ ہونے کی فکر کرتے ہیں ہر شخص اپنے چہرے پر اخلاقیات کا فلٹر لگا کر اندر کے اندھیرے چھپانا چاہتا ہے۔ پاکستان میں المیہ یہ ہے کہ یہاں ہر بحران کا ذمہ دار کوئی اور ہوتا ہے۔ سیاستدان اسٹیبلشمنٹ کو الزام دیتا ہے اسٹیبلشمنٹ سیاستدان کو مذہبی رہنما مغرب کو اور عوام سب کو مگر کوئی اپنے گریبان میں نہیں جھانکتا ایک قوم جو ہر ناکامی کا مجرم باہر تلاش کرے وہ کبھی اپنی اصلاح نہیں کر سکتی۔ ہم نے ریاست کو ماں نہیں مال غنیمت سمجھ لیا ہے۔ ٹیکس چوری کو حق سفارش کو قابلیت اور قانون شکنی کو آزادی سمجھنے والے لوگ آخر کس تبدیلی کا خواب دیکھتے ہیں؟ یہاں تعلیمی ادارے ڈگریاں بانٹ رہے ہیں مگر کردار نہیں مسجدیں آباد ہیں مگر دل ویران عدالتیں بلند ہیں مگر انصاف جھکا ہوا ٹی وی چینلز روشن ہیں مگر ذہن تاریک ہر شخص اخلاقیات پر تقریر کرنا چاہتا ہے مگر عمل کے وقت سب خاموش ہو جاتے ہیں۔ یہ وہ اجتماعی منافقت ہے جس نے قوم کی بنیادوں میں دیمک بھر دی ہے۔ عالمی سطح پر بھی صورتحال مختلف نہیں طاقتور ملک جمہوریت کی بات کرتے ہیں مگر آمریت کو سہارا دیتے ہیں۔ اقوام متحدہ امن کی علامت کہلاتی ہے مگر اکثر جنگوں کے سامنے بے بس دکھائی دیتی ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی بعض اوقات سیاسی مفادات کے ترازو میں تولی جاتی ہیں۔ دنیا اب انصاف سے نہیں طاقت سے چلتی ہے۔ سچ کی قیمت اتنی کم ہو چکی ہے کہ وہ اکثر جھوٹ کے شور میں دب کر رہ جاتا ہے۔ سب سے خطرناک دیوالیہ پن معاشی نہیں فکری ہوتا ہے۔ جب قوم سوال کرنا چھوڑ دے جب نوجوان خواب دیکھنے کے بجائے ملک چھوڑنے کی خواہش میں جینے لگیں جب شاعر امید کے بجائے مایوسی لکھنے لگیں جب دانشور سچ بولنے سے ڈرنے لگیں تب سمجھ لینا چاہیے کہ زوال صرف دروازے پر نہیں گھر کے اندر داخل ہو چکا ہے۔ آج پاکستان کو قرضوں سے زیادہ سچ کی ضرورت ہے ہمیں نئے پلوں، سڑکوں اور عمارتوں سے پہلے مضبوط اور نئے کردار چاہئیں قومیں آئی ایم ایف کے قرضوں سے نہیں اپنے اخلاقی سرمایہ سے مضبوط ہوتی ہیں اگر سیاست جھوٹ پر کھڑی ہو، صحافت بک جائے عدل کمزور ہو جائے اور عوام صرف تماشائی بن جائیں تو پھر معیشت کا دیوالیہ نکلنے میں زیادہ وقت نہیں لگتا۔

ہماری سوچ اور ذہنوں پر حملہ آور سوشل میڈیا

مطلوب احمد وڑائچ

دنیا کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ وہی قومیں ترقی کرتی ہیں جو علم، تحقیق، اختراع اور مسلسل محنت کو اپنی اجتماعی ترجیحات میں شامل رکھتی ہیں۔ انسانی تہذیب کی ترقی کا سفر دراصل علم کے فروغ، نئی ایجادات اور جدید ذرائع ابلاغ کی بدولت آگے بڑھا ہے۔ مگر بدقسمتی سے مسلم دنیا، بالخصوص برصغیر کے مسلمان، اس دوڑ میں رفتہ رفتہ پیچھے رہ گئے۔ اس زوال کے اسباب کو سمجھنا اور ان سے سبق حاصل کرنا آج کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ پرنٹنگ پریس کی مخالفت اور علمی نقصان۔ یورپ میں پندرھویں صدی میں پرنٹنگ پریس کی ایجاد نے علم کے فروغ میں انقلاب برپا کر دیا۔ کتابیں جو پہلے ہاتھ سے لکھی جاتی تھیں، اب ہزاروں کی تعداد میں شائع ہونے لگیں۔ اس کے نتیجے میں تعلیم عام ہوئی، تحقیق کا دائرہ وسیع ہوا اور سائنسی انقلاب کی بنیاد پڑی۔ اس کے برعکس مسلم دنیا میں بعض حلقوں نے ابتدا میں پرنٹنگ پریس کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھا۔ سلطنت عثمانیہ میں بھی مختلف ادوار میں اس ٹیکنالوجی کے استعمال پر پابندیاں اور محدودیتیں موجود رہیں۔ اگرچہ یہ پابندیاں مکمل اور دائمی نہیں تھیں، تاہم ان کی وجہ سے علمی مواد کی اشاعت کی رفتار یورپ کے مقابلے میں بہت سست رہی۔ نتیجتاً وہ علمی انقلاب جو یورپ میں رونما ہو رہا تھا، مسلم دنیا اس سے خاطر خواہ فائدہ نہ اٹھا سکی۔ سائنسی انقلاب اور مسلم دنیا کی دوری۔ سترھویں اور اٹھارویں صدی میں یورپ میں سائنس، طب، انجینئرنگ اور صنعت کے میدانوں میں غیر معمولی ترقی ہوئی۔ اس دوران مسلم معاشروں میں سیاسی کمزوری، اندرونی اختلافات اور تعلیمی جمود نے ترقی کی رفتار کو متاثر کیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک زمانہ وہ بھی تھا جب بغداد، قرطبہ، دمشق اور سمرقند دنیا کے بڑے علمی مراکز شمار ہوتے تھے۔ الجبرا، طب، فلکیات، کیمیا اور فلسفے میں مسلمانوں نے نمایاں خدمات انجام دیں۔ مگر بعد کے ادوار میں تحقیق اور تنقیدی سوچ کی روایت کمزور پڑتی گئی، جبکہ مغربی اقوام نے مسلسل آگے بڑھنے کا سفر جاری رکھا۔ نوآبادیاتی دور اور تعلیمی پسماندگی۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی میں بیشتر مسلم ممالک یورپی طاقتوں کے زیرِ اثر آ گئے۔ نوآبادیاتی نظام نے مقامی معیشتوں اور تعلیمی ڈھانچوں کو کمزور کیا۔ اس دوران یورپ میں صنعتی انقلاب آیا، جدید یونیورسٹیاں قائم ہوئیں اور تحقیق کو ریاستی سرپرستی حاصل ہوئی، جبکہ مسلم دنیا بنیادی تعلیمی مسائل سے نبرد آزما رہی۔ یہی وجہ ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ترقی یافتہ ممالک اور مسلم معاشروں کے درمیان علمی اور معاشی فاصلہ بڑھتا چلا گیا۔ محنت اور جدوجہد سے آسان راستوں تک۔ کبھی برصغیر کے نوجوانوں کے خواب ڈاکٹر، انجینئر، سائنس دان اور محقق بننے سے وابستہ ہوتے تھے۔ والدین اپنے بچوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیتے تھے۔ میڈیکل اور انجینئرنگ کالجوں میں داخلے کے لیے شدید مقابلہ ہوا کرتا تھا اور کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ اپنی صلاحیت اور محنت کی بدولت ممتاز مقام حاصل کرتے تھے۔ مگر آج صورتحال بڑی حد تک تبدیل ہو چکی ہے۔ نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد فوری شہرت اور جلد آمدنی کے راستوں کی طرف مائل ہو رہی ہے۔ سوشل میڈیا بذات خود کوئی بری چیز نہیں، بلکہ یہ ایک طاقتور ذریعہ ہے۔ مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب اسے علم، تحقیق اور مہارت حاصل کرنے کے بجائے صرف تفریح یا فوری مالی فائدے کے لیے استعمال کیا جائے۔ سوشل میڈیا کا بے مقصد استعمال۔ ٹک ٹاک، فیس بک، انسٹاگرام اور دیگر پلیٹ فارمز نے معلومات تک رسائی آسان بنا دی ہے، لیکن ان کے غیر محتاط استعمال نے نوجوان نسل کی توجہ اور یکسوئی کو متاثر کیا ہے۔ مختصر ویڈیوز اور فوری تفریح کے کلچر نے طویل مطالعے، گہری تحقیق اور مستقل مزاجی جیسی خصوصیات کو کمزور کیا ہے۔ آج بہت سے نوجوان یہ سمجھتے ہیں کہ کامیابی صرف وائرل ہونے یا چند ماہ میں مشہور ہونے سے حاصل کی جا سکتی ہے، جبکہ حقیقی ترقی علم، مہارت اور مسلسل محنت کا تقاضا کرتی ہے۔ دنیا کی کوئی بھی ترقی یافتہ قوم صرف تفریحی صنعت کے سہارے ترقی نہیں کرتی، بلکہ اس کی بنیاد سائنس، ٹیکنالوجی، صنعت اور تحقیق پر قائم ہوتی ہے۔ تعلیمی شعبوں میں کم ہوتی دلچسپی۔ سوشل میڈیا کے خرافات کو اپناتے ہوئے ہم اس حد تک ملوث ہو چکے ہیں کہ اب ہمارے گھروں اور فیملیوں میں بچوں کو ڈاکٹر، سائنسدان، انجینئر یا کسی بھی ہنرمند شعبے کی طرف لے جانے کا رواج تقریباً ختم ہوتا جا رہا ہے۔ اب ہر شخص ٹک ٹاک کی کمائی کو ہی اصل مقصد سمجھتا ہے۔ تھوڑی سی انگریزی بولنی آتی ہو تو سمجھا جاتا ہے کہ باقی کوئی خاص مسئلہ نہیں۔ ہر شخص ٹک ٹاک کے چکر میں تعلیم چھوڑ رہا ہے

(ادارے کی رائے ضروری نہیں کہ قلم کاروں یا مضمون نگاروں کے خیالات اور مندرجات سے مطابقت رکھتی ہو) ادارہ

یہ سورج ڈھلنے والا نہیں

سرفراز راجا

ہر سال 21 جون کا سورج طلوع ہوتا ہے تو غروب ہونا ہی بھول جاتا ہے اور سال کا طویل ترین دن بن جاتا ہے۔ اس بار یہ سورج جیسے پاکستان کی کامیابیوں اور عروج کی نوید لے کر طلوع ہوا۔ وہ کامیابی اور عروج جس کا ہمیشہ اس قوم کو خواب دکھایا جاتا رہا اور بالآخر وہ خواب پورا ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ 21 جون 2026ء، سوئٹزرلینڈ سے دنیا بھر میں وہ مناظر دکھائے گئے جنھیں دیکھ کر ہر پاکستانی کا سر فخر سے بلند ہو گیا اور ہر مخالف کے دلوں پر چھریاں چل گئیں۔ پاکستان کو دنیا نے سب سے بڑے عالمی تنازعے میں ثالثی اور اس صدی کے اہم ترین عالمی مذاکرات کی میزبانی کرتے ہوئے دیکھا۔ وزیرِاعظم پاکستان کے دائیں جانب دنیا کے طاقتور ترین ملک کے نائب صدر تھے اور بائیں جانب ایک امیر ترین ملک کے وزیرِاعظم۔ پاکستان ہی وہ ملک تھا جس نے ڈونلڈ ٹرمپ جیسے طاقتور اور غیر متوقع (Unpredictable) امریکی صدر کو ایران پر بڑے حملے سے روکا، ایک بار نہیں بلکہ دو بار مداخلت کر کے سیز فائر کا اعلان کروایا، ایک دوسرے کی جان کے دشمن فریقین کو اپنے ملک میں بلا کر مذاکرات کی میز پر بٹھایا، اور پھر مسلسل کوششوں کے بعد دونوں کے درمیان ایک سیز فائر معاہدہ کروایا۔ اس معاہدے کی دنیا کو ضرورت تھی اور دنیا کی امیدوں کا مرکز پاکستان تھا جو ان امیدوں پر پورا اترا۔ کئی ہفتوں کی کوششوں کو کئی بار سبوتاژ کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ اسرائیل جو سب جانتے ہیں کہ اس معاہدے کے کس قدر خلاف رہا اس نے کئی بار سیز فائر کی خلاف ورزیاں کر کے حالات کو امن سے کشیدگی کی جانب موڑنے کی بھرپور کوشش کی۔ ادھر بھارت، جس سے پاکستان کی یہ سفارتی کامیابی ہضم نہیں ہو رہی تھی، اپنے گودی میڈیا کے ذریعے اس تاک میں لگا رہا کہ کسی طرح ثالثی کا کریڈٹ پاکستان کے سر سجنے نہ دیا جائے۔ لیکن جب جنگ بندی کا تحریری معاہدہ ہوا اور اس پر امریکی اور ایرانی صدور کے ساتھ وزیرِاعظم پاکستان نے دستخط کیے، اور پھر اس دستخط شدہ دستاویز کی تصاویر سوشل میڈیا پر سامنے لائی گئیں تو سب کے منہ بند ہو گئے۔ سوئٹزرلینڈ میں دستخطوں کی تقریب کی منسوخی کے بعد ایسے عناصر کو پھر کچھ باتیں بنانے کا موقع ملا، لیکن پھر 21 جون کی سہ پہر پاکستان کو حتمی مذاکرات کی میزبانی کرتا دیکھ کر ان سب کو پھر سانپ سونگھ گیا۔ سو دن سے زیادہ جاری رہنے والی ایران امریکہ جنگ کو اگر ہم دیکھیں اور اس کے نتیجے میں ہونے والے چودہ نکاتی جنگ بندی معاہدے کے بعد سوال پیدا ہوتا ہے کہ جنگ کس نے جیتی؟ جنگ جیتنے کے دعوے تو فریقین کی جانب سے ہمیشہ کیے جاتے ہیں، لیکن اس معاہدے کے چودہ نکات حقیقت واضح کر رہے ہیں۔ پہلے یہ معاہدہ دیکھ لیتے ہیں وہ کہتا کیا ہے: 1۔ ایران اور امریکا اپنے اتحادیوں کے ساتھ تمام محاذوں (بشمول لبنان) پر جنگ کے فوری اور مستقل خاتمے کا اعلان کریں گے اور ایک دوسرے کے خلاف طاقت کے استعمال یا دھمکی سے گریز کریں گے۔ 2۔ دونوں ممالک ایک دوسرے کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا احترام کریں گے اور اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کریں گے۔ 3۔ دونوں فریقین زیادہ سے زیادہ 60 دنوں کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لیے مذاکرات کریں گے، جسے باہمی رضامندی سے بڑھایا جا سکتا ہے۔ 4۔ معاہدے پر دستخط کے فوراً بعد امریکا ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی ختم کر دے گا اور 30 دنوں کے اندر بحری آمد ورفت کو مکمل طور پر بحال کرے گا۔ 5۔ ایران تجارتی جہازوں کی آمد ورفت کو 30 دنوں کے اندر جنگ سے پہلے کی سطح پر بحال کرنے کے لیے اقدامات کرے گا۔ 6۔ حتمی معاہدے کے بعد امریکا 30 دنوں کے اندر ایران کے گرد ونواح سے اپنی افواج کو واپس بلا لے گا۔ 7۔ امریکا ایران کے خلاف بنیادی اور ثانوی پابندیوں کو ختم کرنے کے لیے کام کرے گا۔ 8۔ امریکا ایرانی خام تیل، پیٹرو کیمیکل مصنوعات اور متعلقہ خدمات (بینکنگ، انشورنس، ٹرانسپورٹ) کی برآمدات کے لیے چھوٹ (Waivers) جاری کرے گا۔ 9۔ ایران کے منجمد اثاثوں کو مکمل طور پر قابل استعمال اور قابل رسائی بنایا جائے گا۔ 10۔ ایران اس معاہدے میں اپنے جوہری پروگرام کے حوالے سے یقین دہانی کراتا ہے۔ 11۔ ایران کو 300 ارب ڈالر کے ترقیاتی فنڈ تک رسائی حاصل ہو سکے گی، جو جوہری مذاکرات میں شرائط پوری کرنے پر منحصر ہے۔ 12۔ لبنان کی علاقائی سالمیت اور خودمختاری کی ضمانت دی جائے گی۔ 13۔ اس مفاہمتی یادداشت اور مستقبل کے معاہدے پر عمل درآمد کی نگرانی کے لیے ایک طریقہ کار قائم کیا جائے گا۔ 14۔ حتمی معاہدے کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی ایک قرارداد کے ذریعے منظور کرایا جائے گا۔ اب اگر اس دستاویز کا جائزہ لیں تو اس میں ایران کو جنگ بند کرنے کے عوض بہت کچھ مل رہا ہے

کچھ علاج اس کا بھی اے چارہ گراں

نسیم شاہد

مجھے اس وقت سخت کوفت ہوتی ہے جب میں میڈیا پر کوئی ایسی خبر دیکھتا ہوں کہ لوگ اپنے پیارے کی نعش سڑک پر رکھ کر احتجاج کر رہے ہیں۔ احتجاج کرنے والوں میں مرنے والے کی مائیں، بہنیں، بھائی اور دیگر عزیز و اقارب بھی ہوتے ہیں۔ یہ احتجاج وہ کس لئے کر رہے ہوتے ہیں، اس کے بارے میں آنکھیں بند کر کے بتایا جا سکتا ہے، وہ پولیس کی بے حسی اور جانبدارانہ رویے پر سراپا احتجاج ہوتے ہیں جو یا تو ایف آئی آر درج کرنے میں تساہل سے کام لیتی ہے یا پھر سامنے موجود ملزموں کو پکڑتی نہیں۔ ایسا ہی احتجاج چوک حرم گیٹ ملتان پر دو دن پہلے ہوا تو سوشل میڈیا اور مختلف چینلز پر اس کی ویڈیو چلتی رہی۔ نوجوان کی جوان بہنیں اور ماں باپ نوحہ کناں تھے کہ پولیس والے ملزموں کا ساتھ دیتے رہے اور انہیں تھانے سے برا بھلا کہہ کر نکال دیا گیا۔ جب کافی دیر ٹریفک جام رہتی ہے، شور شرابا شروع ہو جاتا ہے تو متعلقہ تھانے کا ایس ایچ او چند کانسٹیبلوں کے ساتھ آتا ہے۔ لواحقین سے مذاکرات کرتا ہے، انہیں یقین دلاتا ہے کہ انصاف کیا جائے۔ حرم گیٹ میں ورثاء نے نوجوان کی نعش رکھ کر جو احتجاج کیا، وہ تھانے سے صرف چند قدم کے فاصلے پر تھا۔ پولیس کا اتنی دیر بعد آنا اس بات کی گواہی تھی کہ اسے احتجاج کی کچھ زیادہ پرواہ نہیں ہوتی، جب احتجاج کرنے والے ایس ایچ او کی بات نہیں سنتے تو ڈی ایس پی کو بھیجا جاتا ہے۔ جب اس سے بھی بات نہیں بنتی تو کوئی ایس پی رینک کا افسر موقع پر آتا ہے۔ لواحقین کو سمجھاتا ہے نعش کی بے حرمتی نہ کریں، پولیس انہیں پورا انصاف فراہم کرے گی۔ وہ نہیں مانتے اور مطالبہ کرتے ہیں سی سی پی او آئیں انہیں انصاف کی فراہمی کا یقین دلائیں۔ اب یہاں پولیس افسروں کی انا آڑے آ جاتی ہے۔ صرف ایک قتل ہوا اور ضلع کا افسر انصاف کا یقین دلانے جائے، یہ تو وقار و منصب کے خلاف ہے۔ سو نعش سڑک پر رکھ کر اتنی شدید گرمی میں انصاف کی دہائی کا یہ سلسلہ کئی گھنٹے جاری رہتا ہے۔ یہ روزانہ کے مناظر ہمارے نظام انصاف کے کھوکھلے پن کو بے نقاب کرتے ہیں۔ قتل سے بڑا بھی کوئی جرم ہو سکتا ہے؟ اگر اس پر بھی علاقے کی پولیس متحرک نہیں ہوتی۔ مرنے والے کے ورثاء کو فوراً پہنچ کر انصاف فراہم کرنے کا یقین نہیں دلاتی، ملزموں کی گرفتاری کے لئے تیز رفتار اقدامات نہیں کرتی تو پھر لوگ شکوک و شبہات میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ابھی کچھ عرصے پہلے ملتان میں ایک ریٹائرڈ پروفیسر محی الدین پیرزادہ کو دن دہاڑے قتل کر دیا گیا، قتل کرنے والا بھی پہچانا گیا اور اس کی ویڈیو بھی بن گئی، مگر آج تک اس کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ اب ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نے قاتلوں کی گرفتاری کے لئے احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ پولیس کو الٹی میٹم دیا ہے کہ ان کی گرفتاری عمل میں لا کر انصاف فراہم کیا جائے۔

پنشنرز کو زہر ہی دے دیں۔

حکومت پنجاب نے ا؟ سندہ مالی سال کا بجٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کیا تو اسی دن ایک واٹس ایپ گروپ میں کسی پنشنر نے ایک میسج شیئر کیا۔ یوں لکھا تھا: "میں ایک درجہ چہارم کا پنشنر ہوں۔ میری عمر 70 سال کے قریب ہے۔ بالکل تندرست و توانا ہوں۔ صرف فشار خون، ذیابیطس، پراسٹیٹس، گھٹنوں کا درد اور اس جیسی چند ایک دوسری بیماریوں سے ابدی دوستی ہے۔ سرکار کے ہسپتالوں سے فری اور فوری دوائی مل جاتی ہے۔ مجھے قطار میں بھی نہیں کھڑا ہونا پڑتا۔ ہسپتال پہنچنے سے پہلے ہی تمام سرکاری ڈاکٹر میری ا؟مد کے منتظر ہوتے ہیں۔ مجھے چیک کر کے مفت دوائیاں میرے ہاتھ میں تھما کر میرے لیے تانگہ بھی اپنی گرہ سے کروا کر دیتے ہیں۔ میرے محلے کے دکان دار ناقابل یقین حد تک ارزاں قیمتوں پر اشیائے خورد و نوش فراہم کرتے ہیں۔ یا میں یوں کہہ سکتا ہوں کہ میرے صوبے میں دودھ اور شہد کی نہریں بہہ رہی ہیں۔ اوپر سے بجٹ میں حکومت نے اس سال واقعی حاتم طائی کی قبر پر لات ماری ہے۔ پنشن میں اتنا اضافہ کر دیا ہے کہ سوچ رہا ہوں کہ اتنی رقم کیسے سنبھالوں گا۔ ارادہ ہے کہ اسے کسی منافع بخش کاروبار میں انویسٹ کروں۔ مجھے رئیل اسٹیٹ کا کاروبار کافی منافع بخش لگتا ہے۔ بس ا؟پ دوستوں سے پوچھنا یہ تھا کہ ڈی ایچ اے میں انویسٹمنٹ کروں یا کہیں اور"۔ گروپ ممبران نے اسے اپنی اپنی سمجھ کے مطابق مشورے دیے۔ میں نے بھی بہتی گنگا میں ہاتھ دھونے کی کوشش کی۔ اسے انتہائی صائب مشورہ دیا اور لکھا: "بھائی! پاکستان میں سرمایہ کاری محفوظ نہیں ہے۔ ایران، اسرائیل اور امریکہ کی جنگ کے بعد بھی متحدہ عرب امارات سرمایہ کاری کے لیے محفوظ ترین جگہ ہے۔ وہاں کا سوچیں۔ فائدہ ہوگا"۔ موصوف نے کس کے مشورے پر عمل کیا تادم تحریر معلوم نہیں ہو سکا۔ البتہ میں نے جب پنجاب کا بجٹ ملاحظہ کیا تو معلوم ہوا کہ حکومت پنجاب نے پنشنرز کی پنشن میں 3.5 فی صد اضافہ کرنے کی تجویز دی ہے۔ اپنے ایک کولیگ افسر، جو ا؟ج کل محکمہ خزانہ میں ایک بڑے عہدے پر تعینات ہیں، سے پوچھا: "بھائی! یہ ساڑھے تین فی صد والی

عبدالغفور چودھری

سائنس کیا ہے؟ وفاقی حکومت نے تو تنخواہوں اور پنشن میں 0۔7 فی صد اضافہ کی تجویز دی ہے۔ پنجاب حکومت نے پچھلے سال بھی یہی کیا تھا۔ اب بھی وہی دہرایا ہے۔ کیا صوبہ پنجاب ہی سب صوبوں سے غریب ہے۔ باقی صوبے تو پنشن میں بھی تنخواہوں کے برابر ہی اضافہ کرتے ہیں۔ کیا مسلم لیگ (ن) کی حکومت کو ا؟ سندہ انتخابات کے لیے ووٹوں کی ضرورت نہیں ہے؟ صوبے کے ساڑھے پانچ لاکھ کے قریب پنشنرز ووٹرز بھی تو ہیں۔ وہ عام طور پر اپنے گھرانوں کے سربراہ بھی ہوتے ہیں۔ اور ووٹ بھی ان کی مرضی سے دیے جاتے ہیں۔ کیا انھیں ناراض کر کے حکومت سیاسی طور پر اپنے پاو؟ں پر کلہاڑی نہیں مار رہی"۔ کہنے لگے: "چودھری صاحب! شاید ا؟پ کے علم میں نہیں ہے کہ حکومت پنجاب نے 02۔دسمبر 2024ء کو بروئے نوٹی فی کیشن نمبری FDSR-III-4-244/2023(B) سول سرونٹ ایکٹ۔1974 کے رول نمبر 4.4 میں یہ تبدیلی کی ہے کہ ا؟ سندہ پنجاب حکومت کے پنشنرز کو سرکاری ملازمین کی تنخواہ میں اضافے کا پچاس فی صد دیا جائے گا۔ اس بنیاد پر پنجاب حکومت یہ کام کر رہی ہے"۔ میرے لیے یہ خبر حیران کن تھی۔ اس لیے کہ محکمہ فنانس پنجاب میں بیٹھے مہا کلاکار بیوروکریٹ محض اپنی نوکریاں سیدھی کرنے کے لیے پنشنرز کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے لیے ایسی تجاویز دیتے ہیں۔ کیا انھوں نے کبھی ریٹائر نہیں ہونا۔ شاید اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ سیکریٹریٹ میں بیٹھے سینئر بیوروکریٹس وفاقی سروس (پی اے ایس) سے ہیں۔ انھیں پنجاب سے کیا؟ یا انھیں ریٹائرمنٹ کے بعد پنشن کی ضرورت ہی نہ ہو۔ لیکن انھیں لاکھوں کی تعداد میں ان سرکاری ملازمین کا بھی خیال رکھنا چاہیے جو بے چارے اپنی تنخواہ پر گزارہ کرتے ہیں۔ ریٹائرمنٹ کے وقت نہ تو ان کے پاس کوئی ذاتی گھر ہوتا ہے اور نہ کوئی سواری۔ انھوں نے تو باقی زندگی پنشن کے سہارے ہی گزارنا ہوتی ہے مجھے دو دن پہلے ایک پنشنر دوست کی کال ا؟ئی۔ صدمے میں تھے۔ کہنے لگے: "چودھری صاحب! کیا حکومت نے ہماری پنشن میں ساڑھے تین فی صد اضافہ کر کے ہماری توہین نہیں کی ہے؟ ہم تو شرم کے مارے کسی کو بتا بھی نہیں سکتے۔ مسلم لیگ (ن) کا ہر دور کاشتکاروں اور سرکاری ملازمین پر بھاری ہوتا ہے۔ حالاں کہ معاشرے کے دونوں جزو کسی بھی ملک کی ترقی کے لیے انتہائی اہم ہوتے ہیں۔ یہ دونوں جزو حکومت کے خلاف سراپا احتجاج ہیں۔ لیکن حکومت کے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ شاید انھیں یقین دلایا جا چکا ہے کہ ا؟ سندہ انتخابات میں انھیں عوام کے ووٹوں کی ضرورت نہیں ہوگی"۔ وہ تھوڑی دیر کے لیے رکے، پھر بولے: "حال ہی میں ان کی حکومت نے ایم این ایز، سینیٹرز، وزراء، چیئرمین سینٹ، سپیکرز اور ایم پی ایز وغیرہم کی تنخواہوں اور مراعات میں 200 سے لے کر 600 فی صد تک کا اضافہ کیا۔ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کے ملازمین کی تنخواہیں بھی کئی گنا بڑھائی گئی ہیں۔ کیا مہنگائی صرف ان احباب اور وی ا؟ئی پی لوگوں کو متاثر کرتی ہے؟ باقی سرکاری ملازمین اور پنشنرز کا کیا قصور ہے کہ ان کے پیٹ کاٹے جا رہے ہیں؟ جب ملک میں امسال مہنگائی کی شرح پندرہ سے بیس فی صد کے درمیان رہی ہے تو تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ بھی اسی تناسب سے ہونا چاہیے تھا۔ اب تو پارلیمنٹیرینز اور پنجاب کے ایم پی ایز بھی اس ظلم و زیادتی پر سراپا احتجاج ہیں۔ سرکاری ملازمین اور پنشنرز سابق وزیراعظم اور موجودہ ایم این اے جناب راجہ پرویز اشرف، ٹوبہ ٹیک سنگھ سے جناب امجد جاوید ایم پی اے پنجاب اور جناب چودھری ا؟صف علی بگا، ایم پی اے پنجاب کا ان کی حق تلفی پر ا؟واز اٹھانے پر شکریہ ادا کرتے نظر ا؟ رہے ہیں۔ اور حیران ہیں کہ ان کے منتخب کردہ باقی نمائندوں کی زبانوں پر تالے کیوں پڑے ہوئے ہیں"۔

فاتح حاضر، راوی غائب

احمد خان

تاریخ کا ایک بنیادی سبق یہ ہے کہ قومیں اپنے کارناموں کو اسی حد تک محفوظ رکھ پاتی ہیں جس حد تک انہیں مؤثر انداز میں مرتب اور پیش کیا جائے۔ کئی بڑی فتوحات محض اس لیے وقت کی گرد میں دب گئیں کہ ان کی مناسب ترجمانی نہ ہو سکی، اور کئی معمولی کامیابیاں صرف ایک مربوط بیانیے کے سبب تاریخ کا مستقل حوالہ بن گئیں۔ جدید مارکیٹنگ کے بانی فلپ کوٹلر نے اسی حقیقت کو کاروباری زبان میں یوں سمیٹا کہ کامیابی کے پانچ ستون (Ps5) ہوتے ہیں— Product، Price، Place، Promotion اور Packaging— اور ان میں سے ایک بھی کمزور پڑ جائے تو باقی چاروں کی ساری ریاضت اکارت چلی جاتی ہے۔ اس عاجز کو آج کا پاکستان عین اسی اصول کی زندہ تفسیر دکھائی دیتا ہے۔ ہماری پروڈکٹ، یعنی کارکردگی، بے مثال ہے مگر ہم پروموشن، یعنی بیانیے کی جنگ، میں پچھڑ رہے ہیں۔ گزشتہ ایک برس پاکستان کے لیے فتوحات کا برس رہا۔ مئی 2025ء کے معرکۂ حق میں جب بھارت نے آپریشن سندور کی صورت میں شب خون مارا تو ہماری مسلح افواج نے بنیان مرصوص کا ایسا فیصلہ کن جواب دیا کہ اڑتالیس گھنٹے کے اندر دہلی کو عالمی دروازوں پر جنگ بندی کی درخواست لے کر جانا پڑا۔ اسی غیر معمولی کامیابی کے اعتراف میں حکومت نے، قومی جذبات و امنگوں کی ترجمانی کرتے ہوئے، جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے منصب پر فائز کیا— ایوب خان کے بعد ملکی تاریخ کے دوسرے فیلڈ مارشل، اور پہلے جنہیں کسی منتخب سویلین حکومت نے یہ اعزاز بخشا۔ پھر دنیا نے دیکھا کہ یہ ملک محض میدانِ جنگ کا شہسوار نہیں، صلح کی میز کا بھی اہل ہے۔ گزشتہ ہفتے، 18 جون کو، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے، جس کے تحت ایران آبنائے ہرمز دوبارہ کھولے گا اور امریکہ اپنی بحری ناکہ بندی اٹھائے گا اور اس تاریخی معاہدے پر بطور ثالث دستخط وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کیے۔ یہ وہ کردار ہے جو ماضی میں صرف بڑی طاقتوں کے حصے میں آتا تھا۔ داخلی محاذ پر بھی ایک سنگِ میل عبور ہوا۔ اسی ہفتے وزیرِ اعظم نے اپنا مسلسل پانچواں وفاقی بجٹ پیش کیا اور یہ محض ایک عدد نہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ بطور وزیرِ اعظم لگاتار پانچ میزانیے پیش کرنے کا شرف اس سے پہلے صرف ذوالفقار علی بھٹو کو حاصل ہوا تھا، جو 1973ء سے 1977ء تک ہر سال قوم کے سامنے بجٹ رکھتے رہے۔ یوں عددی اعتبار سے شہباز شریف اب اسی صفِ اول میں آن کھڑے ہوئے ہیں۔ اب آتے ہیں اس بنیادی سوال کی طرف - پروموشن کا سوال ہے۔ جب کارنامہ اتنا تابناک ہے تو وہ عوامی پذیرائی میں کیوں نہیں ڈھل رہا؟

وزیراعظم نے تاریخ کا دھارا بدل دیا

اسد اللہ غالب

تاریخ کا پہیہ جب اپنی پوری رفتار سے گھوم رہا ہو اور عالمی منظر نامے پر تیسری جنگِ عظیم کے مہیب بادل منڈلا رہے ہوں، تو دنیا کو مصلحت پسند سیاست دانوں کی نہیں بلکہ جرات مند اور وژنری رہنماؤں کی ضرورت ہوتی ہے۔ پچھلے چند ماہ کے دوران، مشرقِ وسطیٰ کی دھرتی جس بارود کے ڈھیر پر بیٹھی تھی، وہاں ایک چنگاری پورے کرۂ ارض کو اپنی لپیٹ میں لینے کے لیے کافی تھی۔ ایران، اسرائیل اور امریکہ کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی، میزائلوں کی گرج چمک اور جنگی طیاروں کی پروازیں اس بات کا واضح ثبوت تھیں کہ دنیا تباہی کے دہانے پر کھڑی تھی۔ لیکن عین اس وقت، جب عالمی برادری مایوسی کا شکار تھی، پاکستان نے تاریخ کا دھارا بدل دیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی انتھک، خاموش اور غیر معمولی سفارت کاری اور پاکستان کی عسکری قیادت، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تزویراتی حکمتِ عملی نے وہ معجزہ کر دکھایا جس کی توقع عالمی ماہرین بھی نہیں کر رہے تھے۔ ایک ایسا تاریخی معاہدہ طے پا گیا جس نے نہ صرف مشرقِ وسطیٰ کو ایک ہولناک جنگ سے بچا لیا بلکہ پاکستان کو عالمی امن کے سب سے بڑے ضامن کے طور پر ابھارا۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان براہ راست تصادم اور اس میں امریکہ کی ممکنہ شمولیت ایک ایسا منظر نامہ تھا جو عالمی معیشت، توانائی کی سپلائی لائنز اور اربوں انسانوں کی زندگیوں کو ملیامیٹ کر سکتا تھا۔ واشنگٹن سے لے کر تہران اور تل ابیب تک، ہر طرف جنگ کے نقارے بج رہے تھے۔ ایسے نازک موڑ پر وزیراعظم شہباز شریف نے یہ بھاری ذمہ داری اپنے کندھوں پر اٹھائی کہ پاکستان اب صرف تماشائی بن کر نہیں رہے گا، بلکہ امتِ مسلمہ اور عالمی امن کے وسیع تر مفاد میں اپنا متحرک کردار ادا کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے روایتی بیانات سے ہٹ کر "ایکشن اورینٹڈ" سفارت کاری کا آغاز کیا۔ انہوں نے راتوں رات عالمی رہنماؤں سے رابطے کیے، تہران اور واشنگٹن کے درمیان بالواسطہ پیغامات کے تبادلے کے لیے پاکستان کو ایک معتبر پل بنایا اور سفارتی دنیا کو یہ باور کرایا کہ اس جنگ کا کوئی فاتح نہیں ہوگا، بلکہ پوری انسانیت اس کی قیمت چکائے گی۔ اس پوری کامیابی کی کہانی فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تزویراتی بصیرت اور عسکری سفارت کاری کے بغیر ادھوری ہے۔ جب معاملہ تہران اور واشنگٹن جیسے دارالحکومتوں کا ہو، تو وہاں صرف سیاسی بیانات کام نہیں آتے، بلکہ وہاں ریاست کی طاقت اور عسکری ساکھ کی ضرورت ہوتی ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اپنے روایتی تدبر اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے پس پردہ وہ کردار ادا کیا جس نے تعطل کو توڑا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مسلم ممالک اور مغربی طاقتوں کے مابین قائم ساکھ نے ایک ایسے وقت میں اعتماد بحال کیا جب دونوں فریقین ایک دوسرے پر بھروسہ کرنے کو تیار نہیں تھے۔ ان کی عسکری سفارت کاری نے تزویراتی غلط فہمیوں کو دور کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ پاکستان کی عسکری قیادت نے تہران کے عسکری حلقوں اور واشنگٹن کے پینٹاگون کے ساتھ براہ راست رابطے قائم کیے۔ فیلڈ مارشل کی ان تھک کوششوں نے دونوں فریقین کو یہ سمجھنے پر مجبور کیا کہ جنگ کی صورت میں نقصانات کا تخمینہ کسی کے بس میں نہیں رہے گا۔ یہ ان کی غیر معمولی ساکھ اور اثر و رسوخ ہی تھا جس کی بدولت انتہائی خفیہ اور حساس نوعیت کے مذاکرات پاکستان کی میزبانی میں کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔ اس مشترکہ سول ملٹری قیادت کی کاوشوں کا نتیجہ اس تاریخی معاہدے کی صورت میں نکلا جسے اب عالمی تاریخ میں "امن کا سنگِ میل" کہا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی سیاسی فراست اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سیکیورٹی حکمتِ عملی نے ایران، اسرائیل اور امریکہ کو ایک ایسے نقطے پر لا کھڑا کیا جہاں گولیوں کی جگہ دلیل نے لے لی۔ اس معاہدے کے تحت نہ صرف فوری جنگ بندی کو یقینی بنایا گیا، بلکہ خطے میں پائیدار امن کے لیے ایک جامع فریم ورک پر بھی اتفاق ہوا۔ پاکستان نے اپنی غیر جانبدارانہ اور مخلصانہ پوزیشن کا استعمال کرتے ہوئے ایران کے سیکیورٹی تحفظات کو بھی ایڈریس کروایا اور ساتھ ہی امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو یہ یقین دہانی بھی دلائی کہ میزائل سازی اور کشیدگی کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ یہ پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی سفارتی کامیابی ہے جس نے دنیا کو ایک بہت بڑی تباہی سے بچا لیا۔ اس تاریخی کامیابی پر نہ صرف مسلم امہ نے سکھ کا سانس لیا، بلکہ عالمی طاقتوں نے بھی پاکستان کے اس عظیم الشان کردار کا برملا اعتراف کیا۔ امریکی صدر نے وائٹ ہاؤس سے جاری اپنے خصوصی بیان اور وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ براہ راست رابطے میں پاکستان کی قیادت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ امریکی صدر نے اپنے خطاب میں واشگاف الفاظ میں کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت اور پاکستان کی عسکری بصیرت نے دنیا کو ایک ایسے بحران سے نکالا ہے جو عالمی امن کو تباہ کر سکتا تھا، اور پاکستان نے ثابت کر دیا کہ وہ عالمی سطح پر امن کا ایک ذمہ دار اور ناگزیر کردار ہے۔ یہ الفاظ صرف ایک ملک کی تعریف نہیں ہیں بلکہ یہ پاکستان کی سول اور عسکری قیادت کی اس مشترکہ حکمتِ عملی کی پذیرائی ہے جس نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار کو چار چاند لگا دیے ہیں۔ امریکی صدر کی جانب سے اس سطح پر پذیرائی پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ایک بہت بڑی فتح ہے۔ اس تاریخی واقعے نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا ہے کہ جب پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت ایک صفحے پر ہو، تو پاکستان دنیا کا ناممکن ترین کام بھی ممکن بنا سکتا ہے وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت کی سیاسی پختگی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج کی تزویراتی طاقت نے مل کر ایک ایسی "ٹیم پاکستان" تشکیل دی جس کا لوہا آج پوری دنیا مان رہی ہے۔

حد ہے بھائی حد ہے

سعید آسی

میں نے اپنے گذشتہ کالم میں بجلی، گیس، پانی، غربت، مہنگائی، بے روزگاری کے گھمبیر مسائل سے تنگ آئے عوام کے دلوں میں پیدا ہوتے اضطراب کا حوالہ دیا تو میرے ذہن میں ان اینکروں اور دانشوروں کی جانب سے راندہ درگاہ عوام کے لیئے جاری لعنت ملامت والے الفاظ بھی گونجنے لگے جو گوناں گوں مسائل میں گھرے عوام کے ردعمل کو اپنے حب الوطنی کے پیمانے کے ساتھ نتھی کر کے ان عوام کی حب الوطنی مشکوک بنانے کی ذمہ داری خوش اسلوبی کے ساتھ نبھا رہے ہیں۔ حضور میں نے تو پہلے بھی یہی عرض کیا ہے کہ ملک کا وہ کوئی کمبخت شہری ہی ہو گا جسے وطنِ عزیز کی سول اور عسکری قیادتوں کی کامیاب سفارتکاری کے نتیجہ میں امریکہ ایران معاہدے کی بدولت عالمی اور علاقائی امن و خوشحالی کے راستے نکلنے پر اقوام عالم میں اپنی ارضِ وطن کی پذیرائی دیکھ کر اپنے سر فخر سے بلند ہوتے محسوس نہ ہو رہے ہوں۔ بے شک وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اپنی سفارتی حکمت عملی سے امریکہ اور ایران کو ایک دوسرے کے سامنے بٹھا کر غیر یقینی کی فضا سے عاجز آئی دنیا کے لیئے حبس زدہ موسم میں ٹھنڈی ہوا کے جھونکے کا اہتمام کیا ہے جس پر دنیا کے کونے کونے سے شکریہ پاکستان کے تسکین جاں نعرے بلند ہو رہے ہیں مگر جناب عوام کے دلوں میں اپنے روزمرہ کے گھمبیر ہوتے مسائل کے حل کے معاملہ میں قومی اداروں کی بے حسی اور وہاں بیٹھے افسران اور اہلکاروں کی رعونت کا سامنا کرتے ہوئے جو اضطراب اور مایوسی جنم لے رہی ہے اس پر اگر عوام کا "ہواڑ" نکالنا بھی ان کی حب الوطنی کے ساتھ بریکٹ کر دیا جائے تو میرے نزدیک یہ مضطرب عوام میں منافرت کے جذبات ابھارنے کی ہی کوئی دانستہ کوشش ہے۔ مجھے چونکہ عوام کے لیئے اذیت کا باعث بننے والے مسائل اپنے علاقے اور اپنے گھر میں بھی نظر آتے ہیں اس لیئے مجھے حکومتی گورننس پر کوئی نہ کوئی افتاد ٹوٹنے کا دھڑکا لگا رہتا ہے اور میرا تجسس ہوتا ہے کہ عوامی مسائل کے حل سے متعلق قومی اداروں میں اصلاح احوال کا تردد نہ کیا گیا تو ان اداروں کی عوام کے ساتھ جاری بے نیازیاں اور رعونتیں پورے سسٹم کو لے ڈوبیں گی۔ لاہور میں میرے علاقے سبزہ زار سکیم ڈی بلاک میں بجلی کے ٹرانسفارمرز کے بار بار جلنے، بجلی کے تاروں کے گرنے اور پھر تین تین گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے باعث اس علاقے کے مکینوں کو سخت گرمی میں موسم گرما کے آغاز ہی سے جس کرب و اذیت اور جگراتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور پھر لیسکو کے متعلقہ دفاتر میں بیٹھے لوگ شہریوں کی شکایات پر جس بے حسی کا مظاہرہ کرتے اور شکایات کے ازالے کے لیئے بے دھڑک نذرانوں کا تقاضہ کرتے ہیں اس سے میرا یہ یقین پختہ ہو چکا ہے کہ ہماری سوسائٹی میں جواب دہی کا تصور مفقود کر دیا گیا ہے۔ کرب کی یہ صورت حال صرف میرے علاقے تک محدود نہیں بلکہ ملک کے ہر علاقے کے گھر گھر میں ان گھمبیر مسائل کی بنیاد پر صفِ ماتم بچھی ہوئی ہے۔ اس کا مقصد مجھے تو عوام کو سسٹم سے متنفر کرنے والا ہی نظر آتا ہے کیونکہ پبلک ڈیلنگ سے متعلق ہر ادارے کے افسران اور اہلکاروں نے دانستاً کان لپیٹ رکھے ہیں۔ اول تو متعلقہ اداروں کے لوگ شکایت کنندگان کی ٹیلیفون کال اٹنڈ ہی نہیں کرتے اور اگر کبھی بادل نخواستہ کر بھی لیں تو ان کے رعونت بھرے لہجے سے ملاقات ہوتی ہے اور شکایات کے ازالے کے لیئے بھی تین تین گھنٹے لگا دیئے جاتے ہیں۔ گذشتہ روز سعید اسی پارک کے ٹیوب ویل کے لئے نصف ٹرانسفارمر کی تار اتر گئی اور ٹیوب ویل بند ہو گیا۔ نتیجتاً لوگوں کے گھروں کی پانی کی ٹینکیاں بھی خالی ہونے لگیں۔ ہم نے لیسکو کے متعلقہ افس ڈھولنوال سے رابطہ کیا تو جواب ملا کہ یہ ٹرانسفارمر واسا کا ہے اس لیئے واسا کا متعلقہ افس ہمیں کمپلینٹ درج کرائے گا تو اس کے پراسس کے مطابق ٹرانسفارمر کی تار درست کی جائے گی۔ ہم نے واسا کے متعلقہ افس سے رابطہ کیا تو جواب ملا کہ ہم نے لیسکو افس میں کمپلینٹ درج کرا دی ہے۔ اب اگلا پراسس لیسکو نے ہی شروع کرنا ہے۔ کب کرنا ہے اس کا وہی بتا سکتے ہیں انہیں بھی واسا اور لیسکو کے متعلقہ افسرز نے ٹرک کی بتی کے پیچھے لگائے رکھا۔ اسی طرح وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خاں، جو ہمارے ہی علاقے سے ایم پی اے منتخب ہوتے رہے ہیں اور میرے چھوٹے بھائیوں کی طرح ہیں، کے کوارڈی نیٹر شیخ مدثر صاحب بھی ہمارے کہنے پر واسا اور لیسکو کے متعلقہ دفاتر کو ہماری شکایت کے ازالے کا کہتے رہے مگر یہ دفاتر غیر ضروری طور پر اپنے اپنے دائرہ اختیار کی بحث میں الجھے رہے جبکہ ٹیوب ویل بند ہونے کے باعث ہمارا علاقہ کربلا کا منظر پیش کرنے لگا۔ ہماری تقریباً چار گھنٹے کی منت سماجت کے بعد جب رات 9 بجے لیسکو کے متعلقہ ایس ڈی او کو ہم پر ترس آیا تو اس نے لیسکو کا لائن مین ٹرانسفارمر کی تار درست کرنے کے لئے بھجوا دیا مگر وہ دانستاً متعلقہ گرڈ سٹیشن سے بجلی بند کرنے کا پرمٹ لانا "بھول" گیا۔ چنانچہ وہ یہ کہہ کر واپس چلا گیا کہ وہ پہلے پرمٹ لے آئے۔ اس کے دوسرے ساتھی نے یہ بتا کر ہماری اذیت میں مزید اضافہ کر دیا کہ دراصل اس کا ڈیوٹی کا وقت ختم ہو رہا تھا اس لیئے وہ محض وقت گذارنے آیا تھا تاکہ اس کا ڈیوٹی کا ٹائم پورا ہو جائے اور وہ کھمبے پر چڑھنے کی زحمت اٹھائے بغیر ہی واپس چلا جائے۔ اس نے وہی کیا اور پھر دوسرے لائن مین کے انتظار میں مزید دو گھنٹے لگ گئے اور رات گیارہ بجے علاقے کے مکینوں کو پارک میں نصب واسا کے ٹیوب ویل کا پانی نصیب ہوا۔ اس سے قبل ٹرانسفارمر تبدیل کرانے کی ایکسرسائز میں لیسکو کے اہلکاروں ہی کی زبانی ہمیں معلوم ہوا کہ لیسکو کے تقریباً تمام ٹرانسفارمر اپنی میعاد پوری کر کے ناکارہ ہو چکے ہیں اس لیئے جیسے ہی ان پر بجلی کی ترسیل کا لوڈ بڑھتا ہے، یہ دھماکے سے پھٹنا شروع ہو جاتے ہیں۔

ٹرمپ اور "ٹکور"

محمد دلاور چودھری

کئی مشاغل ایسے بھی ہوتے ہیں جو کبھی کبھار ہم وقت گزاری اور "دل پشوری" کیلئے اختیار کر لیتے ہیں مگر وہ ایسے گلے پڑتے ہیں کہ عمر بیت جاتی ہے لیکن ساتھ نہیں چھوڑتے۔ پھر یہ تک یاد نہیں رہتا کہ انہیں اختیار ہی کیوں کیا گیا ٹرمپ کی ایران پر "وقتی" چڑھائی بھی ان کے گلے پڑتی دکھائی دیتی ہے اور اس گھوڑے کی یاد دلاتی ہے جس کی قبر پر لکھا تھا کہ "اس نے دوسری جنگ عظیم میں دشمن کو اتنے سے اتنا نقصان پہنچایا اور آخر میں ایک بم کو لات مار کر دارفانی سے کوچ کر گیا"۔ "ٹونگ" صاحب کی یہ "مشق" ایران کیلئے تو کارآمد قرار پا سکتی ہے ان کیلئے "بیکار" ہی دکھائی دیتی ہے اور وہ جو بھی منطق پیش کر رہے ہیں وہ مشتاق احمد یوسفی کے کردار "مرزا" کے واقعہ سے مختلف نہیں۔ یوسفی لکھتے ہیں کہ مرزا کو ایک بار کرکٹ کا شوق جنون کی حد تک چڑھا۔ اتنا کہ وہ اپنی دکان پر بھی باقاعدہ کٹ کر کے ہاتھ میں بیٹ لئے بیٹھے رہتے۔ یوسفی صاحب نے مزید لکھا ہے کہ "میں نے ایک روز مرزا سے پوچھ ہی لیا کہ بھلا کرکٹ کھیلنے کا کیا فائدہ ہے۔ اس پر مرزا اتنک کر بولے "بہت فائدے ہیں" مثلاً کرکٹ کھیلنے سے کلائیاں مضبوط ہوتی ہیں" یوسفی صاحب نے پوچھا "کلائیاں مضبوط ہونے سے کیا فائدہ ہوتا ہے" مرزا نے بڑے فخریہ انداز میں بتایا کہ اس سے کرکٹ اچھی کھیلی جاتی ہے۔ ٹونگ صاحب نے نیتن یاہو کے افسانے "اپسٹین فائلز" اور ٹیرف پر عدالتی مات کے "ستانے" پر بے چین طبیعت سے مجبور ہو کر ایران پر چڑھائی کر تو دی لیکن اس بار وہ "بم" کی بجائے دوسری جنگ عظیم والا "گھوڑا" ثابت ہوئے ہیں۔ "ٹونگ" نے اچھے بھلے مذاکرات کے دوران اچانک حملہ کر کے اور پھر معاملہ دوبارہ مذاکرات پر ختم کر کے مرزا کی کلائیوں سے متعلق منطق کو بھی بڑے اچھے اور عملی انداز میں دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔ جنگ شروع ہوتے ہی "ارشاد فرمایا" کہ اسے ختم کرنے میں چار سے پانچ ہفتے لگیں گے اس سے زیادہ ایک دن بھی نہیں ...... جہاں تک بات ایران کی ہے تو وہ ایٹم بم تو کیا اب میزائل پروگرام بھی جاری نہیں رکھ سکے گا اور نہ ہی اسے اس کی "اجازت" دی جائے

لوسرن: امریکہ ایران ثالثی میں پاکستان کی فتح

نازیہ مصطفےٰ

بین الاقوامی سیاست کی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ جنگیں میدانوں میں لڑی جاتی ہیں لیکن پائیدار امن مذاکرات کی میز پر تشکیل پاتا ہے۔ گزشتہ نصف صدی کے دوران مشرقِ وسطیٰ دنیا کے ان خطوں میں شمار ہوتا رہا ہے جہاں جغرافیائی سیاست، نظریاتی اختلافات، جوہری تنازعات، اقتصادی پابندیوں اور عسکری کشیدگی نے عالمی امن کو مسلسل خطرات سے دوچار رکھا۔ ایران اور امریکہ کے درمیان 1979ء کے اسلامی انقلاب کے بعد پیدا ہونے والی خلیج گزشتہ سینتالیس برسوں سے بین الاقوامی سفارت کاری کا ایک پیچیدہ ترین مسئلہ سمجھی جاتی رہی ہے۔ ایسے ماحول میں سوئٹزر لینڈ کے خوبصورت شہر لوسرن کے نزدیک برگن اسٹاک میں پاکستان اور قطر کی مشترکہ ثالثی کے نتیجے میں ایران اور امریکہ کے مذاکرات کے پہلے مرحلے کا کامیابی کے ساتھ مکمل ہونا محض ایک سفارتی پیش رفت نہیں بلکہ عالمی امن کے لیے ایک غیر معمولی سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق ایران اور امریکہ نے آئندہ ساٹھ روز کے اندر ایک جامع معاہدے تک پہنچنے کے لیے باقاعدہ روڈ میپ پر اتفاق کر لیا ہے۔ اس پیش رفت کی اہمیت کا اندازہ اس حقیقت سے لگایا جا سکتا ہے کہ تقریباً پانچ دہائیوں سے ایک دوسرے کے سخت ترین مخالف تصور کیے جانے والے دو ممالک نہ صرف ایک ہی مذاکراتی عمل کا حصہ بنے بلکہ انہوں نے مستقبل کے لیے ایک قابل عمل فریم ورک بھی مرتب کیا۔ سفارتی تاریخ میں ایسے مواقع بہت کم آتے ہیں جب طویل عرصے سے جاری عدم اعتماد، سیاسی تناؤ اور باہمی الزامات کے باوجود فریقین مذاکرات کے تسلسل، نگرانی اور تنازعات کے حل کے لیے مشترکہ طریقہ کار پر متفق ہو جائیں اعلامیے کے مطابق جوہری پروگرام، اقتصادی پابندیوں، نگرانی کے طریقہ کار اور تنازعات کے حل سے متعلق خصوصی ورکنگ گروپس تشکیل دیے گئے ہیں۔ مزید براں آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی محفوظ آمد و رفت یقینی بنانے کے لیے مستقل رابطہ نظام قائم کیا گیا ہے۔ لبنان میں جنگ بندی کے نفاذ اور فوجی کارروائیوں کے خاتمے کی نگرانی کے لیے ایک خصوصی "ڈی کنفلکشن سیل" کے قیام پر اتفاق بھی اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ مذاکرات صرف دوطرفہ مسائل تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات پورے خطے کے امن و استحکام پر مرتب ہوں گے۔ پاکستان کے لیے اس پیش رفت کی اہمیت محض ایک شریک ثالث کے طور پر نہیں بلکہ ایک ذمہ دار اور فعال عالمی کردار کے طور پر ہے۔ گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی میں تصادم کی سیاست کے بجائے مصالحت، مکالمے اور سفارتی روابط کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے۔ لوسرن سربراہی اجلاس نے اس سوچ کو عملی شکل دی ہے۔ دنیا کی دو اہم طاقتوں کے درمیان براہ راست سفارتی رابطے بحال کروانا، مذاکراتی ڈھانچہ تشکیل دینا اور اس عمل کی سیاسی نگرانی اپنے ذمہ لینا پاکستان کی سفارتی صلاحیت، ساکھ اور بین الاقوامی اعتماد کا واضح اظہار ہے۔ یہ امر بھی قابل غور ہے کہ ایران اور امریکہ کے تعلقات صرف دو ممالک کے درمیان اختلافات کا معاملہ نہیں رہے بلکہ ان کے اثرات عالمی توانائی منڈیوں، خلیجی سلامتی، بین الاقوامی تجارت، جوہری عدم پھیلاؤ کے نظام اور عالمی اقتصادی استحکام تک پھیلے ہوئے ہیں۔ آبنائے ہرمز سے گزرنے والی عالمی تیل تجارت میں معمولی خلل بھی دنیا بھر کی معیشتوں پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ ایسے میں اگر پاکستان اور قطر کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں ایک ایسا میکنزم تشکیل پاتا ہے جو نہ صرف غلط فہمیوں کو کم کرے بلکہ بحری تجارت کو محفوظ بنائے تو اس کے فوائد صرف مشرقِ وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا اس کے مثبت اثرات محسوس کرے گی۔ پاکستان کی ثالثی کی کامیابی کا ایک اہم پہلو اس کی متوازن خارجہ پالیسی بھی ہے۔ پاکستان نے تاریخی طور پر ایران کے ساتھ برادرانہ تعلقات برقرار رکھے ہیں جبکہ امریکہ کے ساتھ بھی اس کے تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں۔ یہی متوازن تعلقات پاکستان کو ایک قابل قبول ثالث کے طور پر سامنے لانے میں معاون ثابت ہوئے۔ سفارت کاری میں کسی ثالث کی کامیابی کا انحصار اس امر پر ہوتا ہے کہ دونوں فریق اس پر اعتماد کرتے ہوں۔ لوسرن اجلاس نے ثابت کیا کہ پاکستان نے یہ اعتماد حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔ سعودی عرب، قطر اور ترکی کا کردار بھی اس عمل میں اہم رہا ہے۔ لیکن پاکستان کی شمولیت نے اس کوشش کو ایک نئی جہت عطا کی۔ جنوبی ایشیا کی واحد ایٹمی مسلم ریاست کی حیثیت سے پاکستان کا اس عمل میں شریک ہونا نہ صرف اسلامی دنیا کے لیے باعث افتخار ہے

مسافرانِ راہِ دشتِ کربلا کو سلام

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

محرم الحرام کا مقدس مہینہ شروع ہوتے ہی اس کے پہلے دس دن ہمیں ہر سال واقعہ کربلا کی یاد دلاتے ہیں۔ واقعہ کربلا میں حق کی خاطر صعوبتیں برداشت کرنے والے آل رسول نے ہمیں یہ سبق سکھایا ہے کہ حق کے لئے کن کن مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے لیکن حق و باطل کی جنگ میں فتح ہمیشہ حق کی ہوتی ہے: اہل بیت اطہار سے محبت ایمان کا تقاضا، قرآن و سنت کی تعلیم اور ہر مسلمان کے دل کی آواز ہے۔ اہل بیت سے مراد رسول اکرم کے وہ مبارک اہل خانہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے خصوصی فضیلت اور طہارت عطا فرمائی۔ ان میں خصوصاً حضرت علی المرتضیٰ، حضرت فاطمہ الزہرا، حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین شامل ہیں جبکہ ازواج مطہرات بھی اہل بیت کے عظیم افراد میں شمار ہوتی ہیں۔ رسول اللہ نے اپنی امت کو اہل بیت سے محبت اور ان کے حقوق کی رعایت کی بار بار تلقین فرمائی ہے۔ اہل بیت سے محبت دراصل رسول اللہ سے محبت کا حصہ ہے کیونکہ جو شخص نبی کریم سے محبت کرتا ہے وہ آپ کے خاندان اور اولاد سے بھی محبت کرتا ہے رسول اللہ نے فرمایا حسن اور حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین کی سیرت صبر، تقویٰ، ایثار، شجاعت اور دین پر استقامت کا روشن نمونہ ہے۔ حضرت امام حسین رسول پاک کے نواسے حضرت علی اور حضرت فاطمہ کے لختِ جگر نہایت متقی اور پرہیزگار انسان تھے انہوں نے حق کی خاطر میدان کربلا میں اپنی اور اپنے عزیزوں کی جانیں قربان کر دیں اور دنیا میں ایثار و قربانی کا وہ جذبہ پیش کیا جس پر مسلمان ہمیشہ ناز کرتے رہیں گے۔ واقعہ کربلا نے اہل بیت کی دین اسلام کے لئے اس عظیم قربانی کو ہمیشہ کے لئے تاریخ کا حصہ بنا دیا۔ واقعہ کربلا اسلامی تاریخ کا ایک عظیم اور دردناک باب ہے جو 10 محرم الحرام 61 ہجری (680ء) کو عراق کے مقام کربلا میں پیش آیا اس واقعے میں نواسہ رسول امام حسین اور آپ کے رفقاء نے حق و صداقت کی خاطر عظیم قربانی پیش کی۔ حضرت امیر معاویہ کے انتقال کے بعد ان کے بیٹے یزید بن معاویہ کی خلافت کا مسئلہ سامنے آیا

تعمیر وطن

Sports

آئی سی سی نے دوران کیریئر 'ماں' بننے والی کھلاڑیوں کیلئے نئے اصول متعین کردیے

پاکستان کی سابق کپتان بسمہ معروف سمیت کئی کھلاڑی زچگی کے بعد بین الاقوامی کرکٹ میں کامیاب واپسی کرچکی ہیں

دبئی (سی ایم لنکس) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) [illegible] خاتون کرکٹر کے کیریئر کا اختتام نہیں ہونا چاہیے۔ [illegible]

[illegible] مسلسل طبی نگرانی جیسے اہم پہلو شامل ہیں۔ [illegible] واضح رہے کہ [illegible] اور پاکستان کی سابق کپتان بسمہ معروف سمیت کی کھلاڑی زچگی کے بعد بین الاقوامی کرکٹ میں کامیاب واپسی کرچکی ہیں جس سے اس اقدام کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔

فیفا ورلڈکپ: ایک دہائی قبل ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے والے میسی نے تاریخ رقم کردی

[illegible] 2016 میں لیونل میسی [illegible] بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا تھا۔ [illegible] تاہم بعد ازاں اپنے فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے انہوں نے واپسی کی [illegible] 39 سالہ میسی [illegible] آسٹریا کے خلاف [illegible] 18 گول [illegible]

فیفا ورلڈکپ: الجیریا کی شاندار واپسی، اردن کو 1-2 سے شکست

[illegible] الجیریا نے اردن کو 1-2 سے شکست [illegible] شہزاد ارشدان نے گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلا دی۔ دوسرے ہاف میں الجیریا نے جارحانہ کھیل جاری رکھا اور آخرکار 69ویں منٹ میں متبادل کھلاڑی نذیر بیجوعلی نے شاندار ہیڈر کے ذریعے گول کر کے اسکور برابر کردیا۔

سینٹرل کانٹریکٹ کی طرح تینوں فارمیٹ کی قومی ٹیمیں الگ کرنے کا پلان تیار

فوری طور پر ٹیسٹ اور ٹی ٹوئنٹی کی ٹیمیں تو آپ کو الگ الگ کرنا ہی پڑیں گی، دونوں فارمیٹ ایک ساتھ نہیں چل سکتے، عاقب جاوید

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے کہا ہے کہ سینٹرل کانٹریکٹ ہر فارمیٹ کی ٹیم الگ کرنے کی طرف پہلا قدم ہے یا ابھی پہلا قدم ہے، ہر فارمیٹ کی ٹیم الگ ہوسکتی ہے۔ ایک انٹرویو میں عاقب جاوید نے کہا ہے کہ فوری طور پر ٹیسٹ اور ٹی ٹوئنٹی کی ٹیمیں تو آپ کو الگ الگ کرنا ہی پڑیں گی، ٹیسٹ اور ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ ایک ساتھ نہیں چل سکتے۔ انہوں نے کہا کہ فارمیٹ کی بنیاد پر سینٹرل کانٹریکٹ دینے سے قبل کچھ کھلاڑیوں کے ساتھ زیادتی ہو جاتی تھی، صرف ٹیسٹ کھیلنے والے کرکٹرز کا موازنہ ٹی ٹوئنٹی کھیلنے والے کرکٹرز سے کیا جاتا تھا، اب اگر کوئی صرف ٹیسٹ کھیلتا ہے تو اس کا مقابلہ ٹیسٹ کھیلنے والے سے ہوگا اور اس کی بنیاد پر معاوضہ ملے گا۔ عاقب جاوید کا کہنا ہے کہ ٹیسٹ کے اچھے پرفارمرز کو پہلے درجے میں 40 لاکھ ماہانہ ملیں گے جبکہ کم پرفارمنس والوں کو 30 سے 35 لاکھ روپے ملیں گے، ٹیسٹ اور ون ڈے کی کیٹگری اور پھر ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی والوں کو بھی پرفارمنس کی بنیاد پر درجہ بندی میں معاوضہ ملے گا۔ ڈائریکٹر ہائی

پرفارمنس عاقب جاوید نے کہا ہے کہ 6 فرسٹ کلاس میچ کھیلنے والا ٹیسٹ کیٹگری کے سینٹرل کنٹریکٹ کا اہل ہوگا، ٹیسٹ اور ون ڈے کیٹگری کے لیے 4 فرسٹ اور 4 لسٹ اے میچز لازمی ہوں گے، ٹیسٹ والوں کو این او سی بیرون ملک 4 روزہ مقابلوں کے لیے ملیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ ٹیسٹ اور ون ڈے کیٹگری والوں کو 1 فرنچائز این او سی مل سکتا ہے، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی کیٹگری والوں کو 2 لسٹ اے میچز اور 10 ٹی ٹوئنٹی کھیلنا ہوں گے جبکہ 2 این او سی ملیں گے، صرف ٹی ٹوئنٹی والوں کو ڈومیسٹک ٹی ٹوئنٹی کھیلنا لازمی ہوگا، اس کے علاوہ فرنچائز کرکٹ کھیل سکتے ہیں، ٹیسٹ اور ون ڈے کیٹگری کے پیسے 48 لاکھ تک جائیں گے

نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ آئندہ ماہ 10 جولائی سے شروع ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کی عبوری کمیٹی کے زیر اہتمام نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ 10 جولائی سے پی ایس بی کوچنگ سنٹر، لاہور میں شروع ہوگی۔ پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کی عبوری کمیٹی کے رکن کرنل ریٹائرڈ ڈاکٹر حافظ ظفر اقبال نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور پاکستان ویٹ لفٹنگ فیڈریشن کی عبوری کمیٹی کے چیئرمین بریگیڈیئر زاہد اقبال (ریٹائرڈ) نے نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ منعقد کروانے کی منظوری دے دی ہے اور چیمپئن شپ میں ملک بھر سے صوبائی، ریجنل اور ڈیپارٹمنٹس کے مرد اور خواتین کھلاڑیوں کی بارہ ٹیمیں مختلف ویٹ کیٹگریز کے مقابلوں میں حصہ لیں گے۔ مردوں کے ویٹ کیٹگریز کے مقابلوں میں 60 کلوگرام، 65 کلوگرام، 71 کلوگرام، 79 کلوگرام، 88 کلوگرام، 94 کلوگرام، 110 کلوگرام اور پلس 110 کلوگرام کیٹگریز شامل ہیں جبکہ خواتین کے ویٹ کیٹگریز کے مقابلوں میں 44 کلوگرام، 48 کلوگرام، 53 کلوگرام، 58 کلوگرام، 63 کلوگرام، 69 کلوگرام، 77 کلوگرام اور پلس 77 کلوگرام کیٹگریز میں شامل ہیں۔ چیمپئن شپ میں شرکت کرنے والی ٹیموں میں پاکستان آرمی، پاکستان واپڈا، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور اسلام آباد شامل ہیں۔ چیمپئن شپ 15 جولائی تک جاری رہے گی جس کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ چیمپئن شپ میں اچھی کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی ٹیم میں شامل کیا جائے گا

فیفا ورلڈکپ، ناروے اور فرانس نے بھی ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنالی

ناروے نے سینیگال کو 2-3، فرانس نے عراق کو 0-3 سے شکست دی

نیوجرسی (آئی این پی) فیفا فٹبال ورلڈکپ 2026 میں ناروے نے سینیگال کو دلچسپ مقابلے کے بعد ہرادیا اور پہلی بار ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنالی، فرانس نے بھی عراق کو 0-3 سے شکست دے کر ناک آؤٹ مرحلے کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ نیو جرسی میں ناروے اور سینیگال کے درمیان دلچسپ مقابلہ ہوا جس دوران ناروے نے سینیگال کے خلاف 2-3 کی زبردست فتح حاصل کی اور پہلی بار ورلڈکپ میں ناک آؤٹ مرحلے تک رسائی حاصل کرلی۔ ناروے کی جانب سے اسٹار کھلاڑی ایرلنگ ہالینڈ نے 2 گول کیے جب کہ پیڈرسن نے ایک گول اسکور کیا۔ سینیگال کے دونوں گول سار نے بنائے۔ فیفا فٹبال ورلڈکپ کے گروپ آئی کے میچ میں فرانس نے عراق کو 0-3 سے شکست دے کر ناک آؤٹ مرحلے میں جگہ بنالی، اسٹار کھلاڑی ایمباپے نے 2 گول اسکور کیے۔ دوسری جانب فلاڈلفیا کے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں فرانس نے عراق کو 0-3 سے

شکست دے کر ناک آؤٹ مرحلے کیلئے کوالیفائی کرلیا۔ فرانس کی ٹیم کا پلہ بھاری رہا، صرف 4 ویں منٹ میں ہی اسٹار کھلاڑی ایمباپے کو گول کرنے کا موقع مل گیا جو انہوں نے ضائع نہیں کیا۔ عراق کی ٹیم بھی گول برابر کرنے کی کوشش کرتی رہی لیکن کامیابی نہیں مل سکی۔ پہلے ہاف کے دوران ہی بارش ہوئی، جب ہاف ٹائم ہوا تو بارش مزید تیز ہوگئی اور موسم خراب ہوگیا جس کے سبب دوسرا ہاف شروع ہونے میں 2 گھنٹے 15 منٹ لگے

نصیر خان فٹ بال کلب کے سیکرٹری سردار علی کی والدہ محترمہ انتقال کرگئیں

سوات (یو این پی) نصیر خان فٹبال کلب چار باغ، سوات کے سیکرٹری سردار علی کی والدہ محترمہ انتقال گزشتہ روز انتقال کرگئیں۔ ان کی وفات پر تحصیل کونسل سوات کے سابق رکن حاجی نواب خان، ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر سیاب خان، سیکرٹری محمد اسماعیل اور سوات یوتھ فٹ بال اکیڈمی کے ہیڈ کوچ محمد ایاز خان کے علاوہ فٹبالرز کی کثیر تعداد نے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے

ایم عماد اور عبداللہ نواز نے سہیل قیصر سیٹلائٹ نیشنل سکواش سرکٹ کا فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا

اسلام آباد (آئی این پی) ایم عماد اور عبداللہ نواز نے سہیل قیصر سیٹلائٹ نیشنل سکواش سرکٹ کے فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا۔ شالیمار سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی میں کھیلے جانے والے ٹورنامنٹ میں ٹاپ ریکنگ سکواش کے کھلاڑیوں نے قسمت آزمائی فائنل میچ میں راولپنڈی سکواش ایسوسی ایشن کے صدر عامر وحید شیخ مہمان خصوصی ہوں گے ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نعیم انور چوہدری کا کہنا ہے کہ سہیل قیصر مرحوم ایک شاندار شخصیت کے مالک تھے ان کی سکواش کے کھیل کے لئے خدمات لازوال ہیں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں سکواش کے کھیل کی پروموشن کے لئے جامع پلان تشکیل دیا گیا ہے تاکہ نوجوان کھلاڑیوں کو سکواش کی جانب راغب کیا جاسکے۔

میری زندگی گوری کے آنے کے بعد مکمل ہوئی ہے، عامر خان

دوسری بیوی کرن راؤ سے 2005 میں شادی ہوئی اور 2021 میں علیحدگی پر ختم ہوئی

ممبئی (آئی این پی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار عامر خان

اپنی گرل فرینڈ گوری سپراٹ کے ساتھ رواں سال 5 جولائی کو رشتہ ازدواج میں بندھنے کے لیے تیار ہیں۔ میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو میں عامر خان نے اپنی شادی کی خبریں لیک ہونے پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ مشہور شخصیات، خاص طور پر کرکٹرز اور اداکاروں کی ذاتی زندگیوں میں لوگوں کو اتنی دلچسپی کیوں ہوتی ہے۔ لوگوں کو ہمارے کام پر توجہ دینی چاہیے، ذاتی زندگی پر نہیں، مجھے نہیں معلوم خبر کیسے لیک ہوئی

میسی واش روم گیا اور پانی نہ ہوا تو؟ لیاری میں فیفا ورلڈکپ کروانے پر طنزیہ ردعمل

پاکستان میں فٹبال کے جنون کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ شہر قائد کے علاقے لیاری کو 'منی برازیل' کہا جاتا ہے

کراچی (آن لائن) فیفا ورلڈکپ 2026 کے سنسنی خیز مقابلے امریکا، کینیڈا اور میکسیکو کی مشترکہ میزبانی میں جاری ہیں۔ پاکستان ٹیم اگرچہ اس ایونٹ کے لیے کبھی کوالیفائی نہ کرسکی تاہم کروڑوں

مداحوں کی توجہ کا مرکز یہ عالمی ایونٹ پاکستان میں بھرپور جوش و خروش کے ساتھ دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان میں فٹبال کے جنون کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ شہر قائد کے علاقے لیاری کو 'منی برازیل' کہا جاتا ہے۔ لیاری میں بڑی اسکرینز لگا کر بالخصوص برازیل اور ارجنٹینا کے میچز کو ضرور دیکھا جاتا ہے۔ بات یہیں تک نہیں رکی، پیپلز پارٹی کے رہنما نبیل گبول نے سندھ اسمبلی میں دعویٰ کیا کہ اگر کبھی فیفا ورلڈکپ کی میزبانی کا موقع ملا تو ہمارے پاس لیاری میں اس کے لیے گراؤنڈ موجود ہے۔ نبیل گبول کے اس دعوے پر رکن سندھ اسمبلی سجاد سومرو نے طنزیہ انداز میں ردعمل دیتے ہوئے سوال کیا کہ اگر اس اسٹیڈیم میں ورلڈکپ کا میچ ہو، میسی واش روم جائے اور وہاں پانی نہ ہوا تو اس کا جواب کون دے

گولڈن بوٹ کی دوڑ، میسی، ایمباپے اور ایرلنگ ہالینڈ میں کانٹے کا مقابلہ

میامی (آئی این پی) فٹبال ورلڈکپ 2026 میں گولڈن بوٹ کی دوڑ غیر معمولی حد تک سنسنی خیز ہوگئی ہے، جہاں دنیا کے 3 بڑے فارورڈز لیونل میسی، کائلین ایمباپے اور ایرلنگ ہالینڈ میں کانٹے کی ٹکر ہے۔ بی بی سی اسپورٹس کے مطابق ٹورنامنٹ کے ابتدائی دو میچز کے بعد لیونل میسی 5 گولز کے ساتھ سرفہرست ہیں، جبکہ ایمباپے اور ہالینڈ 4، 4 گولز کے ساتھ ان کے تعاقب میں ہیں۔ ورلڈکپ کی تاریخ میں یہ صرف دوسری بار ہوا ہے کہ ابتدائی 2 میچز کے بعد 3 کھلاڑی 4 یا اس سے زائد گول کر چکے ہوں، اس سے قبل ایسا 1954 میں دیکھا گیا تھا۔ میسی نے آسٹریا کے خلاف 2 گول کر کے نہ صرف اپنی ٹیم کو کامیابی دلائی بلکہ ورلڈکپ میں سب سے زیادہ گول کرنے کا ریکارڈ بھی اپنے نام کر لیا۔ 38 سالہ میسی اب 28 میچز میں 18 گولز کے ساتھ اس فہرست میں سب سے آگے ہیں۔ دوسری جانب کائلین ایمباپے نے عراق کے خلاف میچ میں 2 گول کر کے اپنی ٹیم کو فتح دلائی اور

اپنے کیریئر کے 100ویں انٹرنیشنل میچ کو یادگار بنا دیا۔ وہ اب 16 گولز کے ساتھ سابق جرمن اسٹرائیکر میروسلاف کلوزے کے ریکارڈ کے برابر آ گئے ہیں اور گولڈن بوٹ کے ساتھ ساتھ مجموعی ریکارڈ پر بھی نظریں جمائے ہوئے ہیں۔ ناروے کے ایرلنگ ہالینڈ نے بھی شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے سینیگال کے خلاف 2 گول کیے اور اپنی ٹیم کو اگلے مرحلے تک پہنچایا۔ وہ اپنے پہلے ہی ورلڈکپ میں مسلسل دو میچز میں 2، 2 گول کرنے والے چند کھلاڑیوں میں شامل ہو گئے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ تینوں اسٹارز نہ صرف گولڈن بوٹ بلکہ ورلڈکپ کے مجموعی گولز کے ریکارڈ کو بھی چیلنج کر رہے ہیں۔

لیونل میسی ورلڈکپ میں سب سے زیادہ گول کرنیوالے فٹبالر بن گئے

ڈیلاس (یو این پی) ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی نے فیفا ورلڈکپ میں تاریخ رقم کردی۔ لیونل میسی نے فیفا ورلڈکپ 2026 کے میچ میں آسٹریا کے خلاف ریکارڈ ساز گول کیا اور ورلڈکپ مقابلوں میں سب سے زیادہ گول کرنے والے پلیئر بن گئے۔ لیونل میسی نے فٹبال ورلڈکپ میں 17 واں گول کیا اور جرمنی کے اسٹار فٹبالر میرو سلاو کلوزے (KLOSEMIROSLAV) کا 16 گولز کا ریکارڈ توڑ دیا۔ آسٹریا کے خلاف میچ میں میسی نے ابتدا میں ایک پینلٹی ضائع کردی تھی جس کی وجہ سے وہ کچھ دیر کے لیے یہ تاریخی ریکارڈ بنانے سے محروم رہے

23واں فٹ بال ورلڈکپ، ناروے کی ٹیم سینیگال کو 3-2 سے ہرا کر ٹاپ 32 راؤنڈ میں پہنچ گئی

نیو جرسی (سی ایم لنکس) سٹار اسٹرائیکر ارلنگ ہالینڈ کے 2 شاندار گولز کی بدولت ناروے نے سینیگال کو شکست دے کر ورلڈکپ کے ٹاپ 32 راؤنڈ میں اپنی جگہ پکی کرلی ہے۔ بی بی سی کے مطابق نیوجرسی میں کھیلے گئے گروپ آئی کے اس سنسنی خیز مقابلے میں ناروے نے سینیگال کو 2 کے مقابلے میں 3 گول سے ہرا کر ٹورنامنٹ میں مسلسل دوسری فتح سمیٹی۔ میچ کے پہلے ہاف میں متبادل کھلاڑی مارکس پیڈرسن نے سینیگال کے کپتان کالیدو کولیبالی کی غلط کلیئرنس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گول کرکے ناروے کو 0-1 کی برتری دلائی۔ دوسرے ہاف کے آغاز میں ہی 48 ویں منٹ میں ارلنگ ہالینڈ نے مارٹن اوڈیگارڈ کے بہترین پاس پر گول کرکے مقابلہ 0-2 کردیا، جس کے ساتھ ہی وہ ورلڈکپ کی تاریخ میں ناروے کی طرف سے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی بن گئے۔ سینیگال کے اسماعیلہ سار نے ایک گول کرکے خسارہ کم کیا لیکن 5 منٹ بعد ہی ارلنگ ہالینڈ نے اپنا دوسرا اور میچ کا تیسرا گول کرکے مقابلہ 1-3 کردیا۔ سینیگال کے اسماعیلہ سار نے انجری ٹائم میں ایک اور گول کرکے میچ کو سنسنی خیز بنایا لیکن وہ اپنی ٹیم کو شکست سے نہ بچا سکے۔ اس فتح کے ساتھ ناروے نے فرانس کے ہمراہ اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے جبکہ سینیگال کو اب ٹورنامنٹ میں رہنے کے لیے عراق کے خلاف میچ لازمی جیتنا ہوگا۔

برطانوی ٹائٹل جیتنا میرے کیریئر کا بہترین لمحہ ہے، جوئل کلارک خان

جہاں وہ اپنے خاندان اور دوستوں کے سامنے ایک بار پھر شاندار کارکردگی دکھانے کے لیے پرامید ہیں

برمنگھم (سی ایم لنکس) ووسٹر سے تعلق رکھنے والے ہائی جمپر جوئل کلارک خان نے برمنگھم میں برطانوی ٹائٹل جیتنے کو اپنے کیریئر کا بہترین لمحہ قرار دیا ہے۔ خان نے بتایا کہ مقابلے کی آخری چھلانگ پر پہلی پوزیشن حاصل کرنا، اپنا بہترین ریکارڈ برابر کرنا اور برطانوی چیمپئن شپ جیتنا ان کے لئے ناقابل

یقین تھا۔ وہ 2020 سے 2023 کے درمیان 3 برطانوی ٹائٹل جیتنے کے بعد پیر کے انگوٹھے کی تکلیف کا شکار ہو گئے تھے، تاہم فروری میں نیشنل انڈور ٹائٹل جیتنے کے بعد اب انہوں نے اپنی بہترین فارم دوبارہ حاصل کرلی ہے۔ جوئل کلارک خان نے عزم ظاہر کیا کہ اگست میں اسی سٹیڈیم میں ہونے والی یورپی چیمپئن شپ ان کا اگلا بڑا ہدف ہے جہاں وہ اپنے خاندان اور دوستوں کے سامنے ایک بار پھر شاندار کارکردگی دکھانے کے لیے پرامید ہیں۔ برطانوی خبررساں ادارے بی بی سی کے مطابق 26 سالہ ایتھلیٹ جوئل کلارک خان نے الیگزینڈر سٹیڈیم میں کھیلے گئے فائنل راؤنڈ کے اختتام پر پیچھے چل رہے تھے، لیکن انہوں نے مقابلے کی آخری چھلانگ میں 2.27 میٹر کا اپنا بہترین ریکارڈ برابر کرتے ہوئے شاندار کامیابی حاصل کی۔ یہ ان کے کیریئر کا چوتھا آؤٹ ڈور ٹائٹل ہے، لیکن 18 ماہ تک انجری کا شکار رہنے کے بعد 2023 کے بعد سے یہ ان کی پہلی بڑی کامیابی ہے۔ جوئل کلارک

آئی سی سی نے دوران کیریئر 'ماں' بننے والی کھلاڑیوں کیلئے نئے اصول متعین کردیے

دبئی (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے خواتین کرکٹرز کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے حمل اور زچگی کے بعد کرکٹ میں واپسی سے متعلق نئے رہنما اصول متعارف کرا دیے ہیں۔ انگلینڈ میں جاری ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے دوران جاری کیے گئے ان رہنما اصولوں کا مقصد کھلاڑیوں، کرکٹ بورڈز، کوچز اور طبی عملے کو ایسی عملی رہنمائی فراہم کرنا ہے جس سے ماؤں کے لیے دوبارہ اعلیٰ سطح کی کرکٹ کھیلنا آسان ہوسکے۔ آئی سی سی کی میڈیکل ایڈوائزری کمیٹی کی رکن اور آسٹریلوی ٹیم کی ڈاکٹر فلپا انج کے مطابق یہ اقدام اس سوچ کو فروغ دیتا ہے کہ بچے کی پیدائش کسی خاتون کرکٹر کے کیریئر کا اختتام نہیں ہونی چاہیے۔

بیلجیم کیخلاف میچ میں شاندار کارکردگی، ایرانی گول کیپر کے دنیا بھر میں چرچے

لاس اینجلس (آئی این پی) فیفا ورلڈکپ میں بیلجیم کے خلاف میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ایرانی گول کیپر علی رضا خصوصی توجہ کا مرکز بن گئے۔ ایرانی گول کیپر نے بیلجیم کے خلاف میچ میں 90 منٹ تک شاندار انداز میں دفاع کیا اور 7 گول روکے جس کے بعد ایران اور بیلجیم کے درمیان میچ بغیر کسی گول کے برابر رہا۔ ایرانی گول کیپر کی عمدہ پرفارمنس کی تعریف کرتے ہوئے سپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں لکھا ہم اپنے وطن کا دفاع اس طرح کرتے ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے لکھا فٹبال کے میدان سے مذاکرات کی میز سے میدان جنگ تک، ہم جو بھی قدم اٹھاتے ہیں وہ ایک بڑی جدوجہد کا حصہ ہے جو ہمارے اپنے پیارے لوگوں کی عزت اور وقار کا دفاع ہے۔

دنیا بھر میں اولمپک ڈے منایا گیا، لاہور میں پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کی تقریب

لاہور (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں منگل کو اولمپک ڈے منایا گیا، اس حوالے سے لاہور میں بھی پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایک تقریب سجائی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پی او اے کے صدر عارف سعید نے کہا کہ کھیل صرف ہار جیت کا نام نہیں، یہ دوستی، بھائی چارے، ایک دوسرے کا احترام کا پیغام دیتے ہیں۔ گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم نے کہا کہ مستقبل میں کامن ویلتھ گیمز، ایشین گیمز اور ورلڈ چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل ہدف ہے۔ ہر سال 23 جون کو اس دن کو منانے کا مقصد جدید اولمپکس کے آغاز کے ساتھ کھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے اولمپک واک سمیت مختلف کھیلوں کے مقابلے کرائے جاتے ہیں۔ پاکستان میں اولمپک ڈے تقریب میں گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم، اولمپئن فائقہ ریاض سمیت ملکی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی پہچان بننے والے ایتھلیٹس، طلبا اور فیڈریشنز کے نمائندوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر اولمپک موومنٹ کی اہمیت کے موضوع پر کوئز مقابلے میں ایتھلیٹس نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ پی او اے کے صدر عارف سعید نے صحت مند طرز زندگی، تعلیم، شمولیت، اور اولمپک تحریک کی اقدار کو فروغ دینے میں کھیل کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینے میں اولمپک ویلیوز ایجوکیشن (اولمپک اقدار کی تعلیم) کے کردار پر زور دیا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ کھیل صرف ہار جیت کا نام نہیں، یہ دوستی، بھائی چارے، ایک دوسرے کا احترام سمیت بھرپور زندگی گزارنے اور آگے بڑھانے کا پیغام بھی دیتے ہیں

رونالڈو کو ٹیم سے ڈراپ کیے جانے کی قیاس آرائیاں، کوچ کی خاموشی نے نئی بحث چھیڑ دی

تنقید اس ٹیم کے لئے نئی بات نہیں اور یہ بڑے ٹورنامنٹس کا حصہ ہوتی ہے، ہیڈ کوچ پرتگال

میامی (آئی این پی) پرتگال کی قومی فٹبال ٹیم کے اسٹار کھلاڑی کرسٹیانو رونالڈو کے حوالے سے بحث شدت اختیار کرگئی ہے کہ کیا انہیں آئندہ میچ میں کیونکہ رونالڈو کانگو کے خلاف پہلے میچ میں کوئی گول نہیں کرسکے تھے، جو 1-1 سے برابر ہوگیا تھا۔ میچ کے دوران ان کے چند اہم مواقع ضائع کرنے پر



ابتدائی گیارہ کھلاڑیوں میں شامل کیا جائے گا یا نہیں۔ یہ قیاس آرائیاں اس وقت شروع ہوئیں جب ٹیم کے کوچ روبرٹو مارٹینز نے ازبکستان کے خلاف ورلڈکپ میچ سے قبل واضح جواب دینے سے گریز کیا تھا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرتگال کے ہیڈ کوچ روبرٹو مارٹینز سے پوچھا گیا کہ کیا رونالڈو کو ٹیم میں برقرار رکھا جائے گا، تو انہوں نے کہا کہ میں ابتدائی گیارہ کھلاڑیوں کے بارے میں ابھی نہیں بتا سکتا کیونکہ میں نے پہلے اپنے کھلاڑیوں کو بھی نہیں بتایا۔ یہ سوال اس لیے بھی اہم ہوگیا ہے سوشل میڈیا اور ماہرین کھیل نے انہیں تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ کچھ مبصرین نے یہ بھی سوال اٹھایا کہ جب ٹیم کو ایک میں مشکلات پیش آرہی تھیں تو انہیں دوسرے ہاف میں کیوں تبدیل نہیں کیا گیا۔ ہیڈ کوچ روبرٹو مارٹینز نے کہا کہ تنقید اس ٹیم کے لیے نئی بات نہیں اور یہ بڑے ٹورنامنٹس کا حصہ ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ورلڈکپ کھیل رہے ہیں، اس لیے شور اور دباؤ ہوتا ہے، لیکن یہ کھیل کا حصہ ہے۔ ہمارا فوکس ٹیم پر ہے، ہم مثبت سوچ کے ساتھ میدان میں اترنا چاہتے ہیں۔

ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے سکواڈ کا اعلان رواں ہفتے متوقع

شان مسعود کیلئے ٹیسٹ اسکواڈ میں جگہ بنانا بھی مشکل ہوگیا، ذرائع

لاہور (یو این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ کا رواں ہفتے میں سنٹرل کنٹریکٹ اور ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لئے اسکواڈ کا اعلان متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق ویسٹ انڈیز اور انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے سکواڈ کا اعلان ایک ساتھ کیے جانے کا امکان ہے، قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود کے لیے سنٹرل کنٹریکٹ حاصل کرنا مشکل دکھائی دے رہا ہے جب کہ ان کی کپتانی بھی خطرے میں پڑ سکتی ہے، سلیکشن کمیٹی شان مسعود کے اسکواڈ میں شمولیت کے حوالے سے غور کر رہی ہے۔ سلیکشن کمیٹی نے سکواڈ اور سینٹرل کنٹریکٹ کے حوالے سے سر جوڑ لئے، دو روز قبل ایک اہم اجلاس میں سنٹرل کنٹریکٹ اور ٹیسٹ اسکواڈ کے مختلف ناموں پر غور کیا گیا، کمیٹی مڈل آرڈر میں تبدیلیوں پر بھی غور کر رہی ہے جہاں اویس ظفر کی شمولیت کے امکانات روشن ہیں

بقیہ 01

۔بیان میں کہا گیا ہے کہ پیہرو راند روڈ کی تعمیراتی کام کی خطیر رقم جون میں لیپس ہونے کا خدشہ ہے ۔جس سے سڑک کی تکمیل میں مزید تاخیر ہوگی ضرورت اس امر کی ہے کہ فوری طور پر فنڈز کو ریلیز کیا جائے تاکہ تعمیراتی کام جلد سے جلد شروع ہوسکیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سڑک کی تعمیراتی کام میں حائل رکاوٹوں کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ مذکورہ شاہراہ استعمال کرنے والے تمام عوام کو مختلف علاقوں، دیہاتوں کے مکینوں کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس اہم شاہراہ کی بروقت اور معیاری تکمیل سے تمام عوام کو فائدہ ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سڑک کی تعمیراتی کام کے کیمپ میں مشینری جلانے اور واقعہ کے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچا کر متعلقہ ٹھیکیدار اور کمپنی کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے اور بلا تاخیر روڈ کی تعمیراتی اور معیاری تکمیل کو یقینی بنا کر سڑک کی تعمیر میں رکاوٹیں حائل کرنے والوں کے خلاف تحقیقات کرکے کارروائی کی جائے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ متعلقہ محکمہ اور حکومت فوری طور پر پیہرو راند روڈ کی تعمیراتی کام کی رقم کو 30 جون سے قبل ریلیز کرے تاکہ یہ اہم عوامی منصوبہ بروقت اور معیاری طور پر تکمیل ہوسکے۔

بقیہ 02

کے بعد پورے خطے میں جنگ کے بادل منڈلانے لگے تھے جس پر پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نے بہتر حکمت عملی کے تحت ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے جنگ رکوائی اور اسکے بعد ایران اور امریکہ کو مذاکرات کی میز پر بیٹھایا جو ایک احسن اقدام ہے جس سے جنگ کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے تمام [illegible]

بقیہ 03

[illegible]

بقیہ 04

[illegible]

بقیہ 05

[illegible]

کمشنر عبدالرزاق ٹکڑ نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جنگلات ہمارا قومی اثاثہ ہیں اور ان کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ آگ لگنے کے خطرے والے علاقوں میں پیشگی اقدامات کیے جائیں، عملے کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے اور آگ بجھانے والے آلات کی فراہمی اور فعالیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں کمیٹی ارکان نے تجاویز پیش کیں جن پر اتفاق کرتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور محکمہ جنگلات کے درمیان مربوط رابطہ کاری کے ذریعے فوری ریسکیو آپریشن شروع کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ جنگلات کو آگ سے محفوظ رکھنے کے لیے عوامی آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی تاکہ مقامی آبادی کو اس ضمن میں متحرک کیا جاسکے۔

بقیہ 06

کہا کہ اسلام میں خواتین پر ہر قسم کے تشدد کی ممانعت کی گئی ہے اور اسلام نے خواتین کو حقوق کے ساتھ ساتھ بلند مقام بھی عطاء کیا ہے انہوں نے کہا کہ قبل از اسلام آپ کی آمد سے قبل عورت معاشرہ کا ایک انتہائی پسماندہ اور مظلوم طبقہ سمجھا جاتا تھا۔ اسے معاشرے میں کوئی اعلیٰ مقام حاصل نہیں تھا لیکن اسلام نے اپنی آمد کے ساتھ عورت کو معاشرہ میں نہ صرف جینے کا حق دیا بلکہ اسے اس کا جائز مقام دلوایا اور مردوں پر عورتوں کے متعدد حقوق عائد کیے چنانچہ اسلام نے ماں کے روپ میں عورت کا درجہ اس طور پر بلند کیا کہ ماں کے قدموں تلے جنت قرار دی اس کے ساتھ ساتھ باپ کے مقابلے میں ماں کا درجہ مزید بلند کیا ماں کے حقوق کے حوالہ سے عورت کا درجہ کئی گناہ بڑھ گیا۔ اسی طرح اسلام نے عورت کو بیوی کا درجہ دے کر اس [illegible]

بقیہ 07

[illegible] balochistan@nab.gov.pk [illegible] 081-9203614 [illegible] 081-9203468 [illegible]

بقیہ 08

[illegible]

بقیہ 09

[illegible] 63 کونسلرز میں سے 57 کونسلرز [illegible]

اکثریت نے انتخابی نتیجے کو پہلے ہی یقینی بنا دیا تھا۔ گل حسن محمد حسنی کی بلامقابلہ کامیابی کی خبر سامنے آتے ہی پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان، کونسلران اور حامیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ کارکنان نے ایک دوسرے کو مبارکباد دی، نعرے بازی کی اور اس کامیابی کو حب میں سیاسی ہم آہنگی اور عوامی اعتماد کا مظہر قرار دیا۔ اس موقع پر جیالے کارکنوں، رہنماں، قبائلی عمائدین، نیشنل پارٹی، جمعیت علما اسلام اور جام گروپ کے رہنماں اور کارکنوں اور دیگر سیاسی و سماجی شخصیات نے گل محمد حسنی کو بلامقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ دریں اثناء سیاسی تجزیہ کاروں کے مطابق اس کامیابی کا سہرا پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر علی حسن زہری کی موثر حکمت عملی، سیاسی بصیرت اور کامیاب رابطہ مہم کو جاتا ہے، جنہوں نے مختلف جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرکے اپنے امیدوار کی پوزیشن کو ناقابل شکست بنا دیا۔ یہ کامیابی محض ایک انتخابی نتیجہ نہیں بلکہ حب کی سیاسی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل قرار دی جارہی ہے۔ حلقوں کے مطابق یہ تاریخی فتح محسن حب میر علی حسن زہری کی عوام کے لیے مسلسل بے لوث خدمات اور بلا تفریق رنگ، نسل اور مذہب عوامی خدمت کے جذبے کا نتیجہ ہے۔ ان کی قیادت میں حب میں متعدد عوامی منصوبے مکمل ہوئے جن سے شہریوں کو براہ راست فائدہ پہنچا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حب کے عوام میر علی حسن زہری کے ساتھ کھڑے ہیں، جنہوں نے گزشتہ چالیس برس سے زائد عرصے سے شہر کے حقوق غصب کرنے اور عوام کو بنیادی سہولیات سے محروم رکھنے والی مفاد پرست سیاست کا خاتمہ کیا اور شہریوں کو ان کے جائز حقوق دلانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ مبصرین کے مطابق یہ سلسلہ کامیابی سے جاری ہے اور حالیہ انتخاب اسی عوامی اعتماد کا مظہر ہے۔ عوامی و سیاسی حلقوں نے گل حسن محمد حسنی کی کامیابی کو حب میں ترقی اور بہتر بلدیاتی نظام کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نئی قیادت عوامی مسائل کے حل میں موثر کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 10

کمیٹی کی تمام سفارشات مرتب کرکے حکام بالا کو ارسال کی جائیں گی، جن کی منظوری کے بعد لواحقین کو ان کا حق فراہم کیا جاسکے گا۔

بقیہ 11

حاجی اللہ نظر نے گزشتہ روز موٹروے پولیس کی دعوت پر سملی مین آفس میں ڈرائیونگ لائسنس اتھارٹی کے شعبے سے ایس پی موٹروے محمد ایوب اور ڈی ایس پی بشارت سے تفصیلی گفتگو ہوئی ٹرانسپورٹرز نے مسرت کا اظہار کرتے ہوئے حاجی نور محمد شوانی نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنس متروے ادارے کے پاس انے سے ہمارے ڈرائیور حضرات کے لیے بڑی آسانی ہوگی انہوں نے کہا موٹروے پولیس ڈرائیونگ لائسنس بنانے کے لیے ہمارے ساتھ تعاون کریں اور ہمارے ڈرائیور حضرات کو اسانی سے ڈرائیونگ لائسنس ایشو کریں جس پر ایس پی موٹروے محمد ایوب اور ڈی ایس پی بشارت خان نے ویلکم کرتے ہوئے کہا ہے کہ انشا اللہ ہم ہر قسم کی تعاون کریں گے لہذا تمام ڈرائیور حضرات کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کچلاک پرانا روڈ سملی میں موٹروے افس سے ڈرائیونگ لائسنس بنانے کے لیے رجوع کریں۔

بقیہ 12

ضی ریکارڈ کی درستگی، سرکاری واجبات کی وصولی، تجاوزات کے خاتمے اور زیر التواء ریونیو مقدمات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف تحصیلوں کے افسران نے اپنے اپنے دائرہ کار سے متعلق کارکردگی رپورٹس پیش کیں جبکہ درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی پیش کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو نظام کی بہتری اور سرکاری محصولات کی بروقت وصولی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قابل ٹیکس زرعی اراضی کی درست اور شفاف تشخیص کو یقینی بنایا جائے تاکہ حکومتی ریونیو میں اضافہ ہو اور ٹیکس نظام پر عوامی اعتماد مزید مستحکم ہو۔ انہوں نے ریونیو افسران کو تاکید کی کہ وہ وصولیوں کے عمل میں تیزی لائیں اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فیلڈ سطح پر اپنی سرگرمیوں کو مزید موثر بنائیں۔ اجلاس میں حد بندی (Demarcation) کے مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ، قبضہ مافیا کے خلاف جاری کارروائیوں، زیر التواء عدالتی مقدمات کے جلد تصفیے اور بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری اراضی پر ناجائز قبضوں کی نشاندہی اور ان کے خاتمے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے اور اس سلسلے میں باقاعدہ نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو ریونیو خدمات کی فراہمی میں آسانی، شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ریونیو افسران عوامی شکایات کے بروقت ازالے، انتقالات اور دیگر معاملات کے فوری حل اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کو اپنی ذمہ داری سمجھیں۔ اس مقصد کے لیے عوامی سہولت مراکز اور کھلی کچہریوں کے انعقاد کو مزید فعال بنایا جائے تاکہ عوام کو درپیش مسائل مقامی سطح پر حل کیے جاسکیں اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ تمام تحصیلوں میں ریونیو ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا، جبکہ فیلڈ مانیٹرنگ کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے باقاعدہ کارکردگی جائزہ اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ریونیو امور میں غفلت، غیر ضروری تاخیر یا بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے تمام ریونیو افسران کو ہدایت کی کہ وہ حکومتی پالیسیوں اور بورڈ آف ریونیو کی ہدایات کے مطابق اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے محصولات میں اضافے، اراضی ریکارڈ کی بہتری اور عوامی خدمت کے معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے بھرپور اقدامات یقینی بنائیں۔

بقیہ 13

کرنا ہوگا۔ آج بلوچستان ویران کرفیو کا سماں ہے تجارت کیلئے بارڈرز بند، چیک پوسٹوں، بارڈرز، ساحل پر بلاوجہ بے عزتی کیساتھ نقدی سے بھی محروم کیا جارہا ہے جماعت اسلامی ان مظالم کے خلاف پارلیمنٹ کے اندروباہر بھرپور آواز بلند کررہی ہے تمام حقیقی سیاسی قوتوں علمائے کرام حقیقی قبائلی عمائدین کوامن ترقی اور حقوق کیلئے ملکر آواز بلند کرنا چاہیے۔ بدقسمتی سے مقتدر قوتوں نے بلوچستان میں جعلی حکومت کیساتھ جعلی سردار نواب اور لیڈرز عوام پر مسلط کیے ہیں جو اسلحہ بڑی بڑی گاڑیوں اور دولت کے بل بوتے پر ہر ناجائز کام کرتے ہیں اوران ظالموں لٹیروں کو رکھوانے والا کوئی نہیں جماعت اسلامی جمہوری مزاحمت عوامی قوت سے حالات تبدیل عوام کے مسائل حل اور امن کیلئے کام کررہی ہے۔ دورے کے دوران انہوں نے مدرسہ القرا پنجگور میں ممبر سازی مہم کا افتتاح بھی کیا تقریب میں شیخ القرآن مولانا نور محمد مدنی امیر جماعت اسلامی پنجگور سمیت دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ انہوں نے خطاب میں کہا کہ جماعت اسلامی ملک میں اسلامی، جمہوری اور عوامی سیاست کی علمبردار جماعت ہے، جو ہر دور میں عوام کے حقوق، عدل و انصاف اور امن کے قیام کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ بلوچستان کے مسائل کا حل طاقت، تشدد اور جبر میں نہیں بلکہ آئین، قانون، انصاف اور عوام کو ان کے جائز حقوق دینے میں ہے۔ نوجوانوں کو مایوسی اور تشدد کے راستے سے بچانے کے لیے تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی ممبر سازی مہم کا مقصد نیک، باکردار اور خدمت خلق کا جذبہ رکھنے والے افراد کو منظم کرنا ہے تاکہ عوامی مسائل کے حل، کرپشن کے خاتمے اور اسلامی فلاحی معاشرے کے قیام کے لیے مؤثر کردار ادا کیا جاسکے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ ممبر سازی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے گھر گھر رابطہ کریں، عوام کے مسائل سنیں اور جماعت اسلامی کا پیغام ہر فرد تک پہنچائیں۔ آخر میں بلوچستان، ملک کی سلامتی، امن، ترقی، لاپتہ افراد کی جلد بازیابی اور مظلوم عوام کی مشکلات کے خاتمے کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 14

موروثی اراضی پر غیر قانونی تعمیرات شروع کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے بتایا کہ ابتدا میں معاملے کو خوش اسلوبی اور اخلاقی انداز میں حل کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم مخالفین نے بات چیت کے بجائے مسلح ہوکر حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں ان کے خاندان کو جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ رئیس زکریا تھوانی کا کہنا تھا کہ ان کے پاس اراضی کی ملکیت ثابت کرنے کے تمام قانونی اور مستند دستاویزات موجود ہیں، جبکہ مخالف فریق نے اپنے دعوؤں کو تقویت دینے کے لیے مبینہ طور پر جعلی دستاویزات تیار کرکے مختلف فورمز پر پیش کیں۔ انہوں نے کہا کہ جب ان دستاویزات کے بارے میں معلومات حاصل کی گئیں تو معلوم ہوا کہ جن افراد کے دستخط ان کاغذات پر ظاہر کیے گئے ہیں، وہ جعلی ہیں۔ متعلقہ افراد نے نہ صرف ان دستخطوں کی تردید کی بلکہ تحریری طور پر بھی اس امر کی تصدیق کی کہ مذکورہ دستاویزات میں ان کے نام اور دستخط غیر قانونی طور پر استعمال کیے گئے ہیں۔ پریس کانفرنس کے دوران رئیس زکریا تھوانی کے بھائی نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ موضع نوا میں واقع اراضیات ان کے آباؤ اجداد کی ملکیت ہیں اور ان کا خاندان صدیوں سے وہاں آباد ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملا سنزل خان کے نام سے موجود قدیمی اور مستند دستاویزات ان کی ملکیت کا ناقابل تردید ثبوت ہیں۔ انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ کمشنر قلات ڈویژن کی جانب سے کی گئی حد بندی کا فیصلہ بھی ان کے حق میں آچکا ہے، جس سے ان کے موقف کو مزید قانونی تقویت حاصل ہوتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کے باوجود بعض عناصر مختلف حربے استعمال کرکے زمین پر قبضہ جمانے کی کوشش کررہے ہیں۔ متاثرہ خاندان نے بلوچستان حکومت، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ اراضی تنازع کی شفاف، غیر جانبدار اور منصفانہ تحقیقات کرائی جائیں، جعلی دستاویزات تیار کرنے اور مسلح حملے میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، اور اصل حق داروں کو ان کا جائز حق فراہم کیا جائے۔

بقیہ 15

م قائم کردیا گیا ہے جس میں سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایکسئنز اور ایس ڈی اوز آپریشنل عملہ کے علاوہ گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) کے افسران اور عملہ بھی نویں اور دسویں محرم الحرام کے دوران گرڈ اسٹیشنز میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔ کیسکو ایمرجنسی کنٹرول سینٹر صوبائی حکومت کے زیر انتظام ایمرجنسی کنٹرول روم اور ضلعی انتظامیہ سے بھی رابطے میں رہے گا۔ کنٹرول سینٹر امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں اور محرم الحرام کے جلوس والے راستوں میں بجلی منقطع ہونے کی صورت میں یا صارفین کی جانب سے شکایت موصول ہونے پر بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے گا۔ اسکے علاوہ کسی بھی علاقہ میں تکنیکی خرابی کو دور کرنے اور بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے کیسکو ٹیم اور متعلقہ فیڈروں کے سب ڈویژنل افسران (SDO) اپنے عملہ کے ساتھ دفاتر میں موجود رہیں گے تاکہ بجلی سے متعلق کسی بھی ایمرجنسی سے بروقت نمٹا جاسکے۔ نویں اور دسویں محرم الحرام میں امام بارگاہوں اور جلوس کے راستوں سے منسلک 11kv فیڈرز کو لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے جن میں 11Kv مری آباد، سید آباد، طوغی روڈ، لیاقت بازار ایکسپریس، گلستان روڈ، حالی روڈ، کاسی ون، کاسی ٹو اور سٹی، ویسٹرن بائی پاس، ہزارہ ٹاؤن، انڈسٹریل، کرانی، غازی، قمبر بخش مری، نیو جان محمد، اولڈ لیاقت بازار، منی مارکیٹ، سٹیلائٹ ٹاؤن، اے ون سٹی، سرکی روڈ، جبل نورروہ تین، سورج گنج بازار، نواں کلی، شہباز ٹاؤن، بروری روڈ، جناح ٹاؤن، پی اے ایف سٹی فیڈرز شامل ہیں جن پر نویں اور دسویں محرم تک بجلی کی لوڈ شیڈنگ نہیں کی جائے گی۔ اسی طرح کوئٹہ شہر سے باہر صوبہ کے دیگر اضلاع میں بھی مجالس اور عزاداری کے دوران 11Kv ژوب سٹی، لورالائی کینٹ، ڈیرہ مراد جمالی سٹی، صحبت پور سٹی، گنداخہ فضل فقیر، بھاگ سٹی، بچ سٹی، بی بی سالم شاہ، ڈھاڈر ایکسپریس، خضدار سول کالونی، ڈسٹرکٹ ژکی لورالائی فیڈروں کو بھی شام 7 بجے سے صبح 5 بجے تک بلاتعطل بجلی کی فراہمی جاری رہے گی۔ صارفین بجلی بندش سے متعلق انفرادی شکایات کیلئے 24 گھنٹے براہ راست کیسکو ہیلپ لائن 118 کے علاوہ 0819201445 پر بھی کال کرکے اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔

بقیہ 16

۔جس کے لیے انہوں نے متعلقہ محکمے سے رجوع کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے گیس بل سے جمع شدہ دس ہزار فوری طور پر کاٹے جائیں۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا مسئلہ حل کردیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 17

کی بطور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر آن لائن حلف برداری لی گئی حلف برداری کے موقع پر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر محمد اسماعیل اسسٹنٹ الیکشن آفس صدام حسین ودیگر انتظامی افسران موجود تھے الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ضلع قلات میں کونسلران کے دو خالی نشستوں پر دوبارہ انتخابات 09 اگست 2026 کو منعقد ہوں گیا یم سی قلات کے وارڈ نمبر 13 شیشہ ڈغار یونین کونسل نیچارہ امیری وارڈ نمبر 05 پر انتخابات ہوں گے ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر ڈی سی قلات منیر احمد درانی نے حلف برداری کیا الیکشن کمیشن عملے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی 01 جولائی سے 03 جولائی 2026 تک جمع کراسکیں گے۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر منیر احمد درانی نے کہا کہ کونسلران کے خالی نشستوں پر دوبارہ شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام ضروری انتظامات کررہے ہیں پرامن اور غیر جانبدارانہ شفاف انتخابات کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے

بقیہ 18

یک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں جامعہ تربت کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ریاض احمد، شعبہ ایجوکیشن کی چیئرپرسن ڈاکٹر مہناز اسلم اور ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد نے شرکت کی۔ اجلاس میں شعبہ ایجوکیشن کو مزید مستحکم کرنے، بی ایڈ پروگرام کی اپ گریڈیشن اور اسے عہد حاضر کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کے لئے شروع کیے گئے اقدامات پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر نصاب کی ڈیجیٹلائزیشن اور جدید تدریسی طریقوں کو اپنانے کیلئے اہم فیصلے کیے گئے۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کہا کہ مستقبل کے اساتذہ کو عصر حاضر کے تقاضوں اور چیلنجز سے موثر انداز میں نمٹنے کے قابل بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے حصول کے لیے اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد میں مزید اضافہ کیا جائے گا اور ٹیچر ایجوکیشن کے ساتھ ساتھ طلبہ کو کلاس روم مینجمنٹ، کمیونیکیشن اسکلز، کمپیوٹر، جدید ڈیجیٹل مہارتوں اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے موثر استعمال کی تربیت فراہم کرنے کے عمل کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بی ایڈ محض ایک روایتی تعلیمی پروگرام نہیں بلکہ ایک اہم پروفیشنل ڈگری ہے، جس کا براہ راست اثر ہماری آنے والی نسلوں کے مستقبل پر پڑتا ہے۔ لہٰذا بدلتے وقت کے ساتھ دوسرے تعلیمی پروگراموں کی طرح بی ایڈ کے نصاب کی ری اسٹرکچرنگ اور اسے ملکی و بین الاقوامی معیارات اور مارکیٹ کی جدید ضروریات کے مطابق بنانا ناگزیر ہے۔ وائس چانسلر نے فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین اور شعبہ ایجوکیشن کے چیئرپرسن کو تاکید کی کہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر فوری اور موثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے جس کے لیے یونیورسٹی انتظامیہ ہرممکن تعاون فراہم کرے گی۔ اجلاس کے دوران شرکا نے بی ایڈ پروگرام کو مزید موثر اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے فریم ورک سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اس سے قبل شعبہ ایجوکیشن کی چیئرپرسن ڈاکٹر مہناز اسلم نے اجلاس کو شعبے کی بہتری اور بی ایڈ پروگرام کو جدید تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کے لیے کی جانے والی پیشرفت پر بریفنگ دی۔

بقیہ 19

روں، آڑھتیوں اور ٹنل فارمنگ کے شعبے کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، جس کے بعد متفقہ طور پر درج ذیل قراردادیں منظور کی گئیں۔ اجلاس نے بلوچستان بالخصوص پشین میں ان تمام آڑھتی حضرات کو خراج تحسین پیش کیا جنہوں نے نیلامی کا نظام شروع کرکے آل ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن کے چار سالہ موقف کی تائید کی۔ اجلاس نے کراچی کے آڑھتی حضرات سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ نیلامی کا شفاف نظام نافذ کریں تاکہ زمینداروں کو ان کی پیداوار کا منصفانہ معاوضہ مل سکے۔ مزید برآں پشین کے ان آڑھتی حضرات سے بھی اپیل کی گئی جنہوں نے ابھی تک نیلامی کا نظام نافذ نہیں کیا کہ وہ زمینداروں کے دیرینہ مطالبے کی حمایت میں اس عمل کا حصہ بنیں۔ اجلاس نے کراچی میں بعض مشہوروں اور آڑھتیوں کی مبینہ ملی بھگت کے نتیجے میں زمینداروں کو مناسب ریٹ نہ ملنے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ اجلاس کے مطابق اس صورتحال کے باعث زمیندار اپنی محنت کا جائز معاوضہ حاصل کرنے سے محروم ہیں۔ اجلاس نے اس عمل کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حلقوں سے شفاف اور منصفانہ نظام قیمت متعارف کرانے کا مطالبہ کیا۔ اجلاس نے کراچی میں ریٹ کے معاملات کے لیے قائم کی گئی نئی یونین اور اس کی قیادت کے حوالے سے واضح موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ اس یونین کی تشکیل میں نہ پشین کے آڑھتی حضرات کو شامل کیا گیا اور نہ ہی آل ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن سے کوئی مشاورت کی گئی۔ لہذا اجلاس نے متفقہ طور پر اس یونین کو تسلیم نہ کرنے کا اعلان کیا۔ اجلاس نے ایرانی سامان اور زرعی استعمال کے لیے درآمد کیے جانے والے ناقص اور غیر معیاری پلاسٹک و دیگر میٹریل کی فروخت پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ اجلاس نے فیصلہ کیا کہ اس معاملے کی مکمل تحقیقات کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ اگر کسی فرد یا گروہ کی ذمہ داری ثابت ہوئی تو آل ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن قانونی کارروائی کرنے اور زمینداروں کے نقصانات کے ازالے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ اجلاس نے زرعی ادویات، کھادوں اور دیگر زرعی اشیاء کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ اجلاس نے فیصلہ کیا کہ زمینداروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے اس مسئلے کو متعلقہ اداروں اور تاجروں کے سامنے بھرپور انداز میں اٹھایا جائے گا۔ اجلاس نے پشین میں مزدوری اور تھیلی وغیرہ کے نرخوں میں اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے فیصلہ کیا کہ آڑھتی حضرات اور دیگر متعلقہ فریقین کے ساتھ مشاورت کے ذریعے ایک متفقہ اور منصفانہ ریٹ مقرر کیا جائے گا تاکہ کسی بھی فریق کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ آخر میں اجلاس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ آل ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن زمیندار برادری کے حقوق کے تحفظ، زرعی شعبے کی ترقی اور کسانوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد ہر سطح پر جاری رکھے گی۔

بقیہ 20

ن، مسلح کمانڈروں، جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر چھوڑا گیا ہے، معاشرے میں ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت بگاڑ اور خامیاں پیدا کی جارہی ہیں تاکہ پشتونخوا وطن کے عوام اپنے جان و مال اور بچوں کی حفاظت کا رونا رو کر اپنی حفاظت میں لگن رہے اور قبضہ گر قوتیں ان کی لاکھوں ایکڑ زمینیں الاٹ کرکے اس کے وسائل لوٹنے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ جب سے 8 فروری 2024 الیکشن چھینے کے بعد اسمبلی میں جعلی نمائندوں کو بٹھایا گیا ہے تب سے عوام بربادی، بیروزگاری، بدامنی، غربت، مایوسی اور کسمپرسی کی حالت کا سامنا کررہے ہیں۔ منشیات کا کاروبار سرعام حکومت کی ناک کے نیچے چل رہا ہے۔ نوجوان نشے میں مبتلا ہورہے ہیں، محکمہ تعلیم، محکمہ صحت کی حالت زار سب کے سامنے ہے۔ دیگر تمام سرکاری محکموں میں رشوت، کرپشن، اقربا پروری کمیشن سرعام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم جمعیت علماء اسلام کے عہدیداروں، ذمہ داروں کو بتانا چاہتے ہیں کہ اپنے ایم پی اے کو مختلف سرکاری محکموں میں سرکاری ملازمین کے خلاف انتقامی کارروائیوں سے روکا جائے، بصورت دیگر پارٹی ایسی گھناونی اور بیچ حرکتوں کو جواب بخوبی جانتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوامیپ تمام عوامی مسائل کے حل کے لیے صف آراء ہے چاہے حکومت میں ہو یا نہ ہو۔ اس موقع پر پشتونخوامیپ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نصیر ننگیال اور اقبال بڑیزئی سمیت ضلع ایگزیکٹیوز کے اراکین موجود تھے۔

بقیہ 21

کی جانب سے شہر بھر میں خصوصی صفائی مہم چلائی گئی، جس کے تحت جلوسوں کے تمام مرکزی و ذیلی راستوں اور ملحقہ علاقوں کی مکمل صفائی کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ بابو اصغر رند کی نگرانی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ متحرک کردار ادا کررہا ہے اور جلوسوں کے روٹس کو آمدورفت کے لیے مکمل طور پر موزوں بنا دیا گیا ہے صفائی مہم کے دوران راستوں سے جھاڑیاں، ملبہ اور دیگر رکاوٹیں ہٹادی گئی ہیں جبکہ گڑھوں اور خراب سڑکوں کی فوری مرمت کرکے راستوں کو ہموار بنایا گیا ہے چیف آفیسر سلیم خان ڈوکی نے مزید بتایا کہ جلوسوں کے روٹس پر موجود پتھر، ریت اور بجری بھی اٹھا کر راستوں کو مکمل طور پر کلیئر کردیا گیا ہے اس کے علاوہ شہر کے لنک روڈز اور گلی محلوں میں بھی صفائی کے انتظامات مزید بہتر بنائے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران خصوصی صفائی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جو جلوسوں کے اوقات میں بھی مختلف روٹس پر موجود رہیں گی۔ میونسپل کمیٹی کا عملہ دن رات شہر کو صاف ستھرا رکھنے اور عزاداری کے تمام پروگرامز کے لیے بہتر اور پرامن ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں سرانجام دے رہا ہے

بقیہ 22

کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور بی بی آصفہ بھٹو کی محنت کا ثمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت نے بہتر حکمت عملی کے تحت گلگت بلتستان میں جمہوری عمل کو مکمل کیا اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی امجد حسین ایڈووکیٹ کو بلامقابلہ گلگت بلتستان کا وزیراعلیٰ اور عمران ندیم کو اسپیکر منتخب کرایا جو جمہوریت کی جیت ہے۔ انہوں نے نومنتخب وزیراعلیٰ گلگت بلتستان امجد حسین ایڈووکیٹ اور اسپیکر عمران ندیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق گلگت بلتستان کے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں گے اور عوام نے پاکستان پیپلز پارٹی پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

بقیہ 23

زہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حب نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ عزاداروں اور شہریوں کو بہترین سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمع داد خان مندوخیل نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن، مذہبی رواداری اور بین المسالک ہم آہنگی کا فروغ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے علماء کرام، عمائدین اور منتظمین پر زور دیا کہ وہ بھائی چارے، برداشت اور اتحاد کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تمام جلوس اور مجالس منظور شدہ روٹس اور شیڈول کے مطابق منعقد ہوں گی جبکہ 10 محرم الحرام کو منعقد ہونے والے سنی کونسل کے جلسے کے لیے خصوصی اور فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے۔ جلسہ گاہ پر صفائی، روشنی، طبی سہولیات اور دیگر ضروری انتظامات بھی یقینی بنائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر حب نے واضح کیا کہ کسی بھی مسلک یا فرقے کے خلاف نفرت انگیز تقاریر، اشتعال انگیز مواد یا بیانات کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اجلاس کے شرکاء نے ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے محرم الحرام کے دوران امن و امان، مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا برقرار رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ محرم الحرام کے تمام پروگرام باہمی تعاون، نظم و ضبط اور مذہبی ہم آہنگی کے ساتھ پرامن انداز میں منعقد کیے جائیں گے۔

بقیہ 24

حوم کے گھر جاکر لواحقین سے ملاقات کی اور ان کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے دلسوز واقعے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی اور دعا کی۔ تعزیت کے اس موقع پر محمد عباس مرغزانی اور سجاد احمد مرغزانی بھی موجود تھے۔ ایس پی ہرنائی نے سوگوار خاندان سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ رب العزت مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں اور پسماندگان کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائیں۔

بقیہ 25

نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی، بھائی چارے اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عزاداروں اور زائرین کی خدمت کے لیے سبیلوں کا قیام ایک عظیم مذہبی اور سماجی روایت ہے، جس سے محبت، اخوت اور یکجہتی کے جذبات کو فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے سبیل کے منتظمین اور رضاکاروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی کے باوجود عزاداروں کی خدمت میں مصروف افراد قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین اور شہدائے کربلا کی لازوال قربانیاں امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہیں، جن سے حق، سچائی اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا پیغام ملتا ہے۔ میر محمد بلال خان عمرانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محرم الحرام کے صدقے ملک میں امن، استحکام اور بھائی چارے کی فضا قائم رکھے اور سبیل کے منتظمین سمیت تمام خدمت گزاروں کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ اس موقع پر معززین علاقہ، کارکنان اور عزادار بھی موجود تھے۔

بقیہ 26

سے تفصیلی بریفنگ دی گئی شرکا کو مختلف منصوبوں کی موجودہ صورتحال فنڈز کے اجراء اور درپیش چیلنجز سے بھی آگاہ کیا گیا سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ کے خصوصی ہدایات ہیں کہ نئے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرنگ عمل کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ منصوبوں پر عملی کام جلد از جلد شروع کیا جاسکے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی اسکیموں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرتے ہوئے شفافیت معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے جاری اور نئے ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام کیا جائے گا جبکہ فنڈز کے موثر استعمال اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ترجیح دی جائے گی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی مسلسل نگرانی اور بین الاداروجاتی رابطے کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ ترقیاتی اہداف بروقت حاصل کیے جاسکیں۔

بقیہ 27

ب، مدرسی طریقہ کار، جدید کمپیوٹر لیبارٹریز، ترجیحی ماڈیولز اور دستیاب سہولیات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی موجودہ دور کی اہم ضرورت ہیں اور سرکاری ملازمین کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا بہتر عوامی خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ سرکاری اداروں میں ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کو فروغ دینے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے تاکہ دفتری امور میں شفافیت، رفتار اور کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔ اس موقع پر ایم ایم ڈی آفیسر گل محمد بھی وفد کے ہمراہ موجود تھے۔ بعدازاں وفد نے نیو ٹرانز کالج لورالائی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے لائبریری، کمپیوٹر لیب، سمارٹ کلاس رومز اور دیگر تعلیمی سہولیات کا معائنہ کیا۔ افسران نے طلبہ کو فراہم کی جانے والی جدید تعلیمی سہولیات اور ادارے کی مجموعی تعلیمی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انتظامیہ کی کاوشوں کی تعریف کی۔ دورے کے اختتام پر کالج انتظامیہ کی جانب سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل کو اعزازی شیلڈ پیش کی گئی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ اور تعلیمی اداروں کے درمیان باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنانے، نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے اور لورالائی میں ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ مزید برآں ضلعی انتظامیہ کے ذرائع کے مطابق مستقبل قریب میں ضلع لورالائی کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور ملازمین کے لیے بھی انفارمیشن ٹیکنالوجی، ای گورننس اور مصنوعی ذہانت سے متعلق خصوصی تربیتی ورکشاپس منعقد کرنے کی تجویز زیر غور ہے، جس سے سرکاری امور کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد ملے گی اور عوامی خدمات کی فراہمی کا معیار مزید بہتر ہوگا۔

بقیہ 28

یکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد انور مندوخیل، ڈی ایس ایم فرحان کاکڑ، سوشل ویلفیئر آفیسر ڈاکٹر نسرین گل، خزانہ آفس کے جبار خان سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع خصوصاً دور دراز علاقوں میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) اور سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹروں و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری، ادویات کی دستیابی، موجودہ سہولیات اور ہیلتھ اسٹاف کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی نواز بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ تمام بنیادی مراکز صحت اور سرکاری ہسپتال مکمل طور پر فعال رہیں اور وہاں تعینات عملہ اپنی ذمہ داریاں دیانتداری اور احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور متعلقہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹس کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی اپنی جائے تعیناتی پر باقاعدہ حاضری یقینی بنائی جائے۔ اس سلسلے میں متعلقہ افسران خود بھی وقتاً فوقتاً فیلڈ وزٹس کریں اور صحت مراکز کی کارکردگی کا جائزہ لیتے رہیں۔ علی نواز بلوچ نے مزید ہدایت کی کہ اگر کوئی اہلکار ڈیوٹی سے غیر حاضر پایا جائے تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اہلکاروں کی تنخواہوں میں کٹوتی کے ساتھ ساتھ قواعد و ضوابط کے مطابق تادیبی کارروائی بھی یقینی بنائی جائے تاکہ سرکاری امور میں غفلت اور لاپرواہی کا موثر سدباب کیا جاسکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع لورالائی میں شعبہ صحت کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 29

ن کلی حاجی عبدالغفار مرغہ ذکریازئی میں سپرد خاک کیا گیا۔ نماز جنازہ میں پشتونخوامیپ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری حاجی صورت خان کاکڑ، ڈاکٹر حبیب اللہ، علاقائی یونٹ بلوزئی لگاندہ کے سیکرٹری سعید محمد افغان علاقائی معاونین اور علاقے کے علاء کرام، سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، سماجی اور قبائلی عمائدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ فاتحہ خوانی مرغہ ذکریازئی میں جاری ہے۔ دریں اثنا پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، اسید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان، حاجی صورت خان کاکڑ، حاجی فرید خان پانیزئی، ضلعی صدر عمر خان ترین، ضلعی معاونین عبدالواحد وطنپال، ڈاکٹر حبیب اللہ، محمد دین رود وال، گلزار خان، حفیظ صاحب، حاجی عبید اللہ پانیزئی، ڈاکٹر حبیب اللہ تارن، عمر خان عمری اور علاقائی سیکرٹری محمد دین بازئی، علاقائی سینئر معاون سیکرٹری خالد خان علاقائی ایگزیکٹوز افتخار احمد، اسد خان، اکرم خان، علاؤدین خان، علی خان نے مشترکہ بیان میں مدثر خان کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان کے ساتھ اس صدمہ میں برابر کی شریک ہے۔ بیان میں دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 30

بنانے اور حکومتی امور میں شفافیت لانے کا ایک موثر ذریعہ ہے جس کے مکمل نفاذ کے لئے آواز اٹھائیں گے کیونکہ تا حال بلوچستان میں کیمشن مکمل طور پر فعال نہیں ہوسکا جس کی وجہ سے قانون کے موثر نفاذ میں رکاوٹیں موجود ہے انہیں دور کرتے ہوئے کیمشن کو مکمل خود مختاری دی جائے حکومت اس حوالے سے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات اٹھائے تاکہ صوبے میں شفافیت اور احتساب کے نظام کو مضبوط بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے غیر سرکاری تنظیم بلوچستان ایڈ کے زیر اہتمام معلومات کی رسائی کے قانون کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ یہ منصوبہ اپنے اختتام کو نہیں بلکہ ایک نئی شروعات کو پہنچا ہے۔ حق معلومات کا قانون عوام کو بااختیار بنانے اور حکومتی امور میں شفافیت لانے کا ایک موثر ذریعہ ہے اور وہ اس قانون کے مکمل نفاذ کے لیے بلوچستان اسمبلی میں بھرپور آواز اٹھائیں گے۔ کیونکہ بلوچستان انفارمیشن کمیشن تا حال مکمل طور پر فعال نہیں ہوسکا، جس کے باعث قانون کے موثر نفاذ میں رکاوٹیں موجود ہے اور کیمشن کو مکمل خودمختاری دی جانی چاہیے اور کمشنرز کی تقرری سیاسی بنیادوں کی بجائے میرٹ پر ہونی چاہیے۔ موجودہ حکومت انفارمیشن کمیشن کو مکمل فعال بنانے میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کررہی، جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ صوبے میں شفافیت اور احتساب کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے مطلوبہ اقدامات نہیں کیے جارہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے نوجوانوں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایک سال تک حق معلومات جیسے اہم قانون کے حوالے سے آگاہی اور وکالت کرنا قابل تحسین عمل ہے۔ نوجوانوں نے ثابت کیا ہے کہ وہ مثبت سماجی تبدیلی اور بہتر طرز حکمرانی کے فروغ میں موثر کردار ادا کرسکتے ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی نے نوجوانوں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ جمہوری معاشروں میں معلومات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ہماری جماعت کی جانب سے شفافیت، جوابدہی اور شہری حقوق کے فروغ کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتی ہے۔ انفارمیشن کمشنر بلوچستان عبدالشکور نے کمیشن کی کارکردگی اور مختلف کیس اسٹڈیز شرکاء کے ساتھ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ حق معلومات کے قانون پر عملدرآمد کا عمل جاری ہے، تاہم عوام کی جانب سے معلومات کے حصول کے لیے درخواستوں کی تعداد نہایت کم ہے۔ جب شہری بڑی تعداد میں اپنے حق معلومات کا استعمال کریں گے تو اداروں کی کارکردگی اور جوابدہی میں مزید بہتری آئے گی۔ نیشنل کمیشن فار ہیومن رائٹس کی رکن ڈاکٹر فرخندہ اورنگزیب نے معلومات تک رسائی انسانی حقوق، شفاف حکمرانی اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے۔ نوجوانوں اور سول سوسائٹی کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات کو قابل ستائش قرار دیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حق معلومات، شفافیت، جوابدہی اور شہری شمولیت کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں آئندہ بھی جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 31

(PSDP) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد اقبال، ایکسین بی اینڈ آر روڈز شوکت احمد، ایکسین بی اینڈ آر بلڈنگز اسد خان، ایکسین ایریگیشن محمد ہاشم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ مظفر شاہ، اے سی ایریگیشن اسد کاکڑ، واٹر مینجمنٹ کے نمائندہ محمد انور بارکزئی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں کے تحت جاری PSDP اور BSDI منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے منصوبوں کی موجودہ صورتحال، فنڈز کے استعمال، درپیش مسائل اور تکمیل کے مراحل سے متعلق آگاہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز عوام کی امانت ہیں، لہذا ان کا شفاف اور درست استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام جاری منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ عوام جلد از جلد ان کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ناقص تعمیراتی میٹریل کے استعمال یا غیر معیاری کام میں ملوث ٹھیکیداروں اور ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کمشنر نے مزید کہا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور موثر نگرانی کے ذریعے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں شفافیت، معیار اور رفتار کو اولین ترجیح دی جائے۔ اجلاس میں ضلع ژکی میں پینے کے صاف پانی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، آبپاشی نظام کی بہتری اور سرکاری عمارتوں کی تعمیر سے متعلق جاری منصوبوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے اور ہر منصوبے کی پیش رفت رپورٹ باقاعدگی سے ڈویژنل انتظامیہ کو ارسال کی جائے تاکہ عوامی وسائل کے موثر استعمال اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 32

اور مستقل حل کے بجائے غفلت عدم توجہی اور غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی خستہ حالی ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر نکاسی آب کے ناقص نظام اور صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال نے شہریوں کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کردیا ہے۔ عوام روزمرہ زندگی میں شدید پریشانیوں کا سامنا کررہے ہیں متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری دفاتر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے بروقت اور موثر اقدامات کے بجائے بیوروکریسی کی سست روی رشوت ستانی اور بدعنوانی کی شکایات عام ہیں جسکے باعث عام شہری اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کی دادرسی اور مسائل کے ازالے کیلئے کوئی موثر نظام نظر نہیں آتا۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے شہری مسائل کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرکے صفائی ستھرائی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا حقیقی معنوں میں ازالہ ہوسکے۔

بقیہ 33

ضی ریکارڈ کی درستگی، سرکاری واجبات کی وصولی، تجاوزات کے خاتمے اور زیر التواء ریونیو مقدمات کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف تحصیلوں کے افسران نے اپنے اپنے دائرہ کار سے متعلق کارکردگی رپورٹس پیش کیں جبکہ درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تجاویز بھی پیش کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریونیو نظام کی بہتری اور سرکاری محصولات کی بروقت وصولی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قابل ٹیکس زرعی اراضی کی درست اور شفاف تشخیص کو یقینی بنایا جائے تاکہ حکومتی ریونیو میں اضافہ ہو اور ٹیکس نظام پر عوامی اعتماد مزید مستحکم ہو۔ انہوں نے ریونیو افسران کو تاکید کی کہ وہ وصولیوں کے عمل میں تیزی لائیں اور مقررہ اہداف کے حصول کے لیے فیلڈ سطح پر اپنی سرگرمیوں کو مزید موثر بنائیں۔ اجلاس میں حد بندی (Demarcation) کے مقدمات، سرکاری اراضی کے تحفظ، قبضہ مافیا کے خلاف جاری کارروائیوں، زیر التواء عدالتی مقدمات کے جلد تصفیے اور بورڈ آف ریونیو کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری اراضی پر ناجائز قبضوں کی نشاندہی اور ان کے خاتمے کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے اور اس سلسلے میں باقاعدہ نگرانی کا نظام وضع کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو ریونیو خدمات کی فراہمی میں آسانی، شفافیت اور میرٹ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ریونیو افسران عوامی شکایات کے بروقت ازالے، انتقالات اور دیگر معاملات کے فوری حل اور سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کو اپنی ذمہ داری سمجھیں۔

پیپلز پارٹی حب سمیت پورے ضلع میں عوامی خدمت اور ترقی کے سفر کو مزید تیز کرے گی، سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی

گل حسن محمد حسنی کی کامیابی عوامی خدمت کی سیاست کا ثبوت ہے، علی حسن زہری

چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کے انتخاب میں پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار گل محمد حسنی بلا مقابلہ کامیاب قرار، کارکنوں کا جشن

حب (آن لائن) جون کو میونسپل کارپوریشن حب میں چیئرمین کے انتخاب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار گل حسن محمد حسنی نیشنل پارٹی، جمعیت علماء اسلام اور جام گروپ کی بھرپور حمایت کے ساتھ بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ ریٹرننگ آفیسر نے مقررہ وقت تک کسی دوسرے امیدوار کی جانب سے کاغذات نامزدگی جمع نہ کرائے جانے پر ان کی کامیابی کا باضابطہ اعلان کیا۔ ذرائع کے مطابق (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 9)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر میر سلیم کھوسہ، سرفراز کھوسہ اور عطاء اللہ کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں

تعمیراتی کام کے کیمپ میں مشینری جلانے اور واقعہ کے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچا کر متعلقہ ٹھیکیدار اور کمپنی کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے

سپیرہ راغہ روڈ تعمیراتی کام کے فنڈز کا فوری اجراء کیا جائے، پشتونخوا میپ

بلا تا خیر روڈ کی تعمیراتی اور معیاری تکمیل کو یقینی بنا کر سڑک کی تعمیر میں رکاوٹیں حائل کرنے والوں کے خلاف تحقیقات کر کے کارروائی کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ سپیرہ راغہ روڈ کی تعمیراتی کام کے فنڈز کپس ہونے کا خدشہ ہے، فنڈز کی کمی کے باعث تعمیراتی کام سست روی کا شکار ہے جبکہ دوسری جانب کیمپ کی مشینری کو جلانے کے واقعہ، خوف وہراس پھیلانے اور سپیرہ راغہ روڈ پر کئی سالوں سے جاری تعمیراتی کام پرسست روی پر پارٹی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت اجلاس

کمیٹی کی تمام سفارشات مرتب کر کے حکام بالا کو ارسال کی جائیں گی

جعفر آباد (خ ن) ضلع جعفر آباد میں محکمہ ریونیو کے فوت شدہ ملازمین کے لواحقین کو ان کی بھرتی کے عمل کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کے دیگر ممبران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بھرتی کے عمل کے تحت فوت شدہ ملازمین کے تمام ورثاء کمیٹی کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے کیسز پیش کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا کہ اجلاس کا مقصد محکمہ ریونیو کے فوت شدہ ملازمین کے لواحقین کو ان کا جائز حق دلانے کے لیے شفاف طریقہ کار کے تحت کارروائی مکمل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 10)

سیاسی وقبائلی عمائدین کا نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی رابطہ مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے اضلاع سوراب اور پنجگور کے مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات، سیاسی وقبائلی عمائدین نے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کی رابطہ مہم کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کو درپیش بحرانوں کا حل اجتماعی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 8)

ضلعی لائیو اسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ افسران کا یورپی یونین پی پی اے ایف اور بی آر ایس پی کی کوششوں کو خراج تحسین

کوئٹہ (آن لائن) محکمہ لائیو اسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ، حکومت بلوچستان کے ضلعی لائیو اسٹاک افسران (ڈی ایل اوز) نے یورپی یونین، پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی جانب سے لائیو اسٹاک کے شعبے کو مضبوط بنانے کے لیے کی جا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 4)

بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو نوکریاں فراہم کی جائیں، لالہ یوسف خلجی

پاکستان کی سیاسی اور ملٹری قیادت نے ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچالیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے ایران اور امریکہ کو مذاکرات کی میز پر آمنے سامنے بٹھانے اور جنگ رکوانے کو پاکستان کی بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی اور ملٹری قیادت نے ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے دنیا کو ایک بڑی تباہی سے بچالیا، حکمرانوں کو چاہیے کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے اور امن وامان کو یقینی بنانے کیلئے ناراض رہنماؤں سے بامقصد مذاکرات کو یقینی بنائیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 2)

اسلام نے بیوہ خواتین کے خصوصی حقوق دیئے ڈاکٹر قاری عبدالرشید

صورت میں جدا ہوتیں تو میں اور وہ شخص جنت میں اس طرح ساتھ ہوں گے

اسلام نے خواتین کو حقوق کے ساتھ ساتھ بلند مقام بھی عطاء کیا ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرس البنات بلوچستان و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے مقامی ہوٹل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 23 جون بیوہ خواتین کا دن ہے، یہ دن 2011 سے دنیا بھر میں موجود تقریباً 25 کروڑ بیوہ خواتین کو درپیش مشکلات جیسے غربت، امتیازی سلوک اور سماجی علیحدگی پر توجہ دینے پر زور دیتا ہے۔ انہوں نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 6)

ڈی سی موسیٰ خیل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ فارسٹ فائر مینجمنٹ کمیٹی کا اجلاس

آگ لگنے کے خطرے والے علاقوں میں پیشگی اقدامات کیے جائیں، عبدالرزاق

نیب بلوچستان کی جانب سے شکایت کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں

کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ / ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا / دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل / گھر / ای میل واضح کیا جاتا ہے

کوئٹہ شہر بے شمار بنیادی اور دیرینہ مسائل سے دوچار ہے، جمعیت (ف)

افسوسناک امر یہ ہے کہ عوام کی داد رسی اور مسائل کے ازالے کیلئے کوئی موثر نظام نظر نہیں آتا، مولانا عبدالرحمن رفیق

متعلقہ حکومتی ادارے مسائل کے موثر اور مستقل حل کے بجائے غفلت عدم توجہی اور غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، مفتی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی اور دیگر نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر بے شمار بنیادی اور دیرینہ مسائل سے دوچار ہے متعلقہ حکومتی ادارے ان مسائل کے حل (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبے میں یونین کونسل دفاتر کی تعمیر کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آل ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس

اجلاس میں زمینداروں کو درپیش مسائل پر اہم فیصلے

کوئٹہ (پ ر) گزشتہ روز آل ٹنل فارمنگ ایسوسی ایشن کا ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت صوبائی صدر ملک محب صاحب نے کی۔ اجلاس میں ضلعی صدر نقیب اللہ صاحب، پریس سیکرٹری محمد قاسم صاحب، مفتی زبیر احمد صاحب، حاجی ضیاء الدین صاحب، حاجی نگا خان صاحب اور دیگر معزز اراکین و شخصیات نے شرکت کی۔ اجلاس میں زمیندا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر کی زیر صدارت وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں اہم اجلاس

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 18)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار زرخان کے گیس بل سے جمع شدہ 10 ہزار کاٹ دیے گئے

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار زرخان نے بتایا کہ انہوں نے گیس کے بل کی مد میں 10 ہزار جمع کروائیں تھے۔ لیکن اگلے ماہ کے بل میں یہ دس ہزار بل سے کاٹے نہیں گئے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 16)

امن وامان کی صورتحال گھمبیر ہوتی جارہی ہے، عمر خان ترین

پشتونخوامیپ تمام عوامی مسائل کے حل کے لیے صف آراء ہے

پشین (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے ضلعی صدر عمر خان ترین نے پارٹی کے ماہانہ ضلع ایگزیکٹیوز کے اجلاس کے بعد ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن وامان کی صورتحال گھمبیر ہوتی جارہی ہے، تمام نہاد جعلی حکومت کی رٹ سرکاری ملازمین کے پوسٹنگ، ٹرانسفر تک محدود ہو کر رہ گئی ہے، عوام کو چوروں، ڈاکوؤں، دہشت گرد (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

قلات میں کونسلران کی دو نشستوں پر ضمنی انتخابات کے انعقاد کیلئے انتخابی شیڈول کا اجراء کر دیا گیا

قلات (خ ن) الیکشن کمیشن بلوچستان کی جانب سے ضلع قلات میں کونسلران کی دو نشستوں پر ضمنی انتخابات کے انعقاد کے لئے انتخابی شیڈول کا اجراء کر دیا گیا ہے صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کی جانب ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 17)

صفائی کے انتظامات مزید بہتر بنائے گئے ہیں، سلیم خان ڈومکی

محرم الحرام کے دوران خصوصی صفائی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی سلیم خان ڈومکی نے کہا ہے کہ چیئرمین میونسپل کمیٹی میر صفدر خان عمرانی کے احکامات پر میونسپل کمیٹی کے عملے نے محرم الحرام کے ماتمی جلوسوں کے روٹس پر صفائی ستھرائی کا خصوصی آپریشن مکمل کر لیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ محرم الحرام کے تقدس اور عزاداروں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے میونسپل کمیٹی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

نویں اور دسویں محرم الحرام میں بجلی فراہمی کیلئے اقدامات، ایمرجنسی کنٹرول سینٹر قائم

امام بارگاہوں اور جلوس کے راستوں سے منسلک 11 kv فیڈرز لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار

نویں اور دسویں محرم الحرام میں کیسکو کے آپریشن سرکلز اور ڈویژن کی سطح پر بھی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے محرم الحرام کے ایام میں بجلی کی باقاعدہ اور مسلسل فراہمی کے لئے پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر (پی ڈی سی) کیسکو میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے جو چیف انجینئر کی نگرانی میں ایکسین، ایس ڈی او اور لائن اسٹاف پر مشتمل عملہ 24 گھنٹے 3 شفٹوں میں نویں اور دسویں محرم الحرام کے دوران بجلی کی مسلسل فراہمی کو مانیٹر کرنے اور بجلی کی صورتحال سے متعلق بھی کیسکو چیف کو آگاہ کرتا رہے گا۔ نویں اور دسویں محرم الحرام میں کیسکو کے آپریشن سرکلز اور ڈویژن کی سطح پر بھی کنٹرول رو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 15)

ڈرائیونگ لائسنس حزب ادارے کے پاس آنے سے ہمارے ڈرائیور حضرات کیلئے بڑی آسانی ہوئی، نور محمد شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی سیکرٹری اطلاعات حاجی روزی خان مندوخیل نائب صدر حاجی ظاہر شاہ یوسف زئی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 11)

خضدار میں اراضی کے تنازع نے سنگین صورتحال اختیار کر لیا

خضدار (آن لائن) خضدار پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رئیس زکریا تھوانی نے اپنے خاندان کے دیگر افراد کے ہمراہ کہا کہ ایک منظم قبضہ گروہ نے ان کی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 14)

ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت اجلاس

زرعی انکم ٹیکس (AIT) اور دیگر اہم ریونیو امور کے حوالے سے چھٹا جائزہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت زرعی انکم ٹیکس (AIT) اور دیگر اہم ریونیو امور کے حوالے سے چھٹا جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداروں، نائب تحصیلداروں، گرداوروں اور متعلقہ ریونیو افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران زرعی انکم ٹیکس کی تشخیص، وصولیوں کی موجودہ صورتحال، مقررہ مالی اہداف کے حصول، انتقالات (Mutations)، فردات کے اجراء (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 12)

جمہوری اور عوامی سیاست کی علمبردار جماعت ہے، زاہد اختر

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امراء زاہد اختر بلوچ، مولانا محمد عارف دمڑ، ضلع پنجگور کے ذمہ داران کیساتھ ایک اہم نشست کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات اندازوں سے زیادہ خراب عوام پریشان نوجوان پہاڑوں کی طرف جارہے ہیں حکمران کو بے عمل دعوؤں خالی خولی اعلانات سے فرصت نہیں۔ امن ترقی اور خوشحالی کیلئے بلوچستان کو حقوق دینے کیساتھ لاپتہ افراد کو بازیاب، طاقت کے بے دریغ استعمال سے گریز (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 13)

حق معلومات کا قانون عوام کو بااختیار بنانے اور حکومتی امور میں شفافیت لانے کا ایک موثر ذریعہ ہے، رحمت صالح بلوچ

جمہوری معاشروں میں معلومات تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتی ہے، نیشنل پارٹی

کمیشن کو مکمل خودمختاری دی جانی چاہیے اور کمشنرز کی تقرری سیاسی بنیادوں کی بجائے میرٹ پر ہونی چاہیے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) اراکین صوبائی اسمبلی سیاسی سماجی رہنماؤں نیشنل پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے اطلاعات میر رحمت صالح بلوچ، سینئر نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، بی این پی (عوامی) کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشان لبزی، انفارمیشن کمشنر بلوچستان عبدالشکور، ڈاکٹر فرخندہ اورنگزیب، اسفند یار بادینی، عادل جہانگیر نے کہا ہے کہ حق معلومات کا قانون عوام کو بااختیار (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

کوئٹہ محکمہ تعلیم، یونیسیف اور یورپی یونین کے زیر اہتمام بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کی اختتامی تقریب کے موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، سیکرٹری لعل جان جعفر، فیسٹم آصف، منیر احمد درویزئی، نور اللہ وطن دوست، عرفان اعوان، بلوشہ جلالزئی، اور دیگر طلباء وطالبات کی جانب سے لگائے گئے اسٹالوں کا معائنہ کر رہے ہیں

عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کو یقینی بنائیں گے، سربلند جوگیزئی

پیپلز پارٹی کی حکومت گلگت بلتستان میں حق حاکمیت اور حق ملکیت کو یقینی بنائے گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند جوگیزئی نے امجد حسین ایڈووکیٹ کو بلا مقابلہ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہ ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت گلگت بلتستان میں حق حاکمیت اور حق ملکیت کو یقینی بنائے گی اور وہاں ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز کرے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنایا جو پاکستان پیپلز پارٹی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

میر محمد بلال خان عمرانی نے عمرانی ہاؤس کے مقام پر ساتویں محرم الحرام کے موقع پر قائم سبیل کا دورہ کیا

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیر آباد و صدر پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن میر محمد بلال خان عمرانی نے عمرانی ہاؤس کے مقام پر ساتویں محرم الحرام کے موقع پر قائم سبیل کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میر محمد بلال خان عمرانی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

اے ڈی سی لورالائی اور اے سی کا بیوٹمز کالج لورالائی کا دورہ

عوامی خدمات کی فراہمی کا معیار مزید بہتر ہوگا، بات چیت

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) محمد اسماعیل مینگل اور اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے بیوٹمز کالج لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) مینجمنٹ پروگرام کے تحت ضلع لورالائی کے مختلف سرکاری محکموں کے سپورٹنگ اسٹاف کے لیے مجوزہ ایک ماہ پر مشتمل تربیتی کورس کے انتظامات، تدریسی سہولیات اور تکنیکی استعداد کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران کالج انتظامیہ نے وفد کو تربیتی پروگرام کے نصاب (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت اجلاس

سنی کونسل کے جلسے کیلئے خصوصی اور فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی زیر صدارت محرم الحرام کے انتظامات کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر آفس حب میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس پی حب مرزا حسین، اسسٹنٹ کمشنر حب مبہم خان کاکڑ، تحصیلدار حب محبوب چنال، ایف سی، کے الیکٹرک، انجمن تاجران، مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام، سماجی رہنماؤں اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن وامان، سیکیورٹی، طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، بجلی، پانی کی فراہمی اور دیگر شہری سہولیات کے حوالے سے تفصیلی جا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

ہرنائی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر و دیگر مرحوم ملک سلیمان مرغزانی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

ہرنائی (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ایس پی) ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے حاجی خان مرغزانی اور ماسٹر عبدالرشید مرغزانی کے چچا، مرحوم ملک سلیمان مرغزانی کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے مر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان کی زیر صدارت اجلاس

فنڈز کے موثر استعمال اور منصوبوں کی بروقت تکمیل کو ترجیح دی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بلوچستان بابر خان کی زیر صدارت ترقیاتی منصوبوں فنڈز کی فراہمی اور نئے منصوبوں کے ٹینڈرنگ عمل کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبے کے تمام چیف زونز کے چیف انجینئرز متعلقہ افسران چیف انجینئر فیڈرل پراجیکٹس اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی اجلاس کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت فنڈز کی دستیابی اور آئندہ مالی ضروریات کے حوالے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

پشتونخوامیپ کے عبدالحکیم خان کے جواں سال فرزند مدثر خان انتقال کر گئے

مرغہ ذکریازئی (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی علاقائی یونٹ مرغہ چمیان سے مربوط ابتدائی یونٹ حاجی عزیز لالا مرحوم مرغہ ذکریازئی کے سیکرٹری عبدالحکیم خان کے جوانسال فرزند مدثر خان انتقال کر گئے۔ مرحوم مدثر خان کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

اے ڈی سی لورالائی علی نواز بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل لورالائی علی نواز بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کی سہولیات کی فراہمی اور طبی اداروں کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد، میڈ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

ترقیاتی منصوبوں کیلئے مختص فنڈز عوام کی امانت ہیں، کمشنر لورالائی

تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور موثر نگرانی کے ذریعے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنائیں

لورالائی (خ ن) کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کی زیر صدارت ضلع دکی میں بلوچستان سوشیو اکنامک ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

صبح 6 بجے سے بندش، شہریوں کو مشکلات کا سامنا؛ موبائل سروس رات تک بحال ہونے کا امکان

کوئٹہ میں ساتویں محرم پر سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر موبائل فون سروس معطل

موبائل فون سروس رات تک معطل رہے گی، جس کے بعد صورتحال کا جائزہ لے کر بحالی کا فیصلہ کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ساتویں محرم کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کے تحت موبائل فون سروس معطل کر دی گئی، جس کے باعث شہریوں کو رابطوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ میں موبائل فون سروس کی بندش کا آغاز آج صبح 6 بجے سے ہوا، جس کے بعد شہر کے مختلف علاقوں میں صارفین کالز اور موبائل انٹرنیٹ سروس سے محروم ہو گئے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے معاو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

کوئٹہ، محرم الحرام کے سلسلے میں مسجد روڈ پر خانقاہ طارقیہ اور جہانگیریہ کی جانب سے لگائی گئی سبیل سے لوگ شربت پی رہے ہیں

پانی کی ترسیل کے نظام پر خصوصی توجہ دی جائے، مدثر ظفر

کاشتکاروں کو ان کے جائز حصے کا پانی فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں

نصیر آباد (خ ن) سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل نصیر آباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے کاشتکاروں کو ان کے جائز حصے کا پانی فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں اور گڈو بیراج سے پٹ فیڈر کینال میں مزید پانی کے حصول کو یقینی بنایا گیا ہے۔ گزشتہ روز صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمان بل (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

ڈیرہ مراد جمالی

والدین میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں تشویشناک حد تک اضافہ، تاجر برادری اور شہری شدید پریشان

والدین (آن لائن) والدین شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں خطرناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جس کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے ریٹرننگ آفیسرز سے حلف لیا

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد نے ریٹرننگ آفیسرز سے حلف لیا نصیر آباد: ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ورنیدر لعل نے ضلع میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں ریٹرننگ آفیسر اور اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسرز سے حلف لیا اس موقع پر اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر بھی موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر نے بطور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر خود بھی حلف اٹھایا ڈپٹی کمشنر ورنیدر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

رکنی پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز

بارکھان (خ ن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوہ سلیمان رینج محمد ایاز بلوچ اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایات پر رکنی پو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 36)

اسلام نے بیوہ خواتین کے خصوصی حقوق دیئے ڈاکٹر قاری عبدالرشید

صورت میں جدا ہوتیں تو میں اور وہ شخص جنت میں اس طرح ساتھ ہوں گے

اسلام نے خواتین کو حقوق کے ساتھ ساتھ بلند مقام بھی عطاء کیا ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرس البنات بلوچستان و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے مقامی ہوٹل میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 23 جون بیوہ خواتین کا دن ہے، یہ دن 2011 سے دنیا بھر میں موجود تقریباً 25 کروڑ بیوہ خواتین کو درپیش مشکلات جیسے غربت، امتیازی سلوک اور سماجی علیحدگی پر توجہ دینے پر زور دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 37)

پشین: نرسنگ کالج میں PEEF میسٹ چیکس ومیرٹ ایوارڈز کی تقریب

پشین (آن لائن) کالج آف نرسنگ پشین میں PEEF میسٹ سکالرشپ پروگرام کے تحت فائنل سمسٹر کے 17 طلبہ میں فی طالب علم Rs. 240,000 کے چیک تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں 4 سالہ بی ایس این ڈگری مکمل کرنے والے طلبہ کو میرٹ سرٹیفکیٹ، تعریفی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 38)

پیپلز پارٹی بلوچستان کی امجد حسین ایڈووکیٹ کو بلا مقابلہ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان منتخب ہونے پر مبارکباد

عوامی رائے کے احترام اور آئینی وادارہ جاتی استحکام کی ایک روشن مثال ہے، صوبائی رہنما حیات خان اچکزئی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی رہنما حیات خان اچکزئی نے امجد حسین ایڈووکیٹ کو بلا مقابلہ وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ امجد حسین ایڈووکیٹ کا انتخاب جمہوری عمل کے تسلسل، عوامی رائے کے احترام اور آئینی وادارہ جاتی استحکام کی ایک روشن مثال ہے، جس کے پیچھے پارٹی کی مرکزی قیادت کی دوراندیش سیاسی حکمت عملی کارفرما ہے۔ حیات خان اچکزئی نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری کی مفاہمانہ سیاست اور چیئرمین بلاول بھٹو زردا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 39)

ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں نیوٹریشن انٹرنیشنل کے زیر اہتمام آگاہی سیشن

لورالائی (آن لائن) ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں نیوٹریشن انٹرنیشنل کے زیر اہتمام آگاہی سیشن، فورٹیفائیڈ تیل، آٹے اور آیوڈائزڈ نمک کی اہمیت اجاگر کرنے کے سلسلے میں لورالائی میں لیڈی ہیلتھ سپروائزرز (LHSs) اور لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے لیے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 40)

کوئٹہ، محکمہ تعلیم، یونیسیف اور یورپی یونین کے زیر اہتمام بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کی اختتامی تقریب سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، سیکرٹری لعل جان جعفر، فیسٹم آصف، بلوشہ جلالزئی اور عبدالخالق اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com